تین ۔ میری شادی پندرہ اگست انیس سو اکیاسی کو ہوئی تھی ___ میری بیوی کا نام کلثوم ہے۔ وہ رشتے میں میری خالہ کی بیٹی ہے جو کراچی میں اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ رہتی ہے۔ کراچی میں ہمارے اور بھی رشتہ دار رہتے ہیں۔ کلثوم اور میں تقسیم ملک کے بہت بعد پیدا ہوئے تھے۔ وہ پاکستان سے یہاں آکر رہنا چاہتی تھی۔ پاکستان اس کا ملک تھا۔ میں ہندوستان چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا۔ ہندوستان میرا اور میرے پرکھوں کا ملک تھا ___ لیکن کلثوم کا دھیرے دھیرے یہاں جی لگ گیا ہے۔ وہ ایک اچھی بیوی ثابت ہوئی ہے ___ میرا بڑا لڑکا عاصم پانچ برس کا ہے اور چھوٹی لڑکی شہلا تین برس کی ہے۔ اتفاق سے وہ دونوں بھی پندرہ اگست ہی کے دن پیدا ہوئے تھے۔ دونوں بچے قریب کے ایک کرسچین اسکول میں پڑھنے جاتے ہیں۔ وہاں اچھی پڑھائی ہوتی ہے۔ اور انگریزی زبان میں تعلیم حاصل کرنے سے بچے بڑے

عارضہ ہو جاتے ہیں۔
میں جہاں ایک اخبار میں ملازم ہوں۔ اخبار نویسی میرا پسندیدہ پیشہ ہے۔ مجھا
ں میں خوب جی لگتا ہے۔ پچھلے دس برس سے یہ تیسرا اخبار کا دفتر ہے جہاں میں پچھلے تین برس سے
م کر رہا ہوں۔ میں نے پہلے تین اخباروں کی نوکریاں اس لئے چھوڑیں کہ مجھے اُن کی پالیسی سے
ختلاف ہو گیا تھا۔ مالکان کہتے کچھ تھے اور کرتے کچھ اور تھے۔ کئی بار وہ سیاست دانوں کے دباؤ
سے اگر کچھ ایسا لکھنے اور چھاپنے کو کہہ دیتے تھے جو اخبار کی پالیسی کے بالکل خلاف تھا۔
جیسا میں آج کل کام کر رہا ہوں اس کے سلسلے میں ایسا تو نہیں کہا جاسکتا کہ
میں وہاں پوری طرح مطمئن ہوں۔ مگر چونکہ اخبار چھوٹا ہے، اس پر زیادہ دباؤ نہیں۔ لہٰذا بات
مل اور ٹھیک طرح سے کہی جاسکتی ہے۔ ہمارے اخبار کو اشتہارات بھی زیادہ نہیں ملتے۔ کبھی کبھی
سی بڑی کمپنی کی اشتہار دینے کے سلسلے میں کچھ خاص شرائط ہوتی ہیں۔ انھیں پورا کرنے کے
لئے کچھ الم غلم چھپ جاتا ہے مگر یہ سب پارٹ آف دا گیم ہے ——— آج کل ہم سرکاری پارٹی
کی کھلے بازوں کے خلاف بہت کچھ لکھ رہے ہیں ——— ہمارے ملک میں اپوزیشن بالکل بٹی ہوئی
ہے۔ اس کے سامنے کوئی واضح پروگرام بھی نہیں ——— سچ پوچھئے تو ہم اخبار والے سرکاری
بدعنوانیوں کا پردہ فاش کر رہے ہیں۔ دشمن کا دشمن دوست والے فارمولے کے تحت اپوزیشن
پارٹیاں یہ سمجھتی ہیں کہ اخبار ان کے حق میں ہیں۔
آج اگست کی تیس تاریخ اور سنہ انیس سو ستاسی ہے۔ اتوار کا دن ہے اور میں
گھر میں بیٹھا چھٹی منا رہا ہوں۔ بچے بھی آج اسکول نہیں گئے۔ دوپہر کا کھانا کھا کر بچے اور کلثوم
ستا رہے ہیں۔ میں بیٹھا ابا جان کو خط لکھ رہا ہوں۔
ابا جان کی تشویش جائز ہے۔ میرا بڑا بھائی اشفاق اپنے بیوی بچوں کے ساتھ کراچی
میں رہتا ہے ——— اور ایک عرصے سے اس کا کوئی خط نہیں آیا۔ کراچی میں مہاجرین اور پٹھانوں
کے بیچ تصادم اور فساد کی خبریں اخباروں میں مسلسل چھپ رہی ہیں۔
ابا جان قیام پاکستان کے بہت بڑے حامی تھے۔ حصول پاکستان کی تحریک میں
انھوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا ——— لیکن جب بٹوارہ ہوا تو وہ دنگ رہ گئے۔ مدتوں بعد ہی
کہ پاکستان میں شامل نہیں کیا گیا تھا ——— یوپی کے مسلمانوں نے پاکستان کے حصول کے
[illegible] بڑی قربانیاں دی تھیں۔ مگر ان کا کوئی خیال ہی نہیں کیا گیا۔ [illegible] یوپی کے مسلمانوں [illegible]

تھی۔ کتابیں برسہابرس مختلف گھروں میں بھٹکتی رہی تھیں۔ اب جا کر یہ اس الماری میں یکجا ہوئی تھیں۔ یہی جو کمرہ تھا بیٹھک تھا، بیڈ روم بھی تھا۔ ٹیلی ویژن تھا کھانا وغیرہ بنانے کے لئے الگ تھا اور ایک داشتہ تھی۔ (داشتائیں اکثر بدلتی رہتی تھیں مگر یہ اسامی مستقل تھی۔) اس کا کام چل نکلا تھا۔ اس کے شو ریک میں کئی پرانے جوتے پڑے تھے جو معمولی مرمت اور پالش کا ایک بھرپور ہاتھ مارنے سے کام دے سکتے تھے۔ مگر وہ آئے دن نیا جوتا خرید لیتا تھا۔ اس کے گھر میں لوہے کی ایک الماری بھی تھی۔ جس میں وہ اپنے کپڑوں کے علاوہ روپے پیسے بھی رکھتا تھا۔ وہ گھر سے باہر جاتے وقت ان روپیوں میں سے چند روپے نکال کر جیب میں رکھ لیتا تھا اور باقی روپیوں کو احتیاط سے چور خانے میں چھپا دیتا تھا۔ میں نے کئی بار سوچا الماری کی چابی تو اس کے پاس رہتی ہے۔ پھر وہ روپے کس سے چھپاتا ہے۔ شاید اپنے آپ سے۔

پھر ہم سب اُٹھے۔ میرے بہت ہی قریبی دوست کو اپنے کام کاج کے سلسلے میں کہیں جانا تھا ـــــ اس نے اُس سے کہا ـــــ "اچھا تو اکبر صاحب اب چلتے ہیں"

وہ اپنی داڑھی کے بالوں میں انگلیاں پھراتا ہوا مسکرایا اور پھر دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ میں اور میرا بہت ہی قریبی دوست اس کے پیچھے پیچھے نکلے ـــــ دروازے تک پہنچ کر میرے بہت ہی قریبی دوست نے اپنے ملازم کو ہدایات دیں کہ اگر کہیں سے فون آجائے تو اُسے کیا کہنا ہے.....

تین ــ میری شادی پندرہ اگست انیس سو اکیاسی کو ہوئی تھی ـــــ میری بیوی کا نام کلثوم ہے۔ وہ رشتے میں میری خالہ کی بیٹی ہے جو کراچی میں اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ رہتی ہے۔ کراچی میں ہمارے اور بھی رشتہ دار رہتے ہیں۔ کلثوم اور میں تقسیم ملک کے بہت بعد پیدا ہوئے تھے۔ وہ پاکستان سے یہاں آکر رہنا چاہتی تھی۔ پاکستان اس کا ملک تھا۔ میں ہندوستان چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا۔ ہندوستان میرا اور میرے پرکھوں کا ملک تھا ـــــ لیکن کلثوم کا جی دھیرے دھیرے یہاں بھی لگ گیا ہے۔ وہ ایک اچھی بیوی ثابت ہوئی ہے ـــــ میرا بیٹا شاہد ندیم پانچ برس کا ہے اور چھوٹی لڑکی شہلا تین برس کی ہے۔ اتفاق سے وہ دونوں کم پندرہ اگست ہی کے دن پیدا ہوئے تھے۔ دونوں بچے قریب کے ایک کرسچین اسکول میں پڑھنے جاتے ہیں۔ وہاں اچھی پڑھائی ہوتی ہے۔ اور وہ انگریزی زبان میں تعلیم حاصل کرنے سے بچے پڑے۔

اسمارٹ ہو جاتے ہیں۔

میں یہاں ایک اخبار میں ملازم ہوں۔ اخبار نویسی میرا پسندیدہ پیشہ ہے۔ میرا اس میں خوب جی لگتا ہے۔ پچھلے دس برس میں یہ چوتھا اخبار کا دفتر ہے جہاں میں پچھلے تین برس سے کام کر رہا ہوں۔ میں نے پہلے تین اخباروں کی نوکریاں اس لئے چھوڑیں کہ مجھے اُن کی پالیسی سے اختلاف ہو گیا تھا۔ مالکان کہتے کچھ تھے اور کرتے کچھ اور تھے۔ کئی بار وہ سیاست والوں کے دباؤ میں آکر کچھ ایسا لکھنے اور چھاپنے کو کہہ دیتے تھے جو اخبار کی پالیسی کے بالکل خلاف تھا۔

جیسا میں آج کل کام کر رہا ہوں اس کے سلسلے میں ایسا تو نہیں کہا جاسکتا کہ میں وہاں پوری طرح مطمئن ہوں۔ مگر چونکہ اخبار چھوٹا ہے، اس پر زیادہ دباؤ نہیں۔ لہٰذا بات کھل کر اور ٹھیک طرح سے کہی جا سکتی ہے۔ ہمارے اخبار کو اشتہارات بھی زیادہ نہیں ملتے۔ کبھی کبھی کسی بڑی کمپنی کی اشتہار دینے کے سلسلے میں کچھ خاص شرائط ہوتی ہیں۔ انھیں پورا کرنے کے لئے کچھ الم غلم چھپ جاتا ہے مگر یہ سب پارٹ آف دا گیم ہے ــــــ آج کل ہم سرکاری پارٹی کی گھپلے بازیوں کے خلاف بہت کچھ لکھ رہے ہیں ــــــ ہمارے ملک میں اپوزیشن بالکل بٹی ہوئی ہے۔ اس کے سامنے کوئی واضح پروگرام بھی نہیں ـــــ سچ پوچھئے تو ہم اخبار والے سرکاری بد دیانتیوں کا پردہ فاش کر رہے ہیں۔ دشمن کا دشمن دوست والے فارمولے کے تحت اپوزیشن پارٹیاں یہ سمجھتی ہیں کہ اخبار ان کے حق میں ہیں۔

آج اگست کی تیس تاریخ اور سنہ انیس سو ستاسی ہے۔ اتوار کا دن ہے اور میں گھر میں بیٹھا چھٹی منا رہا ہوں۔ بچے بھی آج اسکول نہیں گئے۔ دوپہر کا کھانا کھا کر بچے اور کلثوم ستا رہے ہیں۔ میں بیٹھا ابا جان کو خط لکھ رہا ہوں۔

ابا جان کی تشویش جائز ہے۔ میرا بڑا بھائی اشفاق اپنے بیوی بچوں کے ساتھ کراچی میں رہتا ہے ــــــ اور ایک عرصہ سے اس کا کوئی خط نہیں آیا۔ کراچی میں مہاجرین اور پٹھانوں کے بیچ تصادم اور فساد کی خبریں اخباروں میں روز چھپ رہی ہیں۔

ابا جان قیام پاکستان کے بہت بڑے حامی تھے۔ حصول پاکستان کی تحریک میں انھوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا ــــــ لیکن جب بٹوارہ ہوا تو وہ دنگ رہ گئے۔ صوبجات متحدہ کو پاکستان میں شامل نہیں کیا گیا تھا ــــــ یوپی کے مسلمانوں نے پاکستان کے حصول کے لئے سردھڑ کی بازی لگادی تھی۔ مگر ان کا کوئی خیال ہی نہیں کیا گیا۔ مجبوراً یوپی کے مسلمانوں نے ہجرت

کرنے کی مخالف۔ مگر والد صاحب ہجرت کرنے کے حق میں بالکل نہ تھے۔ ان کا کہنا تھا پاکستان میں رہنے کے شوق میں وہ اپنے پرکھوں کی زمین سے الگ نہیں ہوں گے۔ وہ یہاں کی گنگا جمنی تہذیب کے دلدادہ ہیں۔ اس تہذیب سے علاحدہ کیسے تو رہا جا سکتا ہے۔ پاکستان میں غیر مسلم نہیں رہیں گے۔ یہ تو ابا جان نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا ــــــ گلی محلہ اڑوس پڑوس اسی طرح رہے گا۔ بیٹے سے ان کا لین دین ویسے ہی رہے گا۔ غیر مسلم کی عزت آبرو اور جائداد کی پوری طرح حفاظت ہو گی مسلمان صحیح معنی میں اسلام کے دکھائے ہوئے راستے پہ چلے گا۔ بیوپار میں ترقی کرے گا اور اس کا ملک دنیا میں ایک درخشندہ ستارہ ہو گا۔ یہ تھا ابا جان کے تصور کا پاکستان۔ لیکن وہاں تو فسادات کی آگ بھڑک اٹھی تھی۔ کسی کا جان و مال محفوظ نہ تھا ــــــ ہمارے سب رشتہ دار ایک ایک کر کے پاکستان جا رہے تھے ــــــ مگر ابا جان ٹس سے مس ہونے کو تیار نہ تھے۔ ہمارے محلے کے تمام مکان جل کر راکھ ہو گئے تھے۔ مگر ہمارا مکان محفوظ تھا۔ آگ ساتھ والے خالی مکان تک پہنچ کر دم توڑ جاتی تھی ــــــ ابا جان کہتے ــــــ "دیکھا یہ ہے میرے مولا کی قدرت ــــــ ایمان والوں کی وہ خود ہاتھ دے کر حفاظت کرتا ہے۔"

کراچی کے فسادات کا ذکر تھا۔ فسادات تو یہاں بھی ہوتے ہیں۔ ابھی پچھلے دنوں میرٹھ میں جو ہوا کیا وہ کم شرمناک تھا ــــــ ہم نے کئی بار بیٹھ کر ملک میں آئے دن ہونے والے فسادات کا جائزہ لیا ہے اور اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے ذہنوں میں دو متضاد باتیں پل رہی ہیں۔ ہندو یہ سمجھتا ہے کہ جب مسلمانوں کو پاکستان مل چکا ہے تو پھر اس ملک سے اس کا کیا واسطہ اگر یہاں رہنا ہی ہے تو ہر رد کی سرکمی مل جاتی ہے۔ اسی پر اکتفا کرنا چاہیئے۔

مسلمان، کہتا ہے کہ مہاتما گاندھی اور جواہر لال نہرو نے مسلمانوں کو یہاں رہنے اور ہندوستان کو اپنا ملک سمجھنے کی تلقین کی تھی۔ اس کی جان و مال، مذہب اور تہذیب کی حفاظت کی ذمہ داری کی گارنٹی لی تھی۔ اس کا اس ملک پر یہاں کی معاشیات پر اور خوش حالی کے مواقع پر اتنا ہی حق ہے جتنا کسی اور کا ــــــ وہ یہاں اپنی آن بان اور شان و شوکت کے ساتھ رہنا چاہتا ہے اسے کسی کی مہربانی کی کیا ضرورت ــــــ ہم ایک دوسرے کے جذبے کا احترام نہیں کر رہے ہیں اور مذہب ہمیں ایک دوسرے سے دور لے جا رہا ہے۔

سوچ رہا ہوں ابا جان کو کیا لکھوں ــــــ؟ جب کراچی سے پھوپھی جان اشفاق کے لیے رشتہ لے کر آئیں تو ابا جان کو رشتے پر اعتراض نہ تھا۔ اشفاق کے پاکستان جا کر بھی جا

کے ساتھ رہنے پر اعتراض تھا۔ وہ اپنے بچوں کو اپنی آنکھ سے اوجھل نہیں کرنا چاہتے تھے ــــــ خالہ جان نے بھی زور دیا تھا کہ میں شادی کے بعد کلثوم کے ساتھ کراچی میں رہوں ــــــ مگر ابا جان بالکل راضی نہ ہوئے تھے۔ انہوں نے صاف کہہ دیا تھا۔

"میرے ایک بچے کو مجھ سے چھین لیا تم لوگوں نے۔ اب دوسری آنکھ کا تارا بھی چھیننا چاہتے ہو۔"

ابا جان بھبک کر رونے لگے تھے۔ میں نے زندگی میں ابا جان کو بس ایک ہی بار روتے دیکھا تھا۔ مگر اُن کے رونے کے پیچھے صرف بیٹے کی جدائی نہ تھی۔ ایسا مجھے محسوس ہوا تھا جیسے لگتا تھا جیسے اُن کے اندر ایک ایسے آدمی کا دکھ ہو ــــــ جس کے آنگن میں لگا ہوا ہرا درخت سوکھ گیا ہو۔

پھوپھی جان کا وہاں کافی پھیلا ہوا کاروبار تھا اور نسیمہ اُن کی اکلوتی بیٹی تھی۔ اُن کو واقعی بھائی اشفاق کی سخت ضرورت تھی۔ مگر خالہ جان کے ساتھ تو ایسی کوئی بات نہ تھی۔ اور پھر میں بھی ہندوستان چھوڑ کر کہیں جانا چاہتا تھا۔ یہاں کی زندگی میں میں رچ بس گیا تھا ــــــ میں یہ سب سوچ رہا تھا۔ میں نے اپنے سامنے رکھے پیڈ کے کاغذ پر ایک لفظ بھی نہ لکھا تھا کہ دروازے پر ہمارے پڑوسی روشن لال جی کے بچے آکر کھڑے ہو گئے۔ راجیش اور سینہا میرے ہی بچوں کے ہم عمر تھے۔ گو وہ پندرہ اگست کو پیدا نہیں ہوئے تھے۔

"ندیم اور شہلا ہیں انکل ــــــ؟" دونوں نے سوال کیا۔

"ہاں بیٹا ــــــ اندر ہیں، شاید سو رہے ہیں" میں نے جواب دیا۔

دونوں سیدھے اندر والے کمرے کی طرف چلے گئے۔ وہ میرے بچوں کے ساتھ کھیلنے کے لئے آئے تھے۔ روشن لال جی کے بچے بھی کرسچین اسکول میں میرے بچوں کے ساتھ ہی پڑھتے ہیں۔ پھر اندر سے چاروں بچوں کی آپس میں باتیں کرنے کی آوازیں آنے لگیں۔

میں نے پیڈ ایک طرف اُٹھا کر رکھ دیا۔ مجھ سے کچھ لکھا نہیں جا رہا تھا ــــــ ابا جان کا اُترا ہوا چہرہ میری آنکھوں کے سامنے گھومنے لگا تھا ــــــ اور گھر کے آنگن میں اماں جی بیٹھی اُن کے لئے چولھے پر کھانا بناتی نظر آئیں ــــــ چولھے میں حسبِ معمول لکڑیاں جل رہی تھیں۔ دھواں گھٹ رہا تھا۔ اور اماں جی کی آنکھیں سرخ تھیں۔

میں آنکھوں پر دونوں ہاتھ رکھ کر لیٹ گیا۔ جلدی ہی مجھے نیند آگئی۔ خواب میں بھی

ہی منظر اُبھرتے تھے جو ہم اپنے ارد گرد کھلی آنکھ سے دیکھا کرتے ہیں۔

چار خواب میں نظر آنے والے مناظر اور واقعات کی رفتار اصل زندگی میں ہونے والے واقعات کی رفتار سے دھیمی ہوتی ہے۔ وہ منظر زیادہ دیر نظر کے سامنے رہتا ہے مگر پھر بھی واضح نہیں ہوتا، کیوں کہ ہم اس منظر کو آنکھ سے نہیں ذہن کی کسی حس سے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ اسی کیفیت میں مجھے احساس ہوا کہ کوئی کمرے میں آکر میرے سامنے والے پلنگ پر بیٹھ گیا ہے ـــــ اس کے جسم سے نکلنے والی لہریں اور سانسوں کا ارتعاش سارے ماحول میں پھیل اور سکڑ رہا تھا۔ میں نے اچانک آنکھ کھول دی۔ سامنے اکبر بیٹھا تھا ـــــ وہ حسب معمول خاموش تھا اور مسکرا رہا تھا جیسے ہی میں اُٹھ کر بیٹھا اس کے ہونٹوں کے درمیان کی لکیر اور پھیل گئی۔

میں حیران ہو گیا ـــــ میرا اُس سے تعارف ہی نہیں ہوا تھا۔ وہ میرے گھر کیسے پہنچ گیا؟ ـــــ اسے میرا ایڈریس کیوں کر معلوم ہوا؟

میری سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں اس کا استقبال کس قسم کے تاثرات ظاہر کر کے کروں، کہ اچانک وہ بولا ـــ "میرے آنے پر حیرانی ہو رہی ہے؟"

"نہیں ـــ وہ آپ اُس دن، آپ سے ملاقات ہوئی تھی۔ در اصل وسیم میرا بہت قریبی دوست ہے،" میں نے یوں ہی کہہ دیا ـــ بعد میں اپنے جملے پر خود ہی حیران ہوا کہ کتنا بے معنی جملہ کہا تھا میں نے۔

وہ ہلکا سا قہقہہ لگا کر ہنسا۔ جس کے ہزاروں مطلب ہو سکتے تھے ـــ وہ میری اور وسیم کی دوستی پر خوشی کا اظہار بھی ہو سکتا تھا اور ایسا تاثر بھی کہ کمال ہے وسیم تمہارا دوست ہے۔ بھلا وہ بھی کسی کا دوست ہو سکتا ہے ـــ اچانک میرے کانوں میں اس کی وہ آواز گونجی تھی ـــ جس آواز میں اس نے مجھ سے پوچھا تھا کہ کیا میں اس کے آنے پر حیران ہوں۔؟

وہ آواز مجھے جانی پہچانی سی لگی ـــ حالاں کہ اس روز بھی وہ وہاں بالکل خاموش بیٹھا رہا تھا۔ ایک لفظ بھی اس نے اپنے منھ سے نہیں کہا تھا۔

میں نے اس کے چہرے پر غور سے دیکھنا شروع کیا ـــ پھر اچانک پوچھا۔

"آپ کو میرا گھر کیسے معلوم ہوا۔؟"

"جانتا تھا میں ـــــ پہلے سے جانتا تھا ـــــ مگر کیا پہلی بار ہوں۔ مجھے آپ سے ایک بہت ہی ضروری کام ہے" اُس نے کہا۔

"فرمایئے" میں نے سوچا شاید وہ مجھ سے کچھ پیسے مانگنے آیا ہے۔

"کچھ پیسے چاہئیں۔؟" میں نے پوچھا۔

وہ مسکرایا ـــــ پھر اُس نے اپنے دونوں ہاتھ کھول کر فضا میں ڈمروؤں کی طرح بلائیے

"میری جیب ہی کہاں ہے، جہاں میں پیسے رکھوں گا" اس نے کہا ـــــ اور مجھے احساس ہوا ـــــ کے میرے سامنے ایک ایسا آدمی بیٹھا تھا ـــــ جس کی کوئی جیب ہی نہیں، جہاں پیسے رکھے جا سکتے تھے۔ میں آپ ہی آپ شرمندہ ہوا۔

"تو پھر بتایئے کیا کام ہے۔؟" میں نے اپنی حیرانی چھپاتے ہوئے پوچھا۔

"میں آپ کو ایک درخت دکھانا چاہتا ہوں" اس نے کہا۔

"درخت ـــــ؟" میری حیرانی اور بڑھ گئی ....

پانچ

سید حارثہ نے اس روز بہت پی رکھی تھی۔

جیسے ہی میں نے پریس کلب میں قدم رکھا، اس نے مجھے ہاتھ اٹھا کر پکارا۔

"ہائی بڈی ـــــ کم، یو آر ویل کم۔"

میں نہ چاہنے کے باوجود اس کی سمت بڑھا۔ وہ ایک کونے میں بیٹھا کیلا پی رہا تھا۔ اکثر وہ اکیلا ہی بیٹھا پیتا رہتا تھا۔ کوئی اس کے پاس بیٹھنا پسند نہیں کرتا تھا، کہ وہ شراب پی کر بپھر جاتا تھا اور جھگڑا کرنے میں ایک منٹ لگاتا تھا۔

سید حارثہ پریس کلب میں ہر روز ساڑھے پانچ بجے آجاتا تھا۔ تب ویٹر میزیں لگا رہے ہوتے تھے ـــــ اور گلاس چمکا رہے ہوتے تھے۔ وہ سب سے پہلے چار کا آرڈر دیتا ـــــ کوئی بھی ویٹر اپنا پہلا آرڈر چار کا دینا چاہتا تھا۔ وہ اسے پنوتی سمجھتے تھے ـــــ مگر کیا کیا جا سکتا تھا سید حارثہ کے پاس پریس کلب کا کارڈ تھا ـــــ گو وہ آج کل کسی اخبار میں کام نہیں کرتا تھا، مگر جب کام کرتا تھا تو اس نے یہ کارڈ بنوا رکھا تھا۔ جب اخبار کی نوکری چھوڑی تو فری لانسر ہو گیا مگر کارڈ ہولڈر بدستور رہا۔ وہ اسی مخصوص ٹیبل پر بیٹھا کرتا تھا ـــــ قاعدے کے خلاف ویٹرز نے یہ قاعدہ بنا لیا کہ وہ ٹیبل مختلف ویٹرز کو ملتا رہے ـــــ تاکہ کسی ایک کو سید حارثہ

رہو یت کرنے کی لگاتار تکلیف دُ اُٹھا بیٹھے۔

میں نے سوچا تھا۔ اُس سے دو ایک منٹ اِدھر اُدھر کی مار کر اُٹھ جاؤں گا کوئی
بہانہ بنا دوں گا ___ اُدھر جا کر بیٹھ جاؤں گا۔ میں اُس کے قریب گیا۔
"کہئے سرکار کیسے مزاج ہیں؟" میں نے رسنا کیا۔ ایک سرد آہ کھینچی اور کرسی کے
گھسیٹ کر بیٹھ گیا۔

سدھارتھ نے میرے چہرے کو بغور دیکھا۔ پھر دیکھتا ہی رہا۔ اچانک اُس کے چہرے
کی جھلیاں پھڑکنے لگیں ___ ایسے لگا جیسے مسکرانے کے تاثرات اس کے چہرے پر اُبھرے ہیں۔
پھر اچانک تاثرات بدل گئے اور اُس کی آنکھوں سے موٹے موٹے آنسو ڈھلک کر اس کے
رخساروں پر بہہ نکلے۔

"ارے ارے کیا بات ہے بھائی خیریت تو ہے؟" میں نے گھبرا کر پوچھا۔
"پہلے یہ وعدہ کرو کہ تم مجھے اکیلا چھوڑ کر نہیں جاؤ گے؟" اُس نے التجا کی۔
"نہیں نہیں، میں یہاں ہوں تمہارے پاس" میں نے جواب دیا۔
اس نے ویٹر کو بلایا اور میرے لئے ڈرنک کا آرڈر دیا۔
میں سوچنے لگا ___ سدھارتھ کو میں کب سے جانتا ہوں۔؟ برسہا برس سے۔

میں نے اپنے آپ کو جواب دیا۔

جب میں نیا نیا راجدھانی میں آیا تھا۔ اور اخبار میں پہلی نوکری کی تھی۔ تو میں
ایک عرصہ تک پریس کلب کا ممبر بن سکا تھا۔ اپرنٹس تھا۔ تنخواہ اتنی نہ تھی کہ ابا جان کو کچھ بھیجنے
کے بعد پریس کلب کا چندہ ادا کر سکتا۔ پھر اچانک ہماری یونین اپیلائیمنٹ کورٹ میں بونس کا
کیس جیت گئی اور دیوالی کے تیوہار کے موقع پر سب کو تین تین مہینے کی تنخواہ اکٹھی ملی ___ میں نے
کلب کا فارم بھرا اب اس پر دو سینئر ممبرز کے دستخط ضروری تھے، جو میرے کنڈکٹس کی ذمہ داری
لیں ___ ان دو میں سے ایک دستخط سدھارتھ کے تھے اور دوسرے آدمی کے دستخطوں کے لئے
اسی نے ایک سینئر ممبر کو پکار کر کہا تھا۔

"ورما ___ یہ بچے کے فارم پر انٹروڈکشن دے دو" سدھارتھ نے اپنا قلم اپنی
بش شرٹ کی جیب میں لگایا اور میں ورما کے پاس گیا ___ اس نے بغیر کسی حیل و حجت کے
کچھ پوچھے بغیر میرے ممبر شپ فارم پر دستخط کر دیئے۔

اس دن کے بعد میں نے کلب میں آ کر سدھارتھ کے ساتھ بیٹھنا شروع کر دیا ـ
مجھے حیرانی اس بات کی ہوئی کہ سوائے میرے اس کے پاس کوئی اور نہیں بیٹھتا تھا ـ بلکہ مجھے بھی لوگوں نے مشکوک نظروں سے دیکھنا شروع کر دیا ـ میں حیران ہوا ـ پھر ایک دن میں نے ایک لونیک سے وجہ معلوم کرنا چاہی تو وہ مسکرا کر ٹال گیا ـ جب میں نے بار بار زور دے کر وجہ جاننے کی کوشش کی تو اس نے بتایا ـ کہ سدھارتھ پاکستانی ایجنٹ ہے ـ
مجھ پر تو گویا سکتہ طاری ہو گیا ـ
میں مسلمان ہوں ـــــ میرا نام شاہد عزیز ہاشمی ہے ـ میرے والد عبدالعزیز ہاشمی لکھنؤ کے قریب یوپی کے ایک گاؤں میں ایک چھوٹے موٹے زمیندار ہیں ـ میرے خاندان کے بہت سے افراد پاکستان ہجرت کر گئے ہیں ـ یہاں میرے والد اپنے عجیب الطرفین ہونے کی عزت آموں کا ایک باغ، کاشت کے قابل تھوڑی سی زمین، اپنے آبا کی ایک کشادہ حویلی اور میری اماں جی کے ساتھ رہتے ہیں ـــــ اور میں ان کا بیٹا ـــــ نئی دلی جو کہ ہمارے ملک ہندوستان کی راجدھانی ہے ـــــ میں ایک انگریزی روزنامہ اخبار میں سب ایڈیٹر ہوں ـــــ میں کسی بھی طرح ایک ایسے آدمی کے ساتھ راہ و رسم نہیں رکھ سکتا ـــــ جس پر پاکستانی ایجنٹ ہونے کا شبہ ہو ـ

مگر یہ شروع شروع کی بات ہے ـــــ اس بات کو کئی برس بیت چکے ہیں ـ میرا وہ نیک جس نے مجھے یہ سب بتایا تھا ـ اب بمبئی کے ایک انگریزی ایوننگ نیوز پیپر کا ڈپٹی چیف ایڈیٹر ہے ـ

اب جو لوگ سدھارتھ سے دور بھاگتے ہیں ـ تو اس کی وجہ اس کا چڑچڑاپن ہے ـ
سدھارتھ دن بھر کہاں رہتا ہے ـــــ کبھی کسی نے جاننے کی کوشش نہیں کی ـ وہ ٹھیک ٹھیک ساڑھے گیارہ بجے کافی ہاؤس پہنچ جاتا ہے ـ اس وقت وہ انتہائی تروتازہ لگتا ہے ـ وہاں پاٹ میں کریم کافی پیتا ہے ـ چیز سینڈوچز کھاتا ہے اور کسی نہ کسی میگزین کی ورق گردانی کرتا ہے ـ ڈیڑھ بجے وہ کناٹ پیلس کے کسی ڈھابے میں کھانا کھاتا ہے ـــــ اپنی کار میں بیٹھ کر دلی کی کسی ویران سڑک کے کنارے کار کھڑی کر کے ـــــ اپنی کار کی پچھلی سیٹ پر سو جاتا ہے ٹھیک دس بجے بیدار ہوتا ہے اور سیدھا پریس کلب پہنچ جاتا ہے ـــــ وہاں ساڑھے پانچ بجے تک ڈٹ کر پیتا ہے اور باتھ روم جا کر پھر تروتازہ ہو کر باہر نکلتا ہے ـــــ تب وہ شراب

پیا شور مچا رکھا ہے۔ ساڑھے دس بجے تک شراب پیتا ہے۔ کھانا کھاتا ہے ــ اپنا بل ادا کرتا ہے اور دو ڈالر کا نوٹ بیرے کو ٹپ دے کر اپنی کار میں بیٹھ کر اپنے گھر چلا جاتا ہے .....

چھ

اندھیرا بہت تھا اور میں الجھی کے ساتھ آہستہ آہستہ چلا جا رہا تھا ــــ ہم دونوں ایسے خاموش تھے جیسے کہ دم سادھ رکھا ہو ــــ اچانک مجھے احساس ہوا کہ ہم دونوں تاریخ اور جغرافیائی حدود پار کر گئے ہیں۔ اور وقت خشک ریت کی طرح ہمارے ہاتھوں سے پھسل گیا ہے۔

وہ کون سی جگہ تھی ــــ اور کیا وقت تھا، اس کا احساس بالکل نہ رہا تھا۔

کافی دیر کے بعد یعنی کئی یگ بیت جانے کے بعد ہم ایک جگہ پہنچے۔ ساتوں سمندر ہم نے پار کر لئے تھے ــــ اور سامنے ایک لق و دق صحرا تھا۔ اور دُور دُور تک اندھیرا پھیلا ہوا تھا۔

اچانک چند سوروں کے رونے کی آواز سنائی دی اور پھر بڑے بڑے پروں کی پھڑ پھڑاہٹ کی خوف زدہ کر دینے والی آواز ــــ ایسے لگا جیسے کسی نے کندھا پکڑ کر میرے جسم کا رُخ موڑ دیا ہے۔ اور سامنے ایک گھنا درخت تھا۔ جس کے ہر پتے سے روشنی پھوٹی پڑ رہی تھی

سات

سدھارتھ پہلے کتنی پی چکا تھا، اس کا مجھے علم نہیں، لیکن میرے ساتھ اس نے چار پیگ پئے تھے۔ اگر آپ چار پیگ گھر پر اکیلے بیٹھ کر پئیں تو کچھ بہت ہو گیا اور اگر کسی بار میں یا کلب میں آپ کسی دوست کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ تو بھی کم نہیں ہوتے۔

میں نے کہا ــــ "سدھارتھ صاحب! لگتا ہے آپ مجھ سے کچھ کہنا چاہتے ہیں"

"ہاں" ــــ اس نے گلاس میں سے گھونٹ بھرا اور مختصر جواب دیا ــــ پھر خاموشی چھا گئی۔ گہری خاموشی۔ شراب کے نشے کی وجہ سے مجھ میں اور سدھارتھ میں فاصلہ بڑھ گیا۔ ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے اس نے کچھ کہا ہے۔ مگر میں سن نہیں پایا ہوں۔ ساڑھے دس بج گئے ہم دونوں نے مل کر کھانا کھایا اور اٹھے ــــ پریس کلب کے باہر پہنچ کر وہی روز مرہ کا مسئلہ آ کھڑا ہوا۔ یعنی اسکوٹر ــــ دُور دُور تک کوئی اسکوٹر دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

"میں تمہیں گھر چھوڑ دوں گا" سدھارتھ نے لڑکھڑاتی ہوئی آواز میں کہا۔ ہم دونوں اس کی کار میں بیٹھ گئے۔ اس نے کار اسٹارٹ کی ــــ کار نئی دہلی کی جگمگاتی سڑکوں پر بھاگتی رہی مجھے لگا سدھارتھ اپنی بات کہنے کی کوشش کر رہا ہے۔

"ہم کہاں جا رہے ہیں سدھارتھ؟" میں نے فکرمندی سے پوچھا۔

"کہیں بھی نہیں" اس نے جواب دیا۔

"گھر جانا ہے بھائی" میں نے اُسے سمجھاتے ہوئے کہا۔

"اور ہاں گھر ـــ پہلے ہم تمہارے گھر چلیں گے۔ میں تمہیں وہاں چھوڑ دوں گا
میں جانتا ہوں تم راما کرشنا پورم رہتے ہو"

"مگر تم ادھر کدھر جا رہے ہو؟"

"میں پہلے نروان پر بات کرنا چاہتا ہوں"

"میں کچھ سمجھا نہیں"

"بُدھ نے کئی ہزار جنم لئے تھے۔ میں تمہیں اس کے ایک جنم کی کتھا سنانا چاہتا ہوں" سدھارتھ نے کہا اور کار ایک ویران سڑک کے بائیں کنارے روک دی۔ رات کا وقت تھا۔ اندھیرا بھائیں بھائیں کر رہا تھا اور درخت سائیں سائیں کر رہے تھے......

آٹھ

کپل وستو ـــ کپل وستو ـــ میں نے پلٹ کر دیکھا۔

کپل وستو ایکا ایکی زمین میں دھنس گیا تھا ـــ یہ ان دنوں کی بات ہے جب میں نیوز کارنیکل میں کام کرتا تھا ـــ میں اسٹاف رپورٹر تھا۔ میری بیوی سونیا بزنس مینجمنٹ کی ڈپلوما ہولڈر تھی ـــ شادی کے بعد وہ نوکری کرنے کی خواہش مند تھی۔ مگر پہلا بچہ ٹھیک دس مہینے کے بعد پیدا ہو گیا۔ بہت پیارا بچہ تھا ـــ ہم دونوں بچے کے عشق میں مبتلا ہو گئے اس کی دیکھ بھال ٹھیک سے ہو سکے۔ لہٰذا اس نے نوکری کرنے کا ارادہ ترک کر دیا ـــ گھر کے اخراجات بڑھ گئے تھے اور صرف میری تنخواہ سے گذر بسر مشکل ہو گیا ـــ پھر بھی جیسے تیسے ہم زندگی کی گاڑی گھسیٹ رہے تھے۔ اس دوران سونیا کا شادی سے پہلے کا بینک بیلنس ختم ہو گیا۔ پھر اس نے ایک ایک کر کے اپنے زیور بیچنے شروع کر دیئے۔ یہ سب وہ مجھے بتائے بغیر کر رہی تھی۔ اچانک گھر میں آرٹی فیشیل جیولری نظر آنے لگی مگر اسے سونیا کا شوق سمجھ کر نظر انداز کر گیا ـــ آخر ایک دن یہ راز کھلا۔ تب تک ڈیڑھ برس کا عرصہ ہو چکا تھا۔ مجھے سونیا کے زیور بکنے کا بہت افسوس ہوا ـــ لیکن اب کیا کیا جا سکتا تھا ـــ نیا نیا گھر بنایا تھا۔ شادی سے پہلے تنہا رہنے کی عادی زندگی گذار رہا تھا۔ بے سروسامانی کا عالم تھا ـــ سونیا چاہتی تھی کہ گھر سیٹ

جہیز وغیرہ لینے کی سب چیزیں ممنوع ہوں۔ شادی کے موقع پر میں نے سونیا کے والدین سے کسی قسم کا جہیز لینے سے انکار کر دیا تھا ـــــ سارا جہیز بہو دلہن کا آن پڑا تھا ـــــ لہٰذا ہم دونوں نے تب یہ فیصلہ کیا کہ سونیا کو کہیں نوکری کر لینی چاہیئے۔ میں اور سونیا مناسب جاب کی تلاش میں تھے ـــــ تنخواہ کے علاوہ کچھ ہو سکتی تھی۔

اچانک میری ملاقات ڈیبی روبن سے ہو گئی۔

کناٹ پیلس میں واقع ریسٹورنٹ میں صبح گیارہ بجے ایک جام سیشن لگتا ہے۔ کئی کمپنیوں کے ایجنٹ کمپنیوں والے اور وہ لوگ جن کے بغیر کام کئے مقررہ آمدنی ہے۔ وہ اس وقت وہاں جمع ہو کر بیٹھتے ہیں۔ امیر گھرانوں کی عورتیں جو کناٹ پیلس میں شاپنگ کرنے آتی ہیں وہ بھی وہاں ناشتہ کرتی ہیں ـــــ میں دفتر کے کام کے سلسلہ میں ایک روز وہاں گیا تھا۔ وہاں ایک صاحب نے ملاقات کا وقت دیا تھا جن سے اپنی اسٹوری کے لئے انفارمیشن لینا تھی۔

میں ایک میز پر بیٹھا کافی پی رہا تھا۔ اور ان صاحب کا انتظار کر رہا تھا کہ اچانک ایک لڑکی میرے قریب آ کر کھڑی ہو گئی میں نے سر اٹھا کر اجنبی کی طرف دیکھا ـــــ بڑی پرکشش شخصیت تھی۔ وہ کوئی جاب کے لئے آئی ہوئی ـــــ چہرے پر بڑی دل نواز مسکراہٹ تھی۔

اس سے پہلے کہ میں کچھ بولوں۔ اس نے بڑی خوب صورت اور میٹھی آواز میں کہا۔

"مسٹر سدھارتھ ٹنڈن ہی ہوں گے ـــــ؟"

"جی ہاں" میں نے جواب دیا۔

"مجھے روبن کہتے ہیں" اس نے اپنا دایاں ہاتھ میری طرف بڑھایا۔

ہم دونوں نے مصافحہ کیا اور وہ میرے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گئی۔ پھر اُس نے پلٹ کر بیرے کو ہدایت دی کہ اُس کا آرڈر بھی میری ہی ٹیبل پہ لے آئے ـــــ میں حیرانی سے اُسے دیکھ رہا تھا۔

"مسٹر سدھارتھ...... آئی ایم سوری۔ کیا میں آپ کو آپ کے فرسٹ نیم سے پکار سکتی ہوں ـــــ؟"

"آف کورس"

"میرا اس طرح اچانک آپ کو انٹروڈیوس کرانا آپ کو عجیب لگا ہوگا ـــــ؟"

میں نے کوئی جواب نہ دیا۔

• مجھے آپ سے ایک بہت ضروری کام ہے مسٹر سعادت۔ آپ نیوز کرانیکل میں کام کرتے ہیں نا۔۔۔؟

• جی ہاں

• میں یہاں ایک چھوٹی سی نیوز ایجنسی چلا رہا ہوں؟ اس نے کہا اور اتنے میں میرا وہ آدمی آگیا۔ اور میں نے اسے دروازے میں سے اپنی طرف آتے دیکھا۔ وجے موہن بھانپ گیا۔ اور فوراً ہی اٹھتے ہوئے کہا۔

• ایکسکیوز می، پھر آپ کو کانٹیکٹ کرتا ہوں۔۔۔

میں نے اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا اور اپنے آدمی سے باتیں کرنے لگا۔ میں نے دیکھا کہ وہ ایک ٹیبل پر بیٹھا اپنا ناشتہ کر رہا ہے ـــــ پھر اچانک جب تھوڑی دیر کے بعد میری نظر اُدھر گئی تو وہ جا چکا تھا۔

اُسی شام وجے موہن پریس کلب میں مجھ سے ملنے آگیا۔ اس نے مجھے بتایا کہ اپنی نیوز ایجنسی کی طرف سے کچھ میٹریل لگاتار ہمارے اخبار میں چھپوانا چاہتا ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ اس سلسلے میں ایڈیٹر سے بات کرنا مناسب ہوگا۔

• ایڈیٹر کو بیچ میں کیوں لاتے ہیں۔ ہماری ایجنسی آپ کو اس کام کا کچھ معاوضہ بھی دے دیا کرے گی۔ مثلاً ڈیڑھ ہزار روپیہ مہینہ؟ اس نے اپنے پتے میرے سامنے کھول دیئے۔

ڈیڑھ ہزار روپے مہینے کی ایکسٹرا انکم! میں نے سوچا۔ روپوں کی مجھے واقعی بہت ضرورت تھی۔ پھر بھی میں نے کہا۔

• مجھے سوچنے کا موقع دیجئے۔۔۔

اس شام کا سارا بل وجے موہن نے ادا کیا۔ اور مجھے اپنی کار میں میرے گھر چھوڑ دیا۔

اتوار کا دن تھا۔ میں گھر پر ہی موجود تھا ـــــ گیارہ بجے کے قریب دروازے پر گھنٹی بجی۔ نوکرانی نے جا کر دروازہ کھولا ـــــ میں اپنے بیڈ روم میں منے کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ باہر سے میرے بارے میں پوچھا گیا۔ آواز جانی پہچانی تھی۔ میں بیڈ روم سے باہر نکلا ـــــ سامنے وجے موہن کھڑا تھا۔

• آئیے، آئیے؟ میں نے رسماً کہا۔

وجے موہن مسکراتا ہوا اندر آیا اور صوفے پر بیٹھ گیا ـــــ میں نے سوچا کہ آواز

دے کر کہاں جائے بنا کر لے آئے۔

چائے کے دوران دیجے موہن نے مجھے بتایا کہ وہ چند سفارت خانوں کا ـــــــ پبلک ریلیشنز کا کام دیکھتا ہے۔ اور ان کا لٹریچر وہ ہمارے اخبار میں چھپوانا چاہتا ہے۔ وہ بھی اس طرح کہ وہ ایک نیوز آئٹم لگے۔ بجو نڈا پراپگنڈہ نہیں ـــــــ

میں سمجھ گیا کہ اس کام کے لئے واقعی سٹاف رپورٹر کی ضرورت ہی ہوسکتی ہے اور اسٹاف رپورٹر بھی ایسا کہ جس کی نیوز ایڈیٹر سے گاڑھی چھنتی ہو ـــــــ اور ہمارا نیوز ایڈیٹر سونیا کا ماموں زاد بھائی تھا۔ سونیا سے میری شادی اسی نے کروائی تھی۔

لہٰذا سارا معاملہ طے ہوگیا ـــــــ اس نے پہلے تین مہینوں کا معاوضہ ساڑھے چار ہزار روپے ایڈوانس دے دیا۔ اور جیسے ہی سونیا سامنے آئی اس نے اپنی جیب میں سے سونے کا ایک لاکٹ نکالا اور اسے پریزنٹ کردیا۔ لاکٹ لیا جائے یا نہ لیا جائے۔ ہم دونوں میاں بیوی تذبذب میں پڑ گئے ـــــــ پھر مجھے خیال آیا کہ سونیا کے پاس یہی زیور اصلی سونے کا ہوگا۔ باقی تو سب مصنوعی ہیں۔ میں خاموش رہا ـــــــ سونیا نے ایک آدھ بار میری طرف دیکھا۔ میرا ردعمل جاننا چاہا۔ میں نے کہا

"بھئی...... اب میں کیا کہہ سکتا ہوں۔ بہت قیمتی تحفہ ہے دیجے موہن جی سے ہمارے تعلقات بہت ہی معمولی ہیں۔"

"آپ اس کی فکر نہ کریں سدھارتھ صاحب۔ آپ کے اور ہمارے تعلقات کے سلسلے میں یوں سمجھئے کہ سائی از دی لمٹ۔"

اور وہ باہر نکل گیا۔

"تم نے انتظار حسین کا افسانہ 'زرد کتا' پڑھا ہے شاہد عزیز؟" سدھارتھ نے مجھ سے پوچھا

"ہاں..... شاید پڑھا ہے۔ جس میں ایک پیر کی درگاہ پر زرد کتا بیٹھا پایا جاتا ہے۔"

"بالکل وہی"

میں نے باہر کی کھڑکی سے سر باہر نکال کر دیکھا۔ سڑک بالکل ویران تھی۔ جگہ جگہ سڑک پر دھوپ برس کے دھبوں کی طرح دکھائی دے رہی تھی۔ سدھارتھ کی آواز میرے کانوں سے ٹکرائی۔

"اس کے بعد میرے گھر کے دروازے پر دیجے موہن کا زرد کتا بیٹھ گیا ـــــــ ایک آدھ مہینے کے بعد سونیا دیجے موہن کے دفتر میں بزنس منیجر کی حیثیت سے کام کرنے لگی۔ اس کی تنخواہ تھی پانچ ہزار روپیہ مہینہ۔ یعنی میری تنخواہ سے دگنی ـــــــ

میرے گھر کے تمام امور میں وجے موہن کا حد سے زیادہ دخل ہو گیا۔

متا پہلے پہل وجے موہن کے قریب بھی نہ جاتا تھا۔ اس کے چہرے پر پھیلی اجنبیت کو حیرانی سے ٹکر ٹکر دیکھتا تھا ـــــ مگر اب حالت یہ ہے کہ وہ اپنی روزمرہ کی ضروریات اور مسائل کے سلسلے میں وجے موہن ہی سے بات کرتا ہے۔

اب یہ سلسلہ سات آٹھ برس پرانا ہو گیا ہے۔ سونیا عملی طور پر وجے موہن کی داشتہ بن گئی ہے۔ کئی پارٹیوں میں وہ مسز وجے موہن کے خطاب سے پکاری گئی ہے۔ میری حیثیت میرے اپنے ہی گھر میں ایک اجنبی سی ہو گئی ہے ـــــ سونیا اور بچے سے سرسری سی بات چیت کو بھی کئی کئی مہینے ہو جاتے ہیں۔"

مگر آپ کی نوکری کا کیا ہوا اسد حارثہ صاحب؟ میں نے اچانک پوچھا۔

"شروع شروع میں جب سونیا نے ابھی وجے موہن کی نیوز ایجنسی کو جوائن ہی کیا تھا۔ تو اس نے مجھے بتایا، کہ جو کام وہ مجھ سے اور چند دوسرے لوگوں سے لیتا ہے اور جس کے بدلے ڈیڑھ یا دو ہزار روپیہ مہینہ معاوضہ دیتا ہے۔ اس کام کا معاوضہ وہ قریباً ایک لاکھ روپے کے قریب سفارت خانوں سے وصول کرتا ہے ـــــ میں سونیا اور وجے موہن کے دن بدن بڑھتے ہوئے تعلقات کو پسندیدگی کی نظروں سے نہیں دیکھتا تھا ـــــ جیسے ہی میں آواز بلند کرتا ـــــ دروازے پر بیٹھا زرد کتا گلا پھاڑ کر بھونکنے لگتا اور میری آواز حلق میں گھٹ کر رہ جاتی۔

ایک دن میں نے انہیں ایک دوسرے کے ساتھ کمپرومائزنگ پوزیشن میں دیکھ لیا۔ اس وقت میں چپ رہا۔ اس طرح ظاہر کیا جیسے میں نے کچھ دیکھا ہی نہیں ـــــ اس روز میں نے بہت شراب پی۔ میں اپنے اندر اٹھنے والے بخارات کو دبانا چاہتا تھا مگر ایک لمحہ ایسا آیا کہ سب کچھ میرے قابو سے باہر ہو گیا ـــــ

میں نے گھر آ کر سونیا سے صاف صاف کہہ دیا کہ یہ سب میری برداشت سے باہر ہے سونیا نے مجھے جھٹلانے کی کوشش کی۔ مجھے شکی اور جیلس کہا ـــــ مجھے غصہ آ گیا اور میں نے سونیا کے منہ پر ایک زوردار تھپڑ رسید کر دیا ـــــ اس کے منہ سے خون ابل پڑا ـــــ وہ بستر پر گر گئی۔

اگلے دن جب میں آفس گیا ـــــ تو دوپہر کے بعد مجھے ایڈیٹر نے بلایا میں اس کے کیبن میں گیا تو اس نے مجھے بتایا ـــــ کہ میرے خلاف سی۔ بی۔ آئی کی انکوائری چل رہی ہے۔ میں ایک عرصہ ـــــ [illegible] پاکستانی سفارت خانے کا ملٹری نیوز کی ڈس کلوژر میں [illegible]

اور اس طرح میں ایک پاکستانی ایجنٹ سمجھا جاتا ہوں۔ لہٰذا مجھے فوراً اخبار کی نوکری سے استعفیٰ دے دینا چاہئے۔

استعفیٰ ٹائپ کر کے پہلے ہی سے رکھا تھا۔ مجھے اس پر صرف دستخط ہی کرنا تھے۔ اس پر لکھا ہوا تھا ـــــ کہ میں ذاتی وجوہ کی بنا پر نوکری سے سبکدوش ہونا چاہتا ہوں۔

نوکری سے نکالے جانے سے بہتر تھا کہ میں استعفیٰ دے دوں۔ لہٰذا میں نے دستخط کر دیئے۔

میں کئی دن تک ادھر اُدھر مارا مارا پھرتا رہا۔ کئی جگہ نوکری کی کوشش کی مگر میری بدنامی مجھ سے پہلے وہاں پہونچ چکی تھی۔ اب میں ایک غیر ملکی ایجنٹ کے طور پر جانا جانے لگا۔

ایک دن میں نے اپنے اخبار کے ایڈیٹر کو دیجے موہن کی کار میں اگلی سیٹ پر دیجے موہن کے ساتھ ایک فائیو اسٹار ہوٹل میں داخل ہوتے دیکھا ـــــ پچھلی سیٹ پر ایک خوبصورت عورت ـــــ انتہائی قیمتی لباس میں بیٹھی تھی ـــــ میں اسے ٹھیک طرح سے پہچان نہ سکا۔ میرے اندر کیوریسٹی پیدا ہوئی۔ میں آگے بڑھا اور ایک ایسی جگہ کھڑا ہو گیا ـــــ جہاں سے کار میں سے اُترنے والے لوگوں کو بآسانی دیکھ سکوں ـــــ وہ عورت سونیا تھی۔ میں نے اُسے آخرکار پہچان ہی لیا۔ پہچاننے میں دقت اس لئے ہوئی کہ ایک عرصہ سے میں نے اس کی صورت نہیں دیکھی تھی۔ حالاں کہ ہم ایک ہی گھر میں رہتے تھے۔ اچانک مجھے محسوس ہوا کہ سونیا کی صورت کافی بدل گئی ہے۔ اس کے چہرے پر ملائی جیسی ڈھلک آگئی تھی ـــــ اچانک مجھے لگا کہ دیجے موہن نے مجھے دیکھ لیا ہے۔

سارا معاملہ میری سمجھ میں آگیا تھا۔ میں وہاں سے واپس آکر پریس کلب میں گیا۔ اور شراب پینے لگا ـــــ میں نے اس رات اتنی شراب پی کر وہیں گر گیا ـــــ

صبح جب میری آنکھ کھلی تو میں ایک صوفے پر لیٹا ہوا تھا ـــــ میرا سر بری طرح پھٹا جا رہا تھا ـــــ میں نے اپنی گھڑی پر وقت دیکھا۔ صبح کے ساڑھے چھ بجے تھے۔ ارد گرد کلب کا کوئی ملازم نظر نہ آرہا تھا کہ چائے منگوا سکوں۔

میں کلب کی عمارت سے باہر نکلا۔ سامنے والے اسٹال پر سے چائے پینے لگا۔ اچانک ایک کار میرے قریب آکر رکی پھر اس کا دروازہ کھلا۔ میں نے جھک کے دیکھا۔ ڈرائیونگ سیٹ پر دیجے موہن بیٹھا تھا ـــــ میں نے چائے کے پیسے دیئے ـــــ اور گاڑی میں جا بیٹھا۔

گاڑی میرے گھر کے باہر جا کر رکی ـــــ ہم دونوں اندر گئے۔ سونیا ڈرائنگ روم

میں صوفے پر بیٹھی تھی۔ اس کا چہرہ ویران تھا۔ بال اُلجھے ہوئے تھے اور وہ جاگی ہوئی سی تھی۔ مجھے دیکھ کر ـــــ اس نے اُٹھ کر دونوں ہاتھ اپنے ہاؤس کوٹ کی جیبوں میں ڈالے اور اندر چلی گئی۔

اس کی نظروں سے مجھے لگا جیسے میں کوئی مجرم ہوں۔

"مسٹر سدھارتھ" وجے موہن کی آواز میرے ذہن سے ٹکرائی۔ میں نے اس کی طرف دیکھا ـــ وہ میرے سامنے بیٹھا تھا۔ اس کی نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ وہ ایک لمحہ رکا اور پھر کہنے لگا۔

"میں نے طے کیا ہے کہ تم جو چیز جہاں ہے اسے وہیں رہنے دو۔ جو کام جس طرح سے چل رہا ہے۔ اسے ویسے ہی چلنے دو ـــــ تم چاہو گے بھی تو کچھ بدلے گا بھی نہیں۔ گیا ہوا وقت واپس کبھی نہیں آئے گا ـــ ہم بزنس ایرا میں جی رہے ہیں۔ جہاں ہر چیز کو کامرس کے پوائنٹ آف ویو سے دیکھا جاتا ہے۔ ہمیں جذبات نہیں آنکڑوں سے، اعداد کی مدد سے زندگی گزارنا ہے۔ مجھے تمہاری ضرورت تھی۔ تم سے مجھے اقتصادی فائدہ تھا۔ میں نے کیلکولیٹ کیا کہ تمہیں اپنے قابو میں کیسے رکھا جاسکتا ہے ـــ تمہیں چند روپوں کی ضرورت تھی ـــ اور وہ چند روپے کسی وقت بھی تمہیں حقیر لگ سکتے تھے۔ میں نے تمہیں خاموش رکھنے کے لئے سونیا کو نوکری دے دی ـــ جب سونیا میرے قریب آئی تو مجھے پتہ چلا کہ اس کے اور بھی کئی مصرف ہیں۔ میں نے اُن تمام چیزوں کا فائدہ اٹھایا ـــــ مگر میں کوئی لفڑا نہیں چاہتا ـــ کام چلتا رہنا چاہیئے۔ رکنا نہیں چاہیئے۔ تم میرے کام میں رکاوٹ نہ بنو۔ اس کی قیمت تمہیں دینے کو تیار ہوں۔ آج سے تمہیں خاموش رہنے کی قیمت کے طور پر تین ہزار روپیہ ماہوار ـــــ اس گھر میں رہنے کی اجازت ـــ جو باہر کھڑی ہے وہ نئی ایٹ کار بھی اور پٹرول کوپن کی کاپی ڈیش بورڈ میں رکھی ہے۔ تم جب چاہو جتنا چاہو پٹرول ڈلوا سکتے ہو۔ مل جایا کرے گا۔ ویٹ اس آل۔"

وجے موہن نے کہا اور کمرے سے باہر نکل گیا ـــــ اس نے میرے جواب کا انتظار بھی نہیں کیا ـــــ سچی بات تو یہ ہے کہ میرے پاس کوئی جواب تھا بھی نہیں ـــــ دوسرے لمحے مجھے احساس ہوا کہ دروازے پر بیٹھا ہوا زرد کتا مجھے دیکھ کر غرا رہا ہے۔

میں کئی برس سے یہ زندگی گزار رہا ہوں ـــ نہیں میں مر چکا ہوں۔ میں اسی دن مر گیا تھا جس دن وجے موہن نے سونیا کو سونے کا لاکٹ دیا تھا۔ اور میں نے اسے قبول کر لیا تھا۔ میں نے کامرس کے عہد میں قدم رکھ دیا تھا ـــ سود و زیاں کی دنیا ـــ کے اصول قبول کر لئے تھے جہاں۔

آدمی کی نہیں سلطنت کا نصف ہے۔ جو اپنے ذہن سے نہیں اپنے ماسٹر کے ذہن سے سوچتا ہے۔
اب آپ مجھ سے کیا چاہتے ہیں سدھارتھ صاحب؟ میں نے ایک گہری سانس لے کر کہا
۔ اس نے جیب سے ایک کاغذ کا ٹکڑا نکال کر میری طرف بڑھایا۔ اور کہنے لگا۔
" یہ میرا سوئیسائیڈ نوٹ ہے۔ میں نے زہر کھا لیا ہے۔ بس چند منٹ اور باقی ہیں۔
گاڑی میرے گھر کے باہر کھڑی کر دینا اور یہ نوٹ میری بیوی سونیا کو دے دینا۔
میں حیرانی سے سدھارتھ کی طرف دیکھا۔ اندھیرے میں اس کا چہرہ دمک رہا تھا اس کی آنکھیں اس درخت کے پتوں کی طرح درخشاں تھیں جو ابھرنے مجھے اس پل دکھایا تھا۔ جب وقت تھم ہوا تھا۔ زمان و مکان خلا میں معلق تھے ۔۔۔

دو

" یہ شخص کون ہے؟ ۔۔۔ میں نے اپنے بہت ہی قریبی دوست سے پوچھا۔
" میں نہیں جانتا " میرے بہت ہی قریبی دوست نے کہا اور پھر کبیر کا کوئی دوہا پڑھا۔ وہ دوہا اب مجھے یاد نہیں۔ مگر اس کا مطلب کچھ اس طرح تھا کہ زندگی کے اس بازار میں کئی لوگ ملتے ہیں۔ اب کس کس کے بارے میں جانتے پھریں کہ کون کون ہے۔ وہ کہاں سے آیا ہے؟ اور اسے کہاں اور کدھر جانا ہے؟
" پھر بھی تمہاری اس سے ملاقات کیسے ہوئی؟ میرے بہت ہی قریبی دوست؟"
میں نے دوبارہ پوچھا۔
" ایک دن کی بات ہے۔ میں نے نیا نیا گھر لیا تھا۔ میں زندگی بھر گھر کے تصور اور خواہش میں جیتا رہا۔ آخر میرا خواب پورا ہوا۔ میں سب کو اپنے گھر آنے کی دعوت دیا کرتا تھا میں اپنے کام سے لوٹا تھا۔ اجنبی گھر کے بند دروازے پہ کھڑا تھا۔ مجھے لگا شاید میں اسے پہلے سے جانتا ہوں اور میں نے اسے گھر آنے کی دعوت دی ہوگی۔
میں نے دروازہ کھولا اور ہم دونوں اندر چلے گئے۔ وہ بغیر کچھ بولے بیٹھ گیا۔ میں نے بغور دیکھا اور اچانک مجھے احساس ہوا کہ میں اسے پہلے بالکل نہیں جانتا۔
" معاف کیجئے گا۔ میں آپ کا نام بھول گیا ہوں " میں نے یوں ہی مسکراتے ہوئے کہا۔
جواب میں وہ مسکرایا۔ اور آہستہ سے بولا۔

"تم بھولے نہیں — تم مجھے جانتے ہی نہیں۔ میں ایک عرصے سے تمھیں ملنا چاہتا تھا مگر تمھارا کوئی گھر ہی نہیں تھا۔ اب تمھارا گھر ہو گیا ہے تو میں تمھیں ملنے آگیا ہوں۔ بھلا مجھ جیسے آدمی کا کیا نام ہونا چاہیے؟

مجھے حیرانی ہوئی — پلٹ کر دیکھا تو میرے گھر کی کھڑکیاں ایک ایک کر کے اپنے آپ کھلنے لگی تھیں۔"

میرے بہت ہی قریبی دوست کی کیفیت کچھ ایسی ہو گئی کہ اس کے جسم کے اندر کا سارا نظام بالکل صاف دکھائی دینے لگا — اور پھر اس کی جلد پر بنے تمام نقوش مٹ گئے۔ میں دیر تک اُسے اسی طرح دیکھتا رہا — پھر اُس کی آواز بدل گئی۔ اُس نے اکبر کے بارے میں جو کچھ بتایا تھا۔ اس سے اکبر کے بارے میں کچھ بھی معلوم نہ ہوا تھا۔

"مگر یہ کیسے معلوم ہوا کہ اس کا نام اکبر ہے؟" میں نے مکرر پوچھا۔

"معلوم نہیں۔ میں نے اچانک اسے اس نام سے پکارنا شروع کر دیا تھا اور اس نے اس نام کو قبول کر لیا تھا" میرے بہت ہی قریبی دوست نے بتایا — اکبر کے سلسلے میں میرا تجسس اور بڑھ گیا۔

دس

عبدالعزیز ہاشمی ولد عبدالرحیم ہاشمی — جن کا سلسلہ عرب کے قبیلۂ ہاشم سے جا ملتا ہے ضلع بارہ بنکی کے موضع گھیلی کلاں میں پرکھوں سے زمیندار رہیں۔ خاندانی روایت کے اعتبار سے سنی مگر عقیدے کے اعتبار سے شیعہ ہیں۔ وہ واجد علی شاہ کی بہت قدر کرتے ہیں۔ جس نے مسلمان کو ہندوستان کا طور سیاں کی تہذیب اور فنونِ لطیفہ کو اپنی ذات اور زندگی کا عملی حصہ بنانے کی تلقین کی تھی۔

محرم کے مہینے میں عبدالعزیز ہاشمی سیاہ پوش ہو جاتے ہیں۔ مجلس میں شامل ہوتے ہیں۔ کربلا کے شہیدوں کی داستان سنتے ہیں۔ سینہ کوبی کرتے ہیں اور اپنی آنکھوں سے غم کے آنسو بہانے کا ثواب حاصل کرتے ہیں۔

یہ سچ ہے کہ وہ حصولِ پاکستان کے حق میں تھے — اس کے لیے انھوں نے جلسوں جلوسوں میں شرکت کی تھی۔ پاکستان زندہ باد کے نعرے بھی لگاتے تھے اور قائداعظم محمد علی جناح کو اپنا لیڈر مانتا تھا۔

مگر وہ تبادلۂ آبادی کے کبھی حق میں نہیں تھے — وہ غیر مسلموں کے ساتھ رہنا پسند کرتے تھے

تھے۔ وہ ملازموں کی برتری برداشت کرنے کو تیار تھے اور نہ ہی اپنی برتری انھیں جتانا چاہتے تھے۔ لکھنؤ کی زمینوں اور واجد علی شاہ کے دربار سے ان کے جد امجد کو مرحمت ہوئی تھی۔ ان کے لئے بڑی حیثیت تھی جس میں پیدا ہونے والے دانا، چاکر کی کمان کے آباؤ اجداد زندہ رہے تھے۔ ان کے کھیت جب لہلہاتے تھے تو دولہوں کی طرح ان کی بلند منڈیروں پر جا کرتے تھے۔ اور گہری سانسیں لیتے تھے۔
ان کی حویلی کے ہر کمرے میں ان کے پرکھوں کی کوئی نہ کوئی نشانی موجود تھی۔ ان کمروں کی دیواروں پر وہ ہتھیار لٹکے ہوتے تھے جو ان کے بزرگوں نے انگریزوں کے خلاف چھوٹی موٹی جنگوں میں استعمال کئے تھے — وہ پلنگ تھے جن پر ان کے بزرگ صاحب فراش ہوا کرتے تھے۔ وہ لبادے جو وہ پہنا کرتے تھے۔

انھی کی ہر چیز انھوں نے محفوظ کر رکھی ہے۔ انھیں اپنے شاندار ماضی پر فخر ہے۔ وہ اپنی بیوی نادرہ سے بے انتہا محبت کرتے ہیں۔ انھیں اسی کے ہاتھ کا بنا ہوا کھانا پسند ہے۔ اللہ نے انھیں پانچ اولادیں دی ہیں۔ تین لڑکیاں اور دو لڑکے۔ تینوں لڑکیاں لکھنؤ ہی میں بیاہی ہوئی ہیں جن میں سے دو پاکستان میں ہیں اور ایک جمشید پور میں۔ جمشید پور میں ان کا داماد انجینئر ہے۔ چھوٹا لڑکا شاہد فرزند نئی دہلی کے ایک انگریزی اخبار میں سب ایڈیٹر ہے اور بڑا لڑکا اشفاق عزیز کراچی میں کاروبار کرتا ہے۔ اس کا کاروبار بہت پھیلا ہوا ہے

گیارہ

دہلی میں شاہد اور مستقل میں اشفاق عزیز نے اپنے کاروباری تعلقات بہت مضبوط کرتے ہیں اس کے وہ بہت بڑا سود مند رہا ہے۔ چمڑے کا سامان وہاں پر ایکسپورٹ کرنے والی ہندوستانی کمپنی "والبدعلی" [illegible] نے کھڑی کر رکھی ہے۔ اس نے اپنے وہاں کے بیوپاریوں کو یقین دلایا ہے کہ پاکستان میں بنا ہوا مال کوالٹی کے اعتبار سے بڑھیا ہے اور دام بھی کم ہیں۔ اور پھر پاکستان کے ساتھ بزنس کرنے سے روپیہ بھی ایک اسلامی ملک کو جاتا ہے۔

اشفاق عزیز جب دہلی سے پی۔ آئی۔ اے کے طیارے میں سوار ہوا تو انتہائی خوش تھا — اسے [illegible] کے آرڈر ملے تھے — اب یہ مال جلد از جلد مقررہ وقت پر سپلائی ہو جانا چاہئے۔ اسے کراچی پہنچتے ہی سب کام کرنا ہوگا۔ خام مال بہترین تھا، [illegible] اور اچھے کاریگر۔ اسے یاد آیا کہ اس کے کارخانے کی کئی مشینیں بالکل ناکارہ ہو گئی ہیں۔ مال فنش میں مار کھا جاتا ہے۔ اسے جاتے ہی جلد جاپان کو [illegible] کرنا ہوگا کہ وہ نئی جاپانی مشینیں خرید سکے۔ پھر بھی وہ [illegible]۔ اسے یہ ثابت کر دینا ہے کہ چمڑے کے سامان کی تجارت میں ہندوستان کسی طرح بھی پاکستان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ وہ جانتا تھا کہ اس کی واپسی پر اس کی [illegible]

تری کامیابی پر گھر والے بہت خوش ہوں گے۔ خاص طور پر اس کی بیوی انیسہ۔

وہ انیسہ کے لئے بہترین فرانسیسی پرفیوم لے کر جا رہا تھا۔ اور بھی سب کے لئے چھوٹے موٹے تحفے تھے۔
اس کے دونوں بچے لندن میں پڑھ رہے تھے۔ اگلے مہینے وہ چند دن کے لئے کراچی آ جائیں گے۔ دونوں بچے چاہتے
تھے کہ لندن میں انھیں اپنی پرسنل ٹرانسپورٹ مہیا کی جائے۔ اب وہ انھیں ایک خوبصورت کار خرید دے گا
کہ آرام سے اپنی گاڑی پر لندن میں اِدھر اُدھر آجا سکیں گے۔

جہاز کراچی ایئرپورٹ پر اُترا۔ اشفاق عزیز دس منٹ میں گرین چینل سے باہر تھا۔
اس کے پاس کوئی وزنی لگیج نہیں تھا اور نہ ہی کچھ ڈیکلیئر کرنے کو ـــــ اس نے دور دور تک
دیکھا اسے اس کی کار اور ڈرائیور نظر نہ آیا ـــــ اس نے فوراً ہی گھر فون کیا، تو اسے معلوم ہوا کہ ڈرائیور گاڑی لیکر
نکل چکا ہے۔

اشفاق عزیز نے تھوڑی دیر انتظار کیا ـــــ مگر ڈرائیور نہیں آیا تھا۔ آخر کار اس نے ٹیکسی
لی اور کلفٹن ـــــــــ کے لئے روانہ ہوا۔

کلفٹن میں اشفاق عزیز کا شاندار گھر تھا۔ اتنا شاندار کہ ایک بار جب اس کے ابا جان نے اس
گھر کو دیکھا تو اداس ہو گئے تھے۔ بولے "بیٹا میں بہت خوش ہوں، بہت خوش ہوں میں" تو اشفاق انھیں دہلی
ایک بار ہندوستان جانا چاہتا تھا۔ وہ اماں جی اور ابا جان کے ساتھ چند دن موضع جنیلی کلاں میں گزارنا چاہتا تھا۔
اسے آموں کا باغ اور اپنے کھیت یاد آ رہے تھے۔ کراچی میں سب کچھ تھا ـــــ پھر بھی ایک کمی محسوس ہوتی تھی ـــــ
وہ ابا جان کے ساتھ لکھنؤ کے بڑے امام باڑے میں بھی جانا چاہتا تھا ـــــ جہاں بہت سے علم رکھے تھے۔ جو محرم کے
دنوں میں نکالے جاتے تھے پیچھے سوگواروں کا ایک جلوس ہوتا تھا ـــــ اسے کربلا کا سنا ہوا وہ منظر یاد آ رہا تھا جہاں
پیاسے حسینؑ کو شہید کر دیا گیا تھا۔

حسینؑ کی شہادت ان کی زندگی کا بڑا اہم واقعہ تھا۔

اشفاق عزیز سینکڑوں برسوں کی مسافت ایک لمحے میں طے کر گیا تھا اور اس کے سامنے ٹیکسی کی ونڈ
سکرین میں سے سینکڑوں آدمی ایک دوسرے پر پتھر، بم اور گولیاں برساتے نظر آ رہے تھے۔ رات کا وقت تھا ـــــ
اندھیرے میں بم پھٹنے اور گولیاں چلنے سے شرارے نکل رہے تھے۔

"یہ کیا ہو رہا ہے ڈرائیور ـــــ ؟" اس نے گھبرا کر پوچھا۔

"شاید دنگا پھر شروع ہو گیا ہے صاحب" ڈرائیور نے جواب دیا۔ اس کی آواز میں بھی خوف تھا۔

"گاڑی واپس لے لو۔"

"صاحب" ڈرامائی سے آواز بیک کرنے کی کوشش کی۔ اس اثنا میں ایک بازار میں سے سیکڑوں لوگ: "مارو مارو" کے نعرے لگاتے ہوئے نکلے اور انھوں نے ٹیکسی کو اپنے نرغے میں لے لیا۔ اشفاق عزیز کی سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا۔ ٹیکسی کا ڈرائیور شرما ہو گیا تھا۔ وہ دروازہ کھول کر بھاگا۔ اور دوسرے ہی لمحہ اس کی ٹانگوں میں، پاؤں کے پاس ایک دھماکہ ہوا۔ اشفاق عزیز بم کی زد میں تھا اور اس کے جسم کے پرخچے اڑ گئے۔

بارہ

"کیا۔ کیا کہہ رہی ہو بھابی جان؟" شاہد عزیز ٹیلیفون ریسیور میں دھاڑا — دوسری طرف صفیہ بھابی جان کی سسک سسک کر رونے کی آواز آ رہی تھی۔

شاہد عزیز نے ریسیور کریڈل پر رکھ دیا۔ اور دونوں ہاتھوں سے اپنا سر تھام کر آگے کی طرف جھک گیا۔ اس کے منہ سے بے ساختہ نکلا "یا اللہ"

ساتھ والی ٹیبل پر کام کرتا ہوا اس کا کولیگ رگھو نندن بولا۔ "کیا ہوا شاہد بھائی — خیریت تو ہے نا — کہاں سے فون تھا۔"

شاہد عزیز نے رگھو نندن کی طرف دیکھے بغیر کہا "کراچی سے فون تھا۔ میرا بڑا بھائی اشفاق عزیز وہاں دنگے میں مارا گیا۔"

"اوہ نو" رگھو نندن چیخا اور اس نے آگے بڑھ کر اپنا دایاں ہاتھ شاہد کے کندھے پر رکھ دیا۔ شاہد عزیز پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا تھا۔

تیرہ

"بابا جی تو یاد کر رہے ہیں حسین کی پیاس" عبدالعزیز ہاشمی ولد عبدالرحیم ہاشمی ساکنہ موضع جمیلی کلاں ضلع ... نے سیاہ لباس پہن رکھا تھا اور بابا جی اپنی زمینوں میں کھڑے دور دور تک دیکھ رہے تھے۔ سورج چمک رہا تھا — دھوپ نے سارے ماحول کو زرد کر دیا تھا۔ زمین سوکھی پڑی تھی اور اس کی جلد سرخ ہو گئی تھی۔ آسمان ... دور تک بادل کا کوئی ٹکڑا دکھائی نہ دے رہا تھا۔ انھوں نے اپنی گردن کے گرد ڈھلی ہوئی تسبیح ... سے اللہ ... کا ورد کرتے تھے۔ یہ تسبیح کراچی سے واپسی پر — اشفاق نے خاص طور پر ہوائی جہاز میں بیٹھتے ہوئے انھیں دی تھی — تب اس میں پاکستان کا پانی بھرا تھا۔ یہاں آ کر — انھوں نے وہ پانی ... کر دیا تھا — وہ کربلا کے شہیدوں کی پیاس کو یاد کر رہے تھے۔ وہ دو ہی دن میں ایک دم بوڑھے ہو گئے تھے۔

شاہد عزیز اس کی بیوی کلثوم ان کے دونوں بچے نعیم اور شہلا گھر پر تھے۔ انھیں اماں جی کی اچانک موت کی خبر دینے سے منع کر دیا گیا تھا۔

چودہ

شاہد عزیز اکبر کے ساتھ رات کے اندھیرے میں آگے ہی آگے بڑھتا جا رہا تھا۔ سب طرف اندھیرا تھا ۔۔۔ وہ دونوں جغرافیائی حدود پار کر گئے تھے۔ اور وقت ان کے ہاتھوں سے سوکھی ہوئی ریت کی طرح پھسلا جا رہا تھا ۔۔۔ شاہد کو وہ جگہ جانی پہچانی سی لگی ۔۔۔ اسے لگا وہ اپنے آموں کے باغ میں سے نکل کر کھنڈر کے بڑے امام باڑے میں پہنچ گئے ہیں۔ وہاں سوگواروں کا ہجوم ہے۔ وہاں سے ان زمینوں میں پہنچ گئے ہیں جو واجد علی شاہ کے دربار سے ان کے جد امجد کو مرحمت ہوئی تھی۔ زمینوں کے عین وسط میں ایک درخت تھا جس کے پتوں میں سے روشنی پھوٹ رہی تھی۔

شاہد عزیز کا دل اُچھلنے لگا۔

"یہ کیسا درخت ہے اکبر؟"

"یہ میں بھی نہیں جانتا۔ اسے میں نے تمہاری زمینوں سے ایک بار دیکھا تھا اور میں نے سوچا تمہیں دکھا دوں ۔۔۔ تب یہ کھیت لہلہا رہے تھے۔ مگر..... مگر آج ۔۔۔"

اکبر اپنا جملہ پورا بھی نہ کر پایا تھا کہ درخت کے پتے بجلی کے بلبوں کی طرح ایک ایک کر کے بجھنے لگے۔ پھر رات ختم ہوئی اور دن کا اجالا سب طرف پھیلنے لگا۔ آسمان پر سورج چمک رہا تھا سارے ماحول کو دھوپ کی زردی نے اپنے رنگ میں رنگ لیا ۔۔۔ اور درخت کے پتے ایکا ایکی سوکھ کر زرد ہو گئے اور ایک ایک پتہ زمین پر گرنے لگا

زمین سوکھی ماری تھی اور اس کی اوپری سطح تڑخ گئی تھی۔ ""

(شب خون الہ آباد۔ دسمبر ۱۹۸۷ تا فروری ۱۹۸۸)



فاختہ آئے گی

شروان کمار ورما

پچھلے قریباً بیس برسوں سے میں جہاں کہیں بھی رہا ہوں، خود کو ایک شہر میں گھرا پاتا ہوں جس کے چاروں طرف پراسرار سناٹا چھایا ہوا ہے۔ فضا میں خوف کا احساس مسلط ہے۔ بچے بھی چپ ہیں۔ ایسی ہی اداسی کے ہم راتیں اس عجیب پراسرار خاموشی میں کاٹتے ہیں۔ کبوتروں کا جھنڈ اب سورج مدھم پڑ رہا ہوتا ہے نہیں جاتا، شام کے دھندلکے میں سادہ ... کو بھرا رکھا ہے ... ڈوب جاتا ہے ... والا جوڑا دو دن سے لوٹ کر نہیں آیا۔ میری بیٹی کہتی ہے:

"بابا ___ انہیں بھی تو کوئی نہیں لگ گئی کہیں"

میں سوچتا ہوں ___ ہو سکتا ہے ___ میرے فلیٹ کی کھڑکی کے دوسری طرف ... دیکھے ہیں ___ جوڑا ... بالکل ... طاق میں ... دیکھتی تھی اور ... ہم سنتے رہتے ... دیتی ہے ___ وہ غٹرغوں غٹرغوں کرتے تو میری بیٹی بڑی توجہ سے سنتی، جیسے بچپن کی باتیں کہہ رہے ہو۔

"بابا ___ یہ باتیں کر رہے ہیں نا ___"

لیکن وہ دو دن سے لوٹ کر نہیں آئے۔ پانی کا برتن بھرا رکھا ہے ___ میری بیٹی کی کٹوری بھر کر رکھی ہے۔ کواڑ بالکونی صاف ہے۔ نہ بیٹھے نہ ٹنگے ___ وہ جوڑا طاق میں رہتا تو یہ خاموشی تو نہ ہوتی۔ وہ باتیں کرتے رہتے' ہم سنتے رہتے۔

میں کھڑکی سے آسمان کو دیکھتا ہوں ___ وہی دھواں پہاڑ ابر نیلا سے دور تک پھیلا ہوا آکاش ہے ___ یہ بھی کہ نہیں ... لوگ کہتے چلے گئے ہیں کہ پرندے ___ میں نے پچھلے کئی برس پہلے بھی دیکھا تھا ___ روز دیکھتا آیا ہوں ___ لیکن اب بالکل اجنبی اور ان دیکھا سا لگ رہا ہے ___ میری آنکھیں بھی دکھ گئیں ___ یہ اب سمجھ میں کیا گیا ہے

"ترڑ ترڑ ترڑ تراخ ___ تڑاخ۔"

وسط ایشیا کا خالی آسمان اداس ۔ سرمئی سمندر
پہاڑیوں پر دھند کے گھروں پہ پانی کی سلوٹیں پر خالصتانی جھنڈا
لہرا رہا ہے ـــــ وعدے ٹوٹے ہیں پر ریت کی دیواریں
سوچ بنائے گئے ہیں ـــ ٹوٹے ہیں پر نئے خالصتانی جھنڈے
جھول رہے ہیں ـــــ اندر سے آنے والی ایک گولی نے
ایک منڈیر کو چھلنی کر دیا ہے ـــــ ہم پریس میں ہتھیار
رکھ سکتے ہیں، مورچے بنا سکتے ہیں، قتل اور ریپ کر سکتے
ہیں ـــــ حکومت دخل نہیں دے سکتی ـــــ مندر کی
مریادا بھنگ نہیں کر سکتی ـــــ جب اچانک پولیس کا
ایک جوان اندر سے آنے والی گولیوں سے زخمی ہوا تھا تو اس
گولی نے کہا تھا ـــــ ہمارا دھرم سیاست سے الگ نہیں:

• تم ایک لاکھ دو ـــــ کمرہ نمبر ۴۷ میں آؤ •

• تمہاری بیٹی ہمارے جرنیل کو پسند آگئی ہے •

• اس شہر میں کوئی لاش نہیں ہے •

کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور دہلی کا نام خوشونت نگر
ہے ـــــ •

• پریس میں کوئی آتنک وادی یا ہتھیار نہیں ہیں:

• مندر میں رہنے والوں کی چادر تلاش لی جا سکے
پر ہیرا گورو جی کا فتویٰ دیتا ہے ـــــ پنتھ کے لیے خطرہ ہے •

میں اخبار پڑھنا چاہتا ہوں ـــــ مگر رکھ دیتا
ہوں، اخبار باقاعدگی سے آ رہے ہیں ـــــ پنجابی اخبار
لکھتا ہے ـــــ

جسم میں نفرت کی آخری بوند تک دھرم کے لیے
ایک چاہیے سبھا ـــــ کہ [illegible] کا دھرم ـــــ ہے
انگریزی اخبار [illegible] دہشت گرد نہیں کہتا، ہندی اخبار [illegible]

• آتنک وادیوں نے ایک ہی پریوار کے نو افراد کی
بے رحم ہتیا کر دی۔ مرنے والوں میں دو سال کی معصوم
بچی بھی شامل۔ دیہاتوں سے ہندو پریوار پلائن کر گئے:

زیادہ مہذب لوگوں کے لیے ملک کا ایک کثیر الاشاعت
انگریزی اخبار چھاپتا ہے۔ اس نے جرمنی سے جدید قسم کی
مشینری امپورٹ کی ہے ـــــ اس کا ہر نامہ نگار ہر مرحلے
میں مرکزی حکومت کو ذمہ دار ٹھہراتا ہے ـــــ سب اخبار
نعرہ دہرا چکے ہیں ـــــ

ہم سیکولر ہیں۔
ہم جمہوریت پسند ہیں
ہم امن پسند ہیں۔

اس دھرتی میں سب کو آئینے کے چہرے میں دیکھنے
کی آزادی ہے ـــــ

میں بہت دنوں سے اپنے گھر میں قید ہوں ۔ یہ
گمان نہیں کہ اس بار اس مدینے کے بعد کوئی ایکشن [illegible]
واقع ہو جائے ـــــ گلی کا دروازہ بند ہے ۔ باہر پولیس کا
پہرہ ہے۔ سرکاری ریڈیو اعلان کرتی پھرتی ہے کہ کرفیو آرڈر کی
خلاف ورزی کرنے والے سے سختی سے نپٹا جائے گا۔

• بات سنو [illegible] شام کے لیے [illegible]
[illegible] ـــــ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کتاب [illegible] ہے۔ میں کہتا ہوں ـــــ
• [illegible] ـــــ

'میں پوچھتا نہیں کب آیا ___'

میں پھر چلنے لگتا ہوں۔ میری بیوی ادھر سے پکار کر چلتی ہے ___ میں کہتا ہوں ___ سر زمین آج نہیں کل ___ وہ غالباً جانتی ہے اور میں بھی کہ کل کو وہ مسئلہ پھر اٹھائے گی اور میں ___ میں اس وقت بچتا ہوں ___ شاید اسے لگتا ہے کہ میں پریشان ہو رہا ہوں ___ گاؤں کی سڑک پار کر کے چلا جاتا ہوں ___ پھر سوچتا ہوں وقت تو کٹ ہی جاتا ہے گزر ہی جاتا ہے۔

گلی میں بچوں کی چیخیں گونج رہی ہیں۔ کمال کی کہانیاں اس کی گلی سے اٹھ کر جاتی ہیں۔ [illegible] کی بے چینی [illegible] ہے' وہ درد اور خوف سے [illegible] بچے اس کے پیچھے ہیں [illegible] ٹھیکیدار [illegible] آواز گونجتی ہے۔

'چپ کرو حرام زادو ___'

'مرغی سیہاں' [illegible] حرام زادہ نہیں کہتا ___ یہ تو [illegible] ہیں ___ ' رتی [illegible] کر دیں [illegible] ہے۔ شاید [illegible] تھی

'ہاں ہاں ___ کوئی [illegible] نہیں ہو سکتی ___!'

رتی [illegible] ہے۔ اسے شاید معلوم نہیں کہ [illegible] کتیا اور [illegible] مکان کی [illegible] اس مرتبہ وہ [illegible] دیتا ہے۔

'[illegible] سب کو گرا دیں'

دیا دوں گا۔'

'آؤ [illegible] رتی والا لگتا ہے اور [illegible] سر پر [illegible] گیا ہے ___ سمجھ کے ہو تو سب ___ بول کر نہیں آئی تھی ___ وہی [illegible] رہتا ہے۔ ایک دم [illegible] ٹھیکیدار سے پوچھتا ہے۔

'مرغی سیہاں' کچھ پتہ چلا بشنو کا ___'

'وہ بابا صاحب میں کوئی دلچسپی ہو ___'

'[illegible] مت جا [illegible] ___ کبھی [illegible] نہیں پڑھتا ___ بچے گھر سے کہیں ___'

میری بیوی دو باسی روٹیاں گلی میں پھینک دیتی ہے۔ دراصل یہ روٹیاں اس نے [illegible] کے لیے [illegible] شاید اس کی طرف سے [illegible] ہر [illegible] کا خیال آگیا تھا ___ آدمی کتنا چالاک ہے ___ ہر بات میں اپنا فائدہ تلاش کر لیتا ہے ___

کتیا روٹیاں [illegible] کشمیری لال نے [illegible] کچھ بندھی بوریوں کے [illegible] میں جا بیٹھتی ہے۔ [illegible] کشمیری لال کا [illegible] سبزی [illegible] اور [illegible] بیچتا ہے [illegible] رکھتا ہے ___ وہ شاید کتیا اور پلوں کو نکالنے کے لیے آتا ہے۔ پھر کچھ سوچ کر لوٹ جاتا ہے ___ شاید [illegible] کا خیال۔ میری بیوی کہتی ہے ___ کشمیری لال سے آلو پیاز [illegible] اس کے پاس ضرور [illegible] ہو گا ___ میں نیچے جاتا ہوں۔ وہ اپنے مکان کی ڈیوڑھی میں اداس اور پریشان سا بیٹھا ہے ___ اس کی بیوی شانتی [illegible] سی رہی ہے۔

'آؤ وکیل صاحب ___' وہ اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے۔

• آؤ بھیا! آ جاؤ [illegible] ___

• کسی دن کی بات ہے [illegible] کہاں گئے تھے ___ آپ نے بتایا ہی نہیں ___

میرے اندر بہتر گفتگو سے [illegible] کہیں جاگ اٹھا ہے۔ یہ شخص ہماری بیوی کا فائدہ اٹھانے سے زیادہ پیسہ چاہتا ہے۔ میں دھیمے لیکن پر اعتماد لہجے میں کہتا ہوں۔

• زیادہ بھاؤ لگاؤ ___

• کیسی بات کرتے ہیں جی ___ ایک تو آپ پڑوسی [illegible] ان حالات میں [illegible] لیں گے ___ آپ اندر آ کر دیکھیے

میں اندر نہیں جاتا۔ لوگ حالات کا فائدہ اٹھانے ہی آئے ہیں۔ کشمیری لال [illegible] ہے۔ نہیں دینا چاہتا تو نہ سہی، دال اور اچار تو ہے ___ مگر نہیں جائیں گے ہم آگے [illegible] ___ میں اپنے مکان میں داخل ہونے لگتا ہوں تو درشن سنگھ آواز دے لیتا ہے۔ میں اس کے پاس جا بیٹھتا ہوں۔ اس کے ہاتھ میں پرانے تاش کی گڈی ہے ___ وہ [illegible] بانٹتا ہے ___ میں [illegible] پتّے اٹھا لیتا ہوں ___ میں تاش کھیلنا شطرنج میں وقت ضائع کرنا پسند نہیں کرتا۔ میرا خیال ہے یہ کھیل سپاہیوں اور پولیس کے لیے بنائے گئے ہیں، [illegible] لگا دو۔

• بھائی! یہ سب [illegible] ختم ہو گا ___ • درشن سنگھ کی بیوی پوچھتی ہے۔

• [illegible] کا کنارہ [illegible] ___ مکان بند بھی نہیں [illegible] ___ [illegible] ___ آگے تو [illegible] کسی کی نیت [illegible] پتہ کب بدل جائے ___ کچھ تو سوچ سمجھ کر نہیں آتی۔

• [illegible] اور دھرم [illegible] رہے ___ • اس کی بیوی بتاتی ہے ___ • [illegible] ___

• کچھ نہیں ہوتا ___ • [illegible] خود کشی [illegible] ___ [illegible] سب ٹھیک کرے گا •

میں محسوس کرتا ہوں اسے خود اپنے پر یقین نہیں ہے

• بھائی جی، [illegible] ___

• نہیں ___ [illegible] گرمی بھی تو بہت ہے ___ میں پتّہ اٹھا دیتا ہوں۔

درشن سنگھ اعتراض کرتا ہے [illegible] کہتا ہے وہ [illegible] پھینک دیتا ہے۔

• میں کہتا ہوں [illegible] سارے شہر میں [illegible] ہو جائے۔ یہ [illegible] ہے ___ [illegible] ___

• بھائی، سال بھر سے اوپر ہو گیا ہیں [illegible] سب نے کہا تھا [illegible] لیکن یہ نہیں گئے۔ [illegible]

مجھے یاد آیا کہ وہ چار ماہ [illegible] کی ترقی کی [illegible] سے ۵۰ ہزار روپیہ [illegible] تھا ___ [illegible] ___ اور [illegible] ہو گیا تھا۔

[illegible] گھر [illegible] آتا ہے۔ [illegible] دروازہ تو [illegible] ___ [illegible] مکان کے باہر [illegible] رکھ کر گیا ہے۔ [illegible] کے نیچے [illegible] ہے۔ [illegible] استعمال [illegible]

[illegible] ہے

[illegible] ہے ___ شاید

[illegible] نہیں [illegible] خیال

[illegible] ہے۔

[illegible] ___ [illegible]

[illegible] ہے۔

میں کچھ نہیں [illegible] شاید کچھ کہنے کو رہ بھی نہیں

گیا ہو ___ میں سوچتا ہوں کہ ہم [illegible] ہیں

[illegible] نہیں ___ میں

[illegible] ___ [illegible]

ہے ___ [illegible]

[illegible]

[illegible] ___ میں کہہ رہا ہوں۔

کیا سوچ رہے ہو [illegible] ___؟

کچھ نہیں ___۔

[illegible]

[illegible] ___ [illegible]

[illegible] ___

[illegible] ہے ___ وہ [illegible]

[illegible] ہے ___ [illegible]

نہیں کر سکتے۔

کوئی اس کی بات کا جواب نہیں دیتا وہ آگے [illegible]

جاتی ہے

[illegible] سکھ کی بیوی

کہتی ہے ___ اس [illegible]

[illegible] تھا ___۔

[illegible] ___ آج [illegible] صاف نہیں کی [illegible]

[illegible] ___ [illegible]

[illegible]

[illegible] ہے

[illegible]

[illegible] یہاں [illegible]

کیا ہو گیا بچو [illegible] ہے ___ یہ

لوگ یہاں مزدوری کرنے لگے ہیں تو کیا ہوا [illegible]

[illegible] ہے ___

انہیں وہاں سے کوئی نکال دے تو ___ یہ یہاں آ کر [illegible]

[illegible] مزدوری [illegible] کرتے ہیں نا ___ مت

اس [illegible] کے پیچھے پڑی رہا کر ___ کیا کہتا ہے مجھے ___۔

کچھ نہیں صاف کی آج اس نے ___۔

[illegible] بیٹا [illegible] ہے، [illegible] دن سے صفائی

کرنے والے بھی تو نہیں [illegible] ___ چلا گیا

[illegible] ہے:

تو سب کی [illegible] شاید [illegible]

[illegible] ___ [illegible]

ماہ پاشا ... کی ... رہتی ہے۔
"ہم ... کوئی حیثیت کی نہیں ... [illegible]
[illegible] ... ہم ___ ہم تو
[illegible]
یہ ... [illegible] ... تو ___ وہ ایک
[illegible]
[illegible]

ایک دم ... ہو جاتی ہے۔ ... کی گھر
[illegible]
[illegible] ... دیکھتا ہے۔
"... [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ... میری بیوی
[illegible] ... پریشان ہے
کیا بات ہے؟ ... ہے۔
"... [illegible] ... چائے ... رہے
... [illegible] ... گی ___ ۔"

میری بیوی ... [illegible] ... ہے ... [illegible]
پاکر کہتی ہے۔
"کل سے ہی چائے پتی ... ختم ہے۔"
میں سوچتا ... ہے۔ چار ... [illegible]
[illegible] ... لیکن میری بیوی ... [illegible]
[illegible] ___ [illegible]
کہیں سے ... ___ [illegible]
کشمیری لال کی بیوی چلی گئی ہے تو میری بیوی ... [illegible]
بیچاری سی آواز میں کہتی ہے۔
"بچے اندر جا بیٹھو تو لے جاؤ۔"
"نہیں جی ___ کشمیری لال کی بیوی چلی گئی ہے۔"
وہ ... [illegible] ... آئی ہے
میں نہ جانے کیوں کہتا ہوں:
"اندر آجاؤ ___۔"
"کس سے باتیں کر رہے ہو" میری بیوی ... ہے۔
وہ ... [illegible] ... ادھر دیکھتی ہے۔ پھر ...
مجھے دیکھتی ہے۔ میں مسکرا دیتا ہوں

آر کے ... دہلی ... [illegible]



علی امام نقوی

بازگشت

آگ کے شعلوں سے بستی روشن ہوئی تو اس نے معنی خیز انداز میں اپنے جوان بیٹوں کے چہروں پر موجود پریشانیوں کے سائے کچھ بڑھتے ہوئے دیکھے۔ کنکھیوں سے بچوں کے باپ ہزارہ سنگھ کے چہرے پر نظر ڈالی جو کسی گہرے تفکر میں ڈوبا ہوا تھا۔ دوسرے ہی پل اس کی نگاہوں کا زاویہ تبدیل ہو کر سولہ برس کی بیٹی کے چہرے کو اپنے حصار میں لے آیا۔ وہ مکان کے سب سے اوپری حصے میں گرو جی کی بیڑ کے سامنے ہاتھ جوڑے من ہی من میں سب کی سلامتی کی دعائیں مانگ رہی تھی۔ سب کو ہراساں دیکھ دل ہی دل میں وہ مسکرائی۔ پھر کچھ سوچ کر چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے زینوں کی طرف بڑھ گئی۔ ہزارہ سنگھ نے تفکر کے کنویں سے سر ابھار کر اس کو دیکھا اور اپنے بڑے بیٹے سے بولا۔

"پُت کرا ای انصاف دی گل نئیں اے۔ اک بندے دی سزا۔۔۔۔"

"تسی بھُل رئے ہو باؤ جی۔"

بیٹے نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے معنی خیز انداز میں جواب دیا تو ہزارہ اپنے بیٹے کو گھور کر رہ گیا۔ باپ اور بیٹے کے درمیان دو جملوں کی گفتگو اس نے بھی سنی۔ ان کے اضطراب نے اس کے اپنے دل کا دریچہ کھول دیا تھا۔ دل میں قید مسکراہٹ چھلانگ لگا کر اس کے ہونٹوں پر براج گئی۔ وہ مکان کی چھت پر پہنچ چکی تھی اور اطمینان سے ادھر ادھر سے اٹھتے ہوئے آگ کے شعلوں کا رقص دیکھ رہی تھی۔ قرب و جوار سے ابھرنے والی امدادی صدائیں جوں ہی اس کی سماعت سے ٹکرائیں تو اس کے ہونٹوں پہ براجی مسکراہٹ کچھ اور پھیل گئی۔ ٹھیک اسی وقت ہوا کا جھونکا اپنے دامن میں جلتے جسموں کی چراند کا بھبکا لیے اس کے نتھنوں سے ٹکرایا اور اس کی مسکراہٹ ہنسی میں تبدیل ہو گئی۔

"ہاں جی۔ تسی کہتے ہو:"

سولہ برس کی ہرجیت کور کو مخاطب کرتے پریاس نے پلٹ کر اس کے سراپے کو دیکھا۔ ہرجیت کے پورے وجود پہ کپکپی طاری تھی اور اس کی آنکھوں میں خوف کے تنکے بلبلے پھوٹ رہا تھا۔

"بی بی.... تسی کتھے ہو.... ویکھو... ساڈے پاسے آگ لگی اے۔"

"ہوں"

"ہوں کی بی جی؟"

"تھکی تھکی۔ نڈھال سی سینتیس برسوں کے بن باس سے لوٹتے ہوئے دیکھ رہی ہوں.... تو.... تو نیچے جا.... بھائیوں کے پاس۔"

"تھلے۔"

"ہاں۔ کیہر اور چھوٹے کے پاس۔"

"تسی اتے کی کر رئی ہو... تسی وی تھلے آؤ۔"

"تو جا ہرجیت۔"

اس کے تھکانہ لہجے کی کرختگی محسوس کرتے ہی ہرجیت زینوں کی طرف بڑھ گئی۔ اس نے اپنے جسم کے بالائی حصے کو اک ذرا سا جھکانے کے بعد نیچے صحن میں سر جوڑے بیٹھوں اور بزاروں شکھ کو دیکھا پھر زینے اترتی ہرجیت کو جو حسرت اور بے چارگی سے اسے دیکھتے ہوئے بے دلی سے زینے طے کر رہی تھی۔ اس نے اپنے خمیدہ وجود کو سیدھا کیا اور پھر ایک مرتبہ جلتے ہوئے مکانوں کو دیکھنے لگی۔ فضا آہوں، کراہوں اور چیخوں سے اٹی پڑی تھی۔

رینگتی ہوئی ٹرین ایک جھٹکے سے رکی تو کمپارٹمنٹ میں بیٹھے ہوئے مردوں کے ذہنوں میں موجود تشویش نے جھنجھلاہٹ اختیار کر لی تھی۔ جہاں گاڑی کے رکتے ہی مستعد ہو گئے ان میں سے بیشتر نے پل بھر کی خاطر کمپارٹمنٹ کے بند دروازے کو دیکھا اور دوسرے ہی پل اپنے عزیزوں کو۔ یکایک وہ سب ہی چونک پڑے تھے۔ ایک دم سے بہت سی آوازوں نے کمپارٹمنٹ کے دروازوں اور کھڑکیوں پر حملہ کر دیا تھا۔ کمپارٹمنٹ میں بیٹھا شخص بھرے مسافروں نے اپنی اپنی خوف زدہ نظروں سے کھڑکیوں کے اس پار چمکتی ہوئی کرپانوں کو دیکھا۔ بوڑھی اور ادھیڑ عورتوں نے کم سن اور جوان ہوتی ہوئی بچیوں کی پنڈلیاں چھاتیوں سے لپٹالیا۔ اس اضطراری فعل سے وہ اپنے دلوں کے خوف پر قابو پانے کی ناکام کوشش کر رہی تھیں یا پھر

کہ حواس بندھا رہی تھیں۔ صدر دروازہ پیٹا جا رہا تھا اور ہر طرف گھبراہٹ کی فضا سے
لپٹے دلوں پر محسوس کر رہی تھیں۔

دفعتاً ایک فائر ہوا۔ سب نے چونک کر دیکھا۔ ایک جوان نے اپنی خوبصورت بہن کو
چھاتی میں گولی داغ دی تھی اور وہ دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دے رہا تھا کہ ایک اور
دھماکہ ہوا کمپارٹمنٹ کا دروازہ کھلا۔ گولیاں چلیں اور وہ جوان تیورا کر گرا جس کے ہاتھ میں
ریوالور موجود تھا۔ عورتوں کی چیخیں بلند ہونے لگیں۔ گرتے گرتے بھی اس جوان نے اپنا ریوالور
حملہ آوروں پر خالی کر دیا تھا ادھر بھی تین چار گرے تھے۔ اور
دوسرے ہی پل نیزوں کی انیاں جوانوں کے سینوں کو برمانے لگیں۔ کرپانوں نے مردوں
کے گلے کاٹ لیے۔ ان کے پیٹ چاک کئے۔ ایک کے بعد ایک دل خراش چیخ ابھرتی، اور کسی کی
چیخ میں معدوم ہو جاتی۔ عورتیں جبراً اتاری جانے لگیں، جن عورتوں نے اپنی بچیوں کے تحفظ
کی خاطر کوشش کی انھیں ذبح کر دیا گیا۔ ان کے بعد ایسی عورتوں اور لڑکیوں کو، جنہوں نے اپنی چھوٹی
بہنوں کی مدافعت کی رتی بھر بھی کوشش کی۔ خود اس کی اپنی بہن بھی اس کے سامنے دیوار سے لگی کھڑی
تھی اور اس کے سامنے ایک جوان ہاتھوں میں سنگین لگی بندوق تھامے کھڑا تھا۔ موت سے دونوں
بہنوں کے سامنے تھی اور جوان کے روبرو تھر تھر کانپتی دو بے یار و مددگار لڑکیاں۔

"باجی"
اس کی لرزتی ہوئی آواز ابھری۔ بہن نے جرأت کا ذرا سا مظاہرہ کیا اور جواب میں اس
کی باجی کی دل خراش چیخ ابھر کر رہ گئی۔ اس کے اور حملہ آور جوان کے درمیان موجود دیوار گر چکی
تھی۔

"کی سوچ میں گم اے بزرا اے"۔
"ویکھ۔ کی چیز اے۔ ماں دے خصم اے نوں اُٹھ کے لے جارے ہو مسے"۔
"توڑا ای وچار اے"
"اے نوں میں گھر لے جاواں گا"
"مسلی نوں"
"آ پھر .... ویکھ تسی .... کُڑی تیں سٹے دا گلاس اے"۔
"پیٹ پھاڑ اور ختم کر اے نوں"۔

"اوئے تے۔ کی گل کر دا لئے:"

ہزارہ واقعی اسے اٹھا کے لے گیا تھا۔ ساتھیوں کے منع کرنے کے باوجود بس۔ گھوڑی کر اس نے بار بار اس کی عزت لوٹی۔ پھر تو اس کی آبرو ہزارہ کی خواہش کی پابند ہوتی چلی گئی۔

سارا ہنگامہ ختم ہو چکا تھا۔ جنون کا دریا اتر جانے کے بعد ہزارہ نے اس کا دل جیتنے کی بھی کوششیں کی تھیں لیکن اس نے تو اپنے ہونٹ سی لئے تھے۔ اکثر ہزارہ اس سے پوچھتا۔

"تو اتاں نوں کدوں بھلا دیں گی؟"

مگر۔ اس کے پاس ہزارہ کے سوال کا ایک ہی جواب تھا۔ خاموشی۔ بس۔ گہری خاموشی۔ شروع شروع ناشتہ پانی کا انتظام ہزارہ نے ہی کیا تھا۔ پھر چولہا چوکا خود اس نے سنبھال لیا۔ اپنے پر گزر جانے والی قیامت کے اعصاب شکن احساسات کے اثرات زائل کرنے کی خاطر ہی اس نے مصروفیت کا سہارا لیا تھا اسی قیامت کے عذاب کو بھلانے کی خاطر اس کی کوکھ نے بھی جانیں اگل دی تھیں۔ بیٹا کہر سنگھ، چھوٹا کرم جیت سنگھ اور ایک بیٹی ہر جیت کور۔

وقت پر لگا کر اڑتا رہا۔ ہزارہ کے بچے بڑے ہونے لگے۔ تب اسے خیال آیا کہ گاؤں کی زندگی اس کے بچوں کو بہتر مستقبل فراہم نہ کر سکے گی۔ اپنی زمین فروخت کرنے کے بعد وہ دہلی منتقل ہو گیا۔ راجہ عالی پہنچ کر اس نے پرچون کی دکان کھولی۔ کاروبار کے ترقی پاتے ہی دکان بڑے بیٹے اور ملازم کے سپرد کر کے اس نے موٹر سائیکل کے پرزوں کی ایجنسی لے لی۔ ترقی نے یہاں بھی اس کے قدم چومے اور ۔۔۔ آج ہزارہ کی بچی ہر جیت اسی دہلیز پہ کھڑی تھی جہاں سے خود اس کی اپنی زندگی میں انقلاب آیا تھا۔

جلتے ہوئے مکانوں کی آگ کی روشنی اس کے چہرے پہ پڑ رہی تھی اور نیچے گلی میں کھڑا ہزارہ اس سے مخاطب تھا۔

"اوئے تسی تھلے آجا ۔۔۔ اتے کی کر رئی ایں۔"

چھت کی کگار پر ہتھیلیاں ٹیک کر اس نے سر جھکا کر نیچے دیکھا۔ پھر نگاہیں کو اس سے پہلے کہ وہ ہزارہ کی بات کا جواب دیتی۔ بلوائیوں نے مکان پر دھاوا بول دیا۔ ہر جیت ڈر کے مارے کمرے میں بھاگی۔ پل بھر میں ہزارہ کے کرم جیت کا دھڑ کٹ کر دیکھا۔ پھر گھٹنوں پہ گئی

بولا کرپال کی آنکھوں میں آنکھیں ہی کچھ فیصلہ ہوسکے وہ اس سے پہلے کہ کرپال اس کی طرف بڑھے
دروازہ توڑ کر کمرے میں گھس گیا۔ دیکھا کہ جلتے ہاتھوں میں جلتی ہوئی مشعلیں۔ لاشیں اور چند
دوسرے ہی لمحے تب ایک ہاتھ بڑھا کر جیسے کیسر کی سمت سردار ہزارہ کی طرف بڑھا کر کرم
جیت کی طرف بڑھا تو ایک بھالا اس کا پھر اس کے پیٹ میں اتر گیا۔ ہزارہ سنگھ گرا اور آگے بڑھا دوسرا
بھالا نے اچھالا اور اس کے سینے پھینک دیا اور ٹرگر پر اپنی انگلی کو دباتے ہوئے گولی دینے
لگا کرم جیت دہشت زدہ اب سمجھا اس کی گرفت میں تھا ایک نے اس کا کام بھی تمام کر دیا تب کسی
نے چیخ کر سب کو مخاطب کیا۔

"ایک عورت اور ایک لونڈیا اور ہوگی اس مکان میں۔"

وہ سنبھل گئی۔ اس نے اپنے سارے وجود سے جتنی مجبوریں اور صحت ہے سمیٹ کر
گئی چند ثانیوں کے لئے تمام حملہ آوروں پر سکتہ طاری ہو گیا۔ اندر کا سے کرلے جائے ایک
بھالا نیچا کئے۔ ڈال پھر کر کرم جیت اور ہزارہ کی لاشوں کو دیکھتے ہوئے قدم کی طرف بڑھا

"سوچو کیا ہو۔ ختم کرو۔"

"اور لونڈیا کو اٹھالو۔"

"بی جی —— ہر جیت کی کانپتی ہوئی آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی۔

"بابی —— کہیں —— بہت دور سے خود اپنی آواز بھی اس نے سنی۔

"بی۔ جی —— ہر جیت نے اسے پھر پکارا۔

"بابی —— خود ہی آواز۔ اب اس نے بہت قریب سے سنی۔"

"بی . . . . جی —— ہر جیت ہڑبڑا کر کمرے سے نکل آنے کی حماقت کر بیٹھی۔

"سوچو کیا ہو۔ ٹھکانے لگا اسے۔ اور اٹھالو۔ لونڈیا کو۔

اس نے دیکھا ایک بندوق بردار اس کا نشانہ لے رہا تھا۔ پل بھر میں اس نے ایک
فیصلہ کیا۔ سرعت سے مڑ کر اس نے ہر جیت کو اپنے سے الگ کیا۔ لپک کر کرپان نکالی اور آن واحد
میں وہ کرپان ہر جیت کے پیٹ میں اتار دی۔
وہ جو نشانہ لے رہا تھا۔ بندوق اس کے ہاتھوں میں لڑکھڑا گئی۔ اٹھی ہوئی لاٹھیاں جھک
گئیں۔ مشعلوں میں روشن آگ کچھ اور بھڑک چلی تھی۔ فرش پر ہر جیت آخری سانسیں لیتے ہوئے تڑپ
رہی تھی اور مشعلوں کی روشنی میں ماں اور بیٹی۔ دونوں کا چہرہ تمتما رہا تھا۔

(الفاظ علی گڑھ افسانہ نمبر ۱۹۸۰)

گربچن سنگھ

بھیڑیا

گرسا رات اُس کے ساتھ ہی سویا تھا پر سویرے جب اُس کی آنکھ کھلی تو دیکھا، وہ چارپائی پر نہیں تھا۔

وہ روز دیر سے سو کر اُٹھتا تھا۔ اُٹھنے کے بعد بھی کافی دیر تک بیٹھا اُونگھتا رہتا اُسے بہت نیند آتی تھی۔ دن بھر وہ گھر کے آنگن میں کھیلتا رہتا۔ شاید اس لئے وہ بہت تھک جاتا تھا۔

گرسا اس کا چھوٹا بھائی تھا۔ جب وہ بہت چھوٹا تھا تو وہ اُسے گود میں لئے پھرتی تھی اب وہ کچھ بڑا ہو گیا تھا۔ اب وہ اُسے گود میں لینے کی بجائے اس کی اُنگلی پکڑ کر اسے گھمایا کرتی تھی گرسا اُنگلی تھامے ایک دو گھروں کے سامنے سے ہو کر پھر واپس اپنے گھر لوٹ آتا۔

گاؤں بڑا نہیں ہے۔ یہی آٹھ دس گھر ہوں گے ——— گاؤں والوں میں سے کسی کسی کے پاس تھوڑی بہت زمین ہے۔ اس میں کب کیا کیا پیدا ہو گا، کب نہیں، کوئی کچھ بتانے سے قاصر ہے۔ ہاں یہاں سوکھی گھاس دیکھنے کو مل جاتی ہے۔ جس پر جانور منہ مارتے رہتے ہیں۔

گاؤں کے پاس ایک چھوٹی ندی ہے۔ اُس پار ایک جنگل ——— گاؤں کے لوگ اُس جنگل میں پتے توڑنے اور لکڑیاں کاٹنے چلے جاتے ہیں۔ اِدھر گاؤں سے کہیں دور جا کر لکڑیاں اور پتے بیچ آتے ہیں۔ کچھ بڑی عمر کے لڑکے، لڑکیاں، عورت مرد، نہانے کے لئے ندی کی طرف جاتے ہیں۔ پینے کے لئے پانی بھی وہیں سے لاتے ہیں۔ چھوٹے بچے اس طرف نہیں جانے دیئے جاتے کیوں کہ ندی کے اس پار جنگل کے بھیڑیوں کا ڈر لگا رہتا ہے۔

کچھ دن پہلے سکری اپنی ماں کے ساتھ ندی سے پانی لانے گئی تھی۔ گرسا کو ساتھ نہیں لیا تھا۔ ندی کا پانی کچھ اُجلا اور صاف تھا۔ نیچے ریت دکھائی دیتی تھی۔ اُس پار جنگل ہرا بھرا سا دکھائی دے رہا تھا۔ اسی جنگل میں تو بھیڑیئے رہتے ہیں ——— پر دکھائی نہیں دیتے۔

ماں بھیڑیئے دکھائی کیوں نہیں دیتے..... وہ اُس نے ماں سے پوچھا تھا۔

"وہ چھپ جاتے ہیں۔ رات کے وقت جھاڑیوں سے باہر نکلتے ہیں۔"

"کیا انہیں رات کے اندھیرے میں بھی دکھائی دیتا ہے؟"

"ہاں ان کی آنکھیں دیکھا کرتی ہیں۔"

"کیا تم نے بھیڑیے دیکھے ہیں؟"

"دیکھے ہیں.....؟"

سن کر سکری کانپ گئی تھی۔ ماں سے پوچھا تھا!

"ماں! بھیڑیوں کو دیکھ کر تمہیں ڈر نہیں لگا تھا؟"

"نہیں.....!" "کیوں؟"

"وہ مرے ہوئے تھے ان کی آنکھوں میں چمک نہیں تھی....."

گرسا کہاں ہے.....! کہیں رات کو کوئی بھیڑیا اسے اٹھا کر تو نہیں لے گیا.....!

اس کا دماغ پھر اسی سوچ میں الجھ گیا تھا۔ وہ ماں کے پاس گئی ـــــ ماں آنگن
ں بیٹھی کے درخت تلے، لکڑی کو اس نظروں سے اُن پیڑوں کو دیکھ رہی تھی جو مرجھاتے ہوئے اپنی
ں کے تھن چوس رہے تھے ـــــ شاید بکری کے تھنوں میں دودھ نہیں تھا۔

سکری آگے بڑھ کر ماں کی ٹانگوں سے لپٹ گئی۔ اس نے دیکھا ماں کی آنکھوں سے
دو آنسو لڑھک کر اس کے گالوں پر ڈھلک آئے ہیں۔

"ماں گرسا گھر میں نہیں ہے.....؟"

ماں نے شاید اس کی آواز نہیں سنی ـــــ وہ خاموش تھی۔

"ماں..... گرسا.....!"

ماں خیالوں میں کھوئی سی چونک اُٹھی۔

"گرسا.....! ہاں، اپنے بابا کے ساتھ گیا ہے۔"

"کہاں گیا ہے ماں؟" "..... جنگل اس پار....."

اُسے ماں کی بات کا یقین نہیں ہوا۔ بابا تو جنگل اس پار لکڑی کا پشتارا بیچنے جاتے ہیں۔
اکیلے تو، کبھی گاؤں والوں کے ساتھ۔ گرسا کو کبھی ساتھ نہیں لے جاتے۔"

"ماں! بابا گرسا کو اپنے ساتھ کیوں لے گئے ہیں؟"

"وہ بیمار ہے۔ اس کی طبیعت ٹھیک نہیں۔"

"یہ بھی جھوٹ ـــــ کل ڈگرسا اچھا بھلا تھا ـــــ دن بھر اس کے ساتھ کھیلتا رہا تھا ـــــ ہاں ایک جھونٹے نے اسے کاٹا تھا، پیر سے خون نکل آیا تھا۔ وہ رونے لگا تھا۔ اس نے اُسے گود میں اٹھانے کی کوشش کی تھی۔

ماں نے اس سے کہا: "جا جھاڑیوں کے پیچھے جا کر جھاڑا کر لے۔ منہ ہاتھ دھولے۔ پھر موڑی کھانے کو دوں گی۔"

وہ بے دلی سے جھاڑیوں کی طرف چلی گئی۔

اُسے یاد آتا ہے، کچھ دن پہلے جب اندھیری رات کے بعد چاند نکلنے لگا تھا اور چاند کی روشنی اندھیرے کو کھانے لگی تھی، تو ایک رات دو پرائے آدمی خونخوار بھیڑیوں کی پروا کرتے ہوئے، جنگل اس پار سے اُس کے ہاں آئے تھے ـــ وہ گھر کے باہر پرانے مچان میں بیٹھ کر باتیں کرنے لگے تھے۔ ماں دروازے کے پاس کھڑی ہو کر ان کی باتیں سننے کی کوشش کر رہی تھی۔ ماں، بابا اور آنے والے وہ ناواقف آدمی ـــــ یہ سب کیا ہو رہا ہے، اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔ بلکہ کچھ تعجب ہو رہا تھا۔ گرسا اس رات سو رہا تھا۔

اس درمیان بابا اس کے پاس آیا اور اُس کا ہاتھ پکڑ کر بولا تھا:

"سکری چل تو میرے ساتھ۔"

جوں ہی بابا اسے ساتھ لیے دروازے تک پہنچا ماں راستہ روک کر کھڑی ہو گئی تھی:

"میں اسے نہیں لے جانے دوں گی۔"

"وہ دیکھنا چاہتے ہیں۔"

"میں نہیں دیکھنے دوں گی۔"

"بغیر دکھائے بات کیسے بنے گی۔"

"نہیں، بیٹی گھر پر ہی رہے گی۔"

یہ باتیں بہت آہستہ آہستہ ہوئی تھیں، جنہیں شاید وہ آنے والے آدمی نہیں سن پائے تھے۔

"ٹھیک ہے تو رکھ اپنی بیٹی کو سنبھال کر ـــ میں انہیں واپس بھیج دیتا ہوں ـــ"

کہتا ہوا اُس کا باپ اُن آدمیوں کے پاس چلا گیا تھا۔

ماں نے اُسے پچکار کر کہا "جا میری بیٹی جا کر سو جا۔"

ماں کی آواز بھاری تھی۔ مہوا کے تیل سے جل رہے چراغ کی مدھم سی روشنی میں وہ صرف یہی کچھ دیکھ سکی تھی۔

تھوڑی دیر بعد بابا پھر اندر آیا تھا اور سوئے ہوئے گرسا کو گود میں اٹھا کر باہر لے جانے لگا تو ماں نے اسے پھر ٹوک دیا تھا "کیا کر رہے ہو؟"

"اب مجھے مت روکو۔"

"میرا دل گھبراتا ہے۔"

"دل پر پتھر رکھنا پڑے گا۔"

"تمہیں کیا، سب اچھا لگتا ہے؟"

"میں نے آنکھوں پر پٹی باندھ لی ہے۔"

"پٹی کھول کیوں نہیں دیتے؟"

"باتیں کرنے کا وقت نہیں ہے۔" کہتے ہوئے اس کا باپ گرسا کو گود میں لئے الف ننگے آدمی باسیوں کے پاس چلا گیا تھا۔

ماں رونے لگی تھی۔ تب اس کی آنکھوں میں بھی آنسو اتر آئے تھے۔ اس نے محسوس کیا تھا اس سے ایک بھول ہو گئی۔ اسے چاہیئے تھا وہ بابا کے پاؤں سے لپٹ جاتی۔ گرسا کو پرائے آدمیوں کے پاس نہ لے جانے دیتی ——— پر یہ سب کیا ہو رہا ہے اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

"ماں استھان میں جو لوگ بیٹھے ہیں وہ کون ہیں؟"

ماں نے کوئی جواب نہیں دیا۔

"تم نے مجھے ان کے پاس کیوں نہیں جانے دیا؟"

"جاؤ سو جاؤ۔" ماں کا جواب تھا۔

پھر گرسا اور بابا کے لوٹ آنے کے انتظار میں کب اس کی آنکھ لگ ——— گئی تھی اسے یاد نہیں۔

سویرے جب اس کی آنکھ کھلی تو اس نے گرسا کو ہمیشہ کی طرح اپنی بغل میں سوئے ہوئے نہیں پایا۔ اسے شک ہوا تھا، شاید گرسا استھان میں بابا اور ان آدمیوں کے ساتھ سو رہا ہوگا۔ اس نے استھان میں جھانکا تو وہاں اسے کوئی دکھائی نہیں دیا۔ سو کہی گھاس پر جو ہے ———

بھوک سہہ رہے تھے۔

کچھ دنوں پہلے کا واقعہ ہے ـــــ اُس کا بابا بھوکے پیٹ گھر سے باہر چلا گیا تھا۔ شاید جنگل سے لکڑی کاٹنے یا پتے توڑنے کے لئے۔ جب وہ گھر لوٹا تو اُس کا منہ سوکھا ہوا تھا۔ آنکھیں سرخ دکھائی دے رہی تھیں۔ پیٹھ پر چوٹوں کے نشان تھے۔ ہاتھ پاؤں میں کہیں کہیں خراشیں ـــ تھیں۔ اُن سے خون کی لالی باہر جھانک رہی تھی۔

"کیا ہوا.....؟" ماں نے پوچھا تھا۔ "کیا کسی سے جھگڑا ہو گیا.....؟"

"نہیں! یہاں کون کس سے جھگڑے گا؟ جھگڑنے کی قوت کس میں ہے ـــ سب تو بھوک پیاس کے مارے ہوئے ہیں۔"

"کیا پیڑ پر سے گر پڑے؟"

"نہیں پیڑ پر چڑھتا ہوا پکڑا گیا تھا۔ جنگلات کے محکمہ کے لوگ تھے۔"

"تب انہوں نے تمہیں مارا پیٹا ہوگا۔"

"ہاں.....!" "اب لکڑی چرانے کا دھندا چھوڑ دو۔"

تو کیا آج بابا پھر کہیں لکڑی کاٹنے گیا ہے ـــ نہیں اگر لکڑی کاٹنے جاتے تو گرسا کو اپنے ساتھ نہ لے جاتے۔

پچھلی رات ماں نے گھر میں اناج نہ ہونے کی وجہ سے سوہنجنا کے پتے اُبال دیئے تھے ـــ جسے اُس نے اور نہ ہی گرسا نے منہ لگایا تھا۔

یہ کچھ نیا نہیں تھا۔ اکثر رات کے وقت انہیں بنا کھائے سو جانا پڑتا تھا۔ پہلے ماں انہیں کچھ کھلانے کے لئے بہلایا کرتی تھی ـــ کبھی کوئی لالچ دے کر، تو کبھی یہ کہہ کر کہ گھر میں فلاں چیز بنے گی ـــ وہ آئے گا وہ آئے گا۔ اور وہ ماں کی باتوں کا یقین کر لیتے تھے کیونکہ اس کا کہا سچ نکلتا تھا۔

ماں ایک مرتبہ اُس سے بولی تھی ـــ سکری دیوتا ناراض ہیں رے۔ دھرتی ماتا بھی ناراض ہے۔ وہ آسمان سے پانی برستا ہے نہ زمین سے بیج پھوٹتا ہے۔ بیج نہیں اُگے گا تو اناج کہاں سے پیدا ہوگا ـــ کھائیں گے کیا؟ کال پڑ گیا ہے۔ خزاں آ گئی ہے۔"

"ماں! اکال کیسا ہوتا ہے؟..... دکھائی کیوں نہیں پڑتا.....؟"

"بڑے بھیانک ہوتا ہے۔ بھیانک! بیٹا کہیں دکھائی دیتا ہے کیا؟ وہ تو ـــ

نیچے جا اگر وہ بچ لیتا ہے۔

کچھ کچھ اُس کی سمجھ میں آگیا تھا کال پڑنا اسی کو کہتے ہیں۔ سارے گاؤں ہی کو اُس کی مار سہنی پڑ رہی تھی۔ لوگوں کو کھانا نہیں ملتا۔ بھوک نہ مٹا سکنے کی وجہ سے سب کمزور ہو گئے ہیں۔ سب کو بھیڑیوں کا ڈر ہے۔ خاص کر بچوں کو۔ بھیڑیا اکثر رات کے وقت آتا ہے اور کسی نہ کسی کو اُٹھا کر لے جاتا ہے۔

اُسے یاد ہے، ماں نے ایک دن کہا تھا:

• سنکری سے ایک دن بھیڑیا ہمارے یہاں بھی آئے گا۔۔

• اسے مت آنے دو ماں۔ آئے تو مار کر بھگا دو۔۔

• وہ ایسے نہیں جائے گا۔ کسی کو ساتھ لے کر جائے گا۔۔

سن کر بڑا ڈر لگا تھا اُسے!

• اچھا ماں لو، اگر وہ مجھے اور تیرے بابا کو اُٹھا کر لے جائے تو......!

• نہیں ماں! میں تمہیں نہیں جانے دوں گی۔ بابا کو بھی نہیں۔۔

• دیکھ! اگر ہمیں بھیڑیا اُٹھا کر لے جائے تو تو گرسا کا خیال رکھنا۔۔

تب سے وہ گرسا کے تئیں اپنی ذمہ داری کچھ زیادہ محسوس کرنے لگی تھی۔

دوپہر ہو گئی۔ بابا اور گرسا ابھی تک گھر نہیں لوٹے تھے۔ ماں نے کچھ پکایا بھی نہیں تھا۔ اُسے بھوک لگی ہوئی تھی۔ وہ ماں سے کچھ کھانے کو مانگے تو کیسے، ماں کا چہرہ اُداسی میں ڈوبا ہوا تھا جانے وہ کیا سوچ رہی تھی۔ تبھی شاید ماں کو کچھ خیال آیا اور وہ بولی:

• چل میرے ساتھ چل.....!

• اُس نے ماں سے نہیں پوچھا وہ اُسے کہاں لے جانا چاہتی ہے۔

اُس کی انگلی پکڑ کر بولی: "چلو ماں!"

اُس نے سوچا ماں اُسے جنگل کی طرف اُس راستے پر لے جائے گی جس پر سے ہو کر گرسا اور بابا کے لوٹنے کی امید ہے۔ لیکن نہیں۔ وہ اُسے منکی کے گھر کی طرف لے گئی۔

منکی کو اُس نے پچھلے چھ دنوں سے نہیں دیکھا تھا۔۔ وہ اُس کی سہیلی ہے۔

منکی آنکھیں بند کئے چت فرش پر پڑی ہوئی تھی۔ اُس کی ماں اُس کے قریب بیٹھی ایک میلا کپڑا ہلا ہلا کر اُس پر سے مکھیاں اُڑانے کی کوشش کر رہی تھی۔

منّی بھی اُس کے ساتھ لیٹی ہے۔
ماں نے اُس سے چپ چاپ لیٹے لیٹے اشاروں میں پوچھا۔
منّی کی ماں نے شکستہ آواز میں جواب دیا:
"میں اسے اپنے جسم کا ماس ہی کاٹ کر کھلا سکتی ہوں، اور کچھ نہیں ہے گھر میں کھلانے کو کچھ نہیں ہے۔"
"اس کے بابا گھر نہیں لوٹے؟"
"جانے کہاں مر کھپ گیا۔ میرا تو بکری بیچنے گیا تھا لگتا ہے کسی نے اس سے جانور چھین کر اُسے بھی راستے میں ختم کر دیا ہے۔"
"میں نے کہتی تھی تم خود ہی کاٹ کر کھا لو۔"
"کاٹ تو لیتے پر منّی ایسا نہیں کرنے دیتی تھی۔ اسے اُن سے بہت لگاؤ تھا۔ کاٹ بھی دیتی تو منّی نہیں کھاتی۔"
"منّی کو کیا ہوا ہے ماں؟" سکری نے اپنی ماں سے پوچھا۔
"بیمار ہے۔"
"اسے بھوک لگی ہوگی۔ بیمار نہیں ہے۔ ماں مجھے بھی بھوک لگی ہے۔"
ماں اس کی بات اَن سنی کر کے منّی کی ماں سے بولی:
"صرف ہمارے گاؤں کے لوگ ہی نہیں، آس پاس کے سارے علاقے کے لوگ بھوک سے مر رہے ہیں۔ ایسا کال پہلے کبھی نہیں پڑا تھا۔"
"میں نے کبھی نہیں دیکھا۔"
"اچھا اب چلتی ہوں۔ خاص بات ہو تو خبر کرنا۔"
منّی کی ماں پھٹی پھٹی آنکھوں سے منّی کی طرف دیکھتی ہوئی بولی:
"اسی گھڑی کا تو انتظار ہے۔"
ماں سکری کو پکڑ کے لے آئی۔ سکری نے کہا:
"ماں! مجھے کھانے کو دو۔۔۔"
"تیرے بابا آئیں گے تو دوں گی۔"
"بابا کب آئیں گے، وہ کب آئیں گے ....؟"

"مجھے کھانے کو نہیں دو گی تو میں بھی منّی کی طرح بیمار پڑ جاؤں گی۔"

"نہیں.... اسماں کا گلا بھر آیا۔ اُس نے اُسے گلے سے لگا لیا۔

ایک مرتبہ یوں ہوا کہ گرسا بہت بیمار پڑ گیا تھا۔ نہ وہ کچھ سن سکتا تھا نہ بول سکتا تھا وہ گھٹنوں پر بھی نہیں ہل سکتا تھا۔ گودڑی میں ٹٹی پیشاب کرتا تھا۔ تب ماں سارا دن اُس کے سرہانے بیٹھی رہتی تھی۔ وہ جھاڑ پھونک کے لئے آیا تھا۔ بابا جی بھی پریشان رہتے تھے۔

"ماں مجھے بھوک لگی ہے۔" وہ اونچی آواز میں بولی۔

ماں نے اسی طرح اونچی آواز میں جواب دیا: "تو مجھے کھا لے!"

اُس نے ماں کی طرف غور سے دیکھا ——— ماں کے ہونٹ سوکھے ہوئے تھے کناروں پر سفید سی جھاگ جمی ہوئی تھی۔ آنکھیں پیلی نظر آ رہی تھیں جیسے اُسے بھیڑیے نے کاٹا ہو۔

وہ سونی آنکھوں سے ماں کی طرف دیکھتی رہی۔ اُس نے محسوس کیا ماں کے پیٹ میں بھی جیسے کچھ جل رہا ہے۔

"ماں! کیا تمہیں بھی بھوک لگی ہے؟"

ماں نے اُس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا اور بولی:

"آ میری بغل میں لیٹ جا۔"

ماں نے اُسے کھینچ کر اپنے پاس لٹا دیا۔

ماں کے جسم کی حرارت سے اُس کے جسم میں بھی گرماہٹ آ رہی تھی۔ اُسے بھلا لگا اور وہ

ماں نے کروٹ بدل کر اسے اپنی بانہوں میں باندھ لیا اور آنکھیں موند لیں۔

بکری کا بچہ بالکل ماں کے تھن کو منہ میں لے کر بچوں کی طرح چوستے۔ لیکن وہ اس قدر جلدی الگ ہو جاتے کہ انھیں منہ لگانے کو جی نہیں چاہتا۔

باہر پیڑوں کے سوکھے پتوں کے پر مار کر گرنے کی آواز سنائی دے رہی تھی۔ وہ غور سے سننے لگی ——— شاید اس شور میں کسی بچے یا کسی جانور کے چلنے کی آواز سنائی دے۔

کچھ دن پہلے کچھ چڑیاں قابو میں آگئی تھیں۔ ماں نے انھیں بھون کر اُسے اور گرسا کو کھلایا تھا۔ شاید چڑیوں نے اب ڈر سے ادھر آنا بند کر دیا ہے ——— یا وہ ختم ہو گئی ہیں۔

بھوک کے مارے لوگوں نے کچھ بھی تو نہیں چھوڑا ——— نہ جنگلی پیڑ، بکری یا خرگوش

تیز پنجے و نشتری نہیں لاتے۔ لیکن گیدڑ اور بھیڑیے بوڑھے ہو گئے ہیں۔ کوئی انہیں مارتا ہے ہنکاتا ہے بلکہ وہی موقع پا کر گاؤں والوں کو کھا جاتے ہیں۔

رات اُتر آئی تھی۔ سارے علاقے میں دور دور تک خاموش اندھیرا چھایا ہوا تھا ــــــ خنک ٹھنڈی ہوا چلنے لگی تھی۔ گاؤں کے چاروں سمتوں سے اور خاص کر ندی اور جنگل کی طرف سے گیدڑوں کی ہوا ہو کی آوازیں آنے لگی تھی۔ یوں لگ رہا تھا، اس میں رونے کی آواز بھی شامل ہے۔

سکری نے ماں سے پوچھا:

"ماں! کون رو رہا ہے؟"

باہر باڑی میں کھڑکھڑاہٹ ہوئی۔ ماں گھر سے باہر نکلی۔ سکری کا باپ سسکتا ہوا روتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا۔ وہ تنہا تھا۔ گرسا اس کے ساتھ نہیں تھا۔

سکری کا باپ گھر کے برآمدے میں قدم رکھتے ہی رونے لگا۔ ماں بھی رونے لگی۔ سکری بھی گئی تھی، چونکہ گرسا ساتھ نہیں تھا، اس لئے وہ رو رہے ہیں۔ وہ کبھی ماں اور کبھی اپنے باپ کے منہ کی طرف دیکھ رہی تھی۔ شاید گرسا کا ذکر چھڑیں۔

تھوڑی دیر تک وہ اسی طرح روتے رہے۔ پھر بابا نے اسے گود میں اُٹھا لیا اور روتی ہوئی آواز میں بولا:

"بیٹی! تیرے بھائی کو بھیڑیا کھا گیا۔"

وہ اپنے باپ کے کندھے پر سر ٹیک کر رونے لگی۔

ماں گلوگیر آواز میں بولی:

"میں نے کہا تھا، اُسے اپنے ساتھ لے جاؤ۔"

سکری کا باپ بولا ــــــ "اور کوئی ذریعہ نہیں تھا۔ یہ غلطی مجھ سے ہی نہیں ہوئی اوروں سے بھی ہوتی ہے۔"

"مگر سارا دن تو نہیں تھا.....؟"

"اسے انہوں نے کچھ کھلا کر گہری نیند سلا دیا تھا۔ شاید نیند ٹوٹنے کے بعد روئے" کہتے ہوئے سکری کا باپ رونے لگا۔

"ماں بولی: تم نے اسے ان بھیڑیوں کے حوالے کر دیا۔"

سکری اپنے باپ کی گود سے اتر گئی اور دروازے پر لیٹ گئی۔ اُسے اپنے باپ کے لیے بڑا افسوس ہو رہا تھا۔

تھوڑی دیر بعد ماں اُس کے پاس آئی اور بولی:

۔ سکری! کچھ تو کھا لے۔ تیرے لیے کھانا گرم کر لائی ہوں۔۔

اس نے ماں کا ہاتھ جھٹکتے ہوئے کہا:

۔ میں نہیں کھاؤں گی۔ مجھے کچھ نہیں چاہیے۔۔

اس نے کروٹ بدل کر منہ پھیر لیا اور آنکھیں موند لیں۔

تھوڑی دیر بعد اُسے دور سے آتی ایک آواز سنائی دی جیسے کوئی اُسے پکار رہا ہو۔

وہ اٹھ کر بیٹھ گئی۔

باہر ہوا کے جھونکوں سے درختوں کے سوکھے پتے کھڑکھڑ کرتے ہوئے منتشر ہو رہے تھے۔ اس نے دیکھا چھپر کے ایک کونے میں لالٹین کی پھیکی روشنی میں اُس کا باپ اور ماں لالٹین کے پاس رنگین کپڑے لیے بیٹھے ہیں۔

۔ ابا! اپنا مسور سنبھال کر رکھو۔۔

۔ نہیں تم ہی رکھو۔ ان سے خون کی بو آرہی ہے۔۔

۔ ابھی رکھو سکری کی ماں، دو دن پھر لگے ہیں، پھر سال کو واپس گھر لے آؤں گا۔۔

۔ دیکھو دو دن پھر لگے ہیں۔ نہ جانے کب لوٹ کر آئے گا۔ ایک دن سکری بھی اسی طرح ہاتھ سے چلی جائے گی۔ ماں پھر رونے لگی تھی۔ اُسے بھی روتا دیکھا جائے گا۔۔

سکری بھی رونے لگی۔

سکری کو روتے دیکھ کر اس کا باپ بھی رونے لگا۔ اُن کے رونے کی آواز سن کر، اس کے گھر کے باہر جمع گیدڑ اور کتے آوازیں ملانے لگے تھے۔

۱۔ ([illegible] ۸۸)

مرزا حامد بیگ

اندھی گلی

وہ دن اکتاہٹ، بے چینی اور مایوسی کے تھے۔

میں بے روزگار تھا اور بھرے پرے شہر میں اکیلا۔ میرے لئے رات اور دن ایک تھے۔ راتوں کو جاگتا اور دن کو سوتا رہتا تھا۔ میرے ساتھ شہر کے تمام فٹ پاتھ، تفریحی پارک اور دن رات کھلے رہنے والے چائے کے کھوکھے شدید اکتاہٹ، بے چینی اور مایوسی میں ڈوبے ہوئے تھے۔

اوائل جوانی کی ان اُدھ گھسی ہوئی شاموں میں سے ایک شام میرا گزر اندرون شہر کی ایک تنگ و تاریک، نیم روشن گلی میں سے ہوا۔ میں چلا جا رہا تھا اور گلی کہیں ختم ہونے میں نہ آتی تھی۔

اس روز میں کئی راتوں سے جاگا ہوا تھا اور اس نہ ختم ہونے والی گلی میں سے گزرتے ہوئے اپنے وجود کو بڑی مشکل سے گھسیٹ رہا تھا۔ ایسے میں کئی بار میں نے واپسی کا سوچا، لیکن جانے کب سے چلا آتا تھا اور میرے لئے دوبارہ اتنی مسافت طے کرنا ممکن نہ تھا ——— اس لئے آگے، اور آگے چلتا گیا۔

وہ گلی اس قدر تنگ تھی کہ سامنے سے آنے والوں کے لئے دیوار کے ساتھ لگ کر راستہ بنانا پڑتا تھا۔ ایسے میں یکایک یوں محسوس ہوا کہ جیسے میرے بہت آہستہ چلنے کے سبب پیچھے سے آنے والوں کو مشکل پیش آ رہی ہے۔ اس خیال نے مجھے اور زیادہ بوجھل کر دیا۔ لیکن کر بھی کیا سکتا تھا۔ اس سے زیادہ تیز چلنا میرے لئے محال تھا۔

میں نے دو ایک بار رک کر راہگیروں سے پوچھا بھی کہ یہ گلی کہیں ختم بھی ہوگی یا نہیں لیکن شاید وہ بہت جلدی میں تھے اور میں ہانپ گیا تھا۔ پھر میں دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو گیا تھا اور شاید اپنے وجود کو زیادہ دیر تک اپنی تھکی ہوئی ٹانگوں پر نہ سنبھال سکنے کے باعث اس نیم تاریک گلی میں بیٹھتا چلا گیا تھا۔ مجھے خیال آیا کہ اس گلی میں سے تو جنازے کی چارپائی گزرنا بھی مشکل ہے۔ اس خیال نے میرے حواس بحال کر دینے کے ساتھ ساتھ کسی قدر توانائی کا احساس

ذہن بھی منجمد کر دیا اور میں ایک بار پھر اپنے وجود کو آگے کی سمت گھسیٹنے کے قابل ہو سکا۔

میں اس طرف کیوں نکل آیا تھا۔ یہ سوچ کر سخت پشیمان تھا کہ یک لخت اس اندھی گلی کے ایک بند دروازے کے پیچھے سے ڈھولک کی گھٹی گھٹی آواز سنائی دی، پھر پھڑ پھڑا مار کر جیسے چڑیاں نکلتی ہیں، اس دروازے کے پیچھے سے جوان لڑکیوں کا جھنڈ نکلا اور میرے سامنے سے ہو کر آگے نکل گیا۔ لڑکیوں نے اپنے ہاتھوں میں روشن ہنڈے اور لالٹینیں تھام رکھی تھیں اور ان کے معصوم قہقہوں کی باڑ پر میں بہتا چلا گیا تھا۔ مجھے اس تنگ و تاریک گلی میں پہلی بار زندگی کا احساس ہوا تھا اور میں پشتم پشتم زندگی کے پیچھے ہو لیا تھا، شاید اس کی زد میں تھا کہ یک لخت گلی ختم ہو گئی۔

سامنے پُر شور سڑک تھی، جس پر دو طرفہ ٹریفک رواں تھی۔ اسکوٹروں، موٹر رکشوں اور بسوں کی لمبی قطاروں اور برقی قمقموں کی چکا چوند میں موت فراٹے بھرتی گزر رہی تھی اور کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ وہ لڑکیوں، چڑیوں کا جھنڈ پھر اُمار کر جانے کس طرف کو اُڑ گیا، کچھ پتا نہ چلا۔ مجھے اس اچانک تبدیلی کے احساس نے حیران کر دیا تھا۔

گلی کے اختتام پر سیاہ دیکھا بھالا ایک نیم تاریک چائے کا کھوکھا اس تنگ گلی اور پُر شور سڑک کے درمیان جیسے ایک پل تھا اور اس پل پر سے ہو کر ہی دوسری سمت نکلا جا سکتا تھا۔ حیرانی کی بات یہ تھی کہ اس چائے کے کھوکھے پر میری اکثر بے زار شامیں گزری تھیں لیکن اس اندھی گلی کی طرف میرا دھیان اس سے قبل کبھی نہ گیا تھا۔ اس شدید حیرانی کے احساس سے نبرد آزما ہونے کے لئے مجھے کچھ وقت درکار تھا اور میں حسبِ معمول کھوکھے کے سامنے جھولتی ہوئی ایک کرسی پر گر گیا تھا۔

"چائے۔" میں بمشکل تمام کہہ پایا تھا، لیکن مجھے یقین ہے کہ اس وقت میری آواز گلے تک پہنچنے سے پہلے ہی کہیں کھو گئی تھی۔

مجھے کرسی میں دھنستے دیکھ کر کھوکھے کا ادھیڑ عمر مالک، غنودگی کے عالم میں چلتا ہوا میرے سامنے چائے کا مگ رکھ کر واپس اپنی نشست پر جا بیٹھا۔ میں نے اپنے دائیں بائیں نگاہ کی اور برقی قمقموں کی تیز روشنی اور دو طرفہ ٹریفک کی یلغار کے باوجود میری آنکھیں مندتی چلی گئیں۔

میں جانے کتنی دیر سے اس جھولتی ہوئی کرسی پر بے سدھ پڑا رہا تھا۔ جب آنکھ کھلی۔ تو صبح کے آثار نمایاں تھے۔ چائے کے اس کھوکھے کے گرد اگرد بدحواس مردوں کا بہت بڑا ہجوم تھا اور سامنے والی تنگ گلی سے عورتوں کے رونے اور بین کرنے کی آوازیں آ رہی تھیں ـــــ

"چائے ویسی کی ویسی پڑی رہ گئی" کھوکھے کا ادھیڑ عمر مالک میرے سامنے رکھی ٹھنڈی چائے کی پیالی اُٹھاتے ہوئے بڑبڑایا۔

" بابا ـــــ عورتیں کیوں رو رہی ہیں ؟ "

میں نے گہری نیند سے بیدار ہوتے ہوئے سوال کیا۔

میرے سامنے رکھے ہوئے اسٹول پر جھاڑن پھیرتے ہوئے اس نے تامل کیا پھر صرف اتنا کہا، " اللہ کے کام ہیں بیٹا۔ "

" لیکن بابا ـــــ میں نے تو اس گلی سے ڈھولک کی تھاپ خود سنی ہے۔ بڑی زندگی تھی یہاں کل رات ـــــ یہ کیا ہو گیا بابا ؟ "

اب میں پورے ہوش و حواس میں تھا اور مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا۔

" بابو جی ـــــ جس لڑکی کی شادی تھی نا ـــــ وہ بغیر کسی کو بتائے اپنی ایک سہیلی کے ساتھ بازار گئی تھی اپنی پسند کی چوڑیوں کا انتخاب کرنے یا شاید کوئی اور بات تھی ـــــ ایک کار اُسے کچلتی ہوئی نکل گئی ـــــ وہ تو بے چاری کہتی رہی کہ مجھے گھر لے چلو ـــــ گھر لے چلو، لیکن لوگ باگ اسے ہسپتال لے گئے۔ حالت بہت خراب تھی اس کی۔ ہسپتال میں مر گئی۔ "

" مر گئی ؟ "

" ہاں بیٹا سب اُوپر والے کے کام ہیں۔ "

مجھے اُس کی آواز کسی گہرے کنوئیں سے اٹھتی ہوئی محسوس ہوئی تھی اور اُس کے بعد میں وہاں زیادہ دیر نہیں رکا تھا۔ چائے کے پیسے ادا کر کے اٹھ آیا تھا۔

بہت پرانی بات ہو گئی۔

میں اِس واقعہ کو تقریباً بھول بھال گیا تھا کہ آج بیس برس بعد اپنے بیوی بچوں کو ریلوے اسٹیشن چھوڑ کر گھر واپس آتے ہوئے، میں نے خود کو اُسی تنگ و تاریک گلی میں ہانپتا ہوا محسوس کیا۔ جہاں سے جنازے کی چارپائی گزرنا بھی محال تھی۔ دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑے ہوئے اور گلی میں ڈھیلے ہوتے ہوئے، میں نے ایک راہگیر سے پوچھا، " یہ گلی کہیں ختم بھی ہو گی یا نہیں ؟ "

منچلے راہگیر نے شرارت سے آنکھیں جھپکائیں اور بولا، " یہ تو پیدل چلنے والوں سے پوچھو ـــــ میں تو فراٹے بھرتی ہوئی گاڑی پر سوار ہوں۔ " اُس نے اتنا کہا اور زور زور سے پیڈل مارتے ہوئے، سائیکل پر یہ جا وہ جا ـــــ

کتنی حیران کن بات ہے کہ آج میں اپنی گاڑی کی آرام دہ نشست پر تھا اور طویل مدت بعد وہاں سے گزرتے ہوئے اُسی تنگ گلی میں سے گزرنے کا گمان ہوا تھا۔ بچوں کو اسکول کی چھٹیاں تھیں اور وہ اپنی ماں کے ساتھ کچھ دن کے لئے گاؤں چلے گئے

تھے۔ میں ہر سال ان دنوں میں اُن کے ساتھ خود بھی گاؤں کا چکر لگا لیتا تھا لیکن اس بار کچھ اسلام آباد کے کام ایسے تھے کہ ان کے ساتھ نہ جا سکا تھا۔ سو میں اکیلا تھا اور اسٹیشن سے واپسی پر بلکہ یونہی بے کار سڑکوں پر بھٹکتا پھر رہا تھا۔

کئی برس گزر گئے۔ میں اندرون شہر کی زندگی سے کٹ کر رہ گیا تھا۔ جانے کیا سوچ کر میں پرانے شہر کی طرف نکل گیا۔ پرانے شہر کی گلیوں میں جہاں میں نے بے روزگاری کے دن گزارے تھے گاڑی ایک طرف کھڑی کر کے تادیر پیدل چہل قدمی کرتا اور خواہ مخواہ دکانیں جھانکتا پھرا۔

پرانی آبادی کے ایک دکان کے باہر پرانے گھڑیال لٹک رہے تھے۔ برسوں سے رُکے ہوئے، سوئیوں اور پنڈولم کے بغیر گھڑیال۔ بچپن میں کتنی خواہش تھی پنڈولم کے ساتھ چلتے ہوئے گھڑیال کو دیکھنے کی۔ ان میں سے کسی ایک کو تو ٹھیک کروایا جا سکتا ہے، میں نے دل ہی دل میں سوچا۔

دکان کے اندر قدرے تاریکی تھی۔ میں نے جھک کر اندر دیکھا تو وہاں گھڑی ساز کے بجائے حجام ایک لڑکے کے بال تراش رہا تھا جب کہ مجھے گھڑی ساز کی تلاش تھی۔

حجام بولا: بابو جی ——— اندر آجائیں۔"

میں نے کہا۔ مجھے بیٹھنا نہیں ہے بھائی۔ کیا تم گھڑی ساز بھی ہو؟

"نہیں ——— بال کاٹتا ہوں: حجام نے جواب دیا۔

"تو پھر یہ گھڑیال کیوں لٹکا رکھے ہیں باہر؟ میں نے حیران ہو کر پوچھا۔

"تو اور کیا لٹکاؤں بابو جی؟ بال کاٹتا ہوں۔ گھڑیال ہی لٹکیں گے باہر۔"

مجھے کچھ سمجھ میں نہ آیا اور بوجھل قدموں کے ساتھ وہاں سے چل دیا۔ ریلوے اسٹیشن سے واپسی پر عجیب لایعنی واقعات پیش آتے رہے تھے۔ میں جھنجلا کر دوبارہ گاڑی میں جا بیٹھا۔ اب میں گھر لوٹ جانا چاہتا تھا۔ لیکن ابھی بڑی سڑک پر آ کر پہلا موڑ ہی کاٹا تھا کہ سرخ جوڑے میں سجی سجائی ایک جوان لڑکی اچانک سامنے آگئی۔ میں اگر بروقت بریک نہ لگاتا تو وہ نیچے آگئی تھی بلاشبہ وہ بچ گئی تھی۔ اس لیے کہ جب میں غصے میں بھرا نیچے اُترا ہوں تو وہ سڑک کے بیچوں بیچ سخت زخمی حالت میں پڑی تھی۔

میں گھبرا گیا اور اُسے سہارا دے کر پچھلی سیٹ پر ڈال دیا۔ میں اسے جلد از جلد ہسپتال پہنچانا چاہتا تھا اس لیے تیزی سے نکلا ہوں۔ جب میکلوڈ روڈ کا موڑ کاٹنے لگا تو اس نے اُدھر جانے سے منع کر دیا۔ وہ اُکھڑے ہوئے سانسوں کے ساتھ اندرون شہر لے جانے کا تقاضا کر رہی تھی۔ سو میں گھبراہٹ میں اس کے بتائے ہوئے راستے پر چل دیا۔

اس نے جس جگہ گاڑی رو کنے کو کہا وہ علاقہ میرا دیکھا بھالا تھا۔ گلی کے نکڑ پر چائے کا ہوٹل اب بھی موجود تھا اور اس کے سامنے کرسیوں پر جھومتے ہوئے نوجوان اب بھی اونگھ رہے تھے۔ میں نے لڑکی کو سہارا دے کر نیچے اتارا، وہ خون میں لت پت تھی۔ گلی کا موڑ مڑتے ہوئے وہ بغیر دستک دیئے ایک گھر میں گھس گئی اور میں باہر کھڑا انتظار کرتا رہا۔

میرے طویل انتظار کے بعد بھی جب گھر سے کوئی نہ نکلا تو میں نے دروازے پر دستک دی۔ دوسری بار دروازہ کھٹکھٹانے پر کھانستا کھنکارتا ہوا ایک بڈھا باہر نکلا تو میں نے اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لئے لمبی تمہید باندھی، لیکن وہ لاتعلق سا کھڑا رہا ساری بات سن کر وہ مجھے اپنے پیچھے آنے کا اشارہ کرتے ہوئے اندر کی طرف مڑ گیا۔

میں کانپتے ہوئے قدموں کے ساتھ اندر گیا ـــــ گھر میں موت کا سکوت تھا۔ مختصر سا صحن الانگھ کر ہم دونوں ایک کمرے میں پہونچے ہیں، جہاں دیوار کے ساتھ ایک پرانی آئل ـــــ پینٹنگ لٹک رہی تھی۔ تصویر میں ایک نیم تاریک چائے کا کھوکھا تھا اور اس کے سامنے ایک نوجوان کرسی پر اونگھ رہا تھا۔ میں بھونچکا رہ گیا۔ وہ یقیناً میری جوانی کی تصویر تھی۔

بڈھے نے مجھے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"میں تجھے پہچان لیا ہے بیٹا ـــــ اس کی شادی ہم نے بچپن سے طے کر رکھی تھی۔ مجھے کیا پتہ تھا بیٹا ـــــ اس کی ماں جو نہیں تھی، باپ سے کیسے کہتی ـــــ شادی سے دو دن پہلے اپنی ایک سہیلی کے ساتھ چوڑیاں چڑھانے نکلی تھی یا شاید کوئی اور بات تھی ـــــ میں نے اسے خون میں لت پت ہسپتال میں دیکھا۔ وہ تو بے چاری کہتی رہی کہ مجھے گھر لے چلو گھر لے چلو، لیکن لوگ باگ اسے ہسپتال ـــــ خیر جانے دو۔ مل کر چائے پیتے ہیں۔ تمہارے پاس وقت ہے نا؟"

بڈھے نے اپنی بھیگی ہوئی آنکھوں کو قمیص کی آستین سے پونچھتے ہوئے تیل کے چولہے پر چائے کے لئے پانی چڑھا دیا۔

اس سیلن زدہ کمرے میں بہت سی تصویریں جا بجا بکھری پڑی تھیں۔ سامنے کی دیوار پر جھولتی ہوئی تصویر میں چائے کے نیم تاریک کھوکھے کے سامنے کرسی پر میں تھا جو اونگھ رہا تھا ـــــ یہ ان دنوں کی تصویر تھی جب میں بے روزگار تھا اور بیچھے کی طرح وال بنانا تھا۔ اکثر کرسیوں میں بھی میرے گلے کے گرد مفلر لپٹا رہتا۔ اس تصویر میں بھی یقیناً جاڑے کا موسم نہیں تھا ـــــ میرے گلے میں بندھا مفلر جھول رہا تھا۔ [illegible]

محمد منشا یاد

فرار

زیرِ بحث کمرہ ہوٹل کا ہے۔ ایک کشادہ مگر سامان سے تقریباً خالی کمرہ ہے۔ کمرے میں ایک میز ہے جس پر ایک ماڈرن آرٹ کی تصویر کا فریم رکھا ہے۔ دوسرے کونے میں ایک پلنگ ہے جس پر اجلا سا بستر بچھا ہے۔ موزیک کے چمکدار اور پھسلواں فرش پر احتیاط سے چلنا پڑتا ہے۔ دروازے سے نیلگوں روشنی کی ... دیواروں سے ایملشن پینٹ کی باس آ رہی ہے۔ اسی میز پر جس پر تصویر رکھی ہے میں نے تھوڑی دیر پہلے رات کا نہایت پر تکلف کھانا کھایا ہے۔ ضرورت کی ہر چیز کمرے میں گھنٹی کا بٹن دبا کر وہاں منگوائی جا سکتی ہے لیکن کسی آشنا چہرے نے دوبارہ اندر جھانک کر نہیں دیکھا۔

ہوا بند ہے اور حبس سے دم گھٹتا جاتا ہے مگر وہ دو خوبصورت اعلیٰ لباس زیب تن کئے کندھے سے کندھا ملائے کھڑے ہیں اور ہر دیکھنے والے پر ہنستے اور پھبتیاں کستے ہیں۔ کھڑکی بند ہے لیکن پردے کا کچھ حصہ ہٹا ہوا ہے جس سے بالکونی پر رکھے گملے کا ساکت پودا نظر آتا ہے۔ پودا اصلی اور خوبصورت ہے مگر اس پر پلاسٹک کا بنا ہونے کا گمان گزرتا ہے۔ اس حبس زدہ پر تکلف اور اجنبی ماحول میں میرا دم گھٹنے لگتا ہے۔ میں رہ رہ کر سوچتا ہوں کہ میں کہاں یہاں آ پھنسا ہوں۔ اس سے کہیں اچھا تھا میں کسی ہوٹل یا مسافر خانے میں رات بسر کر لیتا یا کسی پارک کے بنچ پر پاؤں پسار کر لیٹ جاتا۔ مگر اب کیا ہو سکتا ہے۔

اٹھ کر کمرے میں چکر لگاتا ہوں۔ کھڑکی کھول کر باہر نکلنے یا فرار ہونے کا راستہ تلاش کرتا ہوں۔ مگر فرار کی کوئی راہ سجھائی نہیں دیتی۔ کھڑکی کے باہر نہایت مضبوط گرل لگی ہے اور بالکونی سے آگے

طاری ہے۔ پیچھے کی منزل سے ریڈیو پر طربیہ گیتوں کی آواز سنائی دیتی ہے۔ میں تھک ہار کر بستر پر لیٹ جاتا ہوں اور بتی بجھا دیتا ہوں۔ بتی بجھنے سے تپش میں قدرے کمی آ جاتی ہے مگر گھٹن اور حبس کم نہیں ہوتا۔

نصف شب کے قریب اچانک مجھے ایک چور راستہ دکھائی دیتا ہے میں اندھیرے میں دبے پاؤں چلتا اس ویران سنسان اور جہنم کی طرح تپتے ہوئے کمرے سے باہر آ جاتا ہوں۔ پھر بلند بالا عمارتوں اور پُر پیچ گلیوں سے گزر کر ایک لمبی چمکیلی اور دُور دُور تک پھیلی ہوئی سڑک پر آ جاتا ہوں۔ یہ سڑک میرے لئے نئی ہے میں اس پر پہلی بار چل رہا ہوں۔ یہ ایک خوبصورت کشادہ اور پختہ سڑک ہے مگر بیچ بیچ میں کہیں ناہموار اور ٹوٹے پھوٹے ٹکڑے بھی آ جاتے ہیں۔ اس وقت یہ جس علاقے سے گزر رہی ہے وہاں اس کے دونوں جانب ہرے بھرے کھیت ہیں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر درختوں کے جھنڈ اور باغات نظر آتے ہیں اور پرندوں کا شور سنائی دیتا ہے۔ کہیں کہیں چھوٹی چھوٹی جھیلوں ایسے تالاب ہیں جن میں کنول تیرتے ہیں اور جن پر مرغابیاں منڈلا رہی ہیں۔ ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے اور بادل کا ایک ٹکڑا سایہ کئے ساتھ ساتھ چل رہا ہے۔ سڑک پگڈنڈیوں، پلیوں اور نشیب و فراز سے گزرتی ہوئی کبھی سیدھی اور کبھی بل کھاتی دکھائی دیتی ہے۔ دیکھنے والے اپنی اپنی زندگی کی شاہراہ کو بھی دھیان میں رکھیں، چونکہ مخالف سمت سے اب تک کوئی شخص یا سواری آتی دکھائی نہیں دی اس لئے اندازہ ہوتا ہے کہ یہاں ٹریفک یکطرفہ ہے۔ الٹی سمت کو سفر کرنا ممنوع ہے نیز ایک سائن بورڈ سے پتہ چلتا ہے کہ اس پر چلنے کی رفتار یکساں اور متعین ہے اس کا مطلب ہے جو لوگ آگے ہیں وہ آگے ہی رہتے ہیں اور پیچھے والے پیچھے۔ پھر میری نظر کچھ اور سائن بورڈوں پر پڑتی ہے جن پر لکھا ہے۔

"سڑک سے اترنا منع ہے۔"

"پلٹ کر دیکھنے سے پرہیز کریں۔"

"تیز رفتاری ممکن نہیں ہے۔"

مجھے یاد آتا ہے ہم گھر سے ایک ساتھ چلے تھے اور ہمارا ایک ساتھ سفر ہونے کا وعدہ بھی ہوا تھا لیکن اب معلوم ہوتا ہے وہ کسی وجہ سے پیچھے رہ گئی کیا پتہ وہ [illegible] چلی آتی ہو۔ اسی خیال کے آتے ہی میں سڑک کے ضابطوں کی خلاف ورزی پر خود کو مجبور پاتا ہوں اور

بیٹھ کر دیکھتا رہتا ہوں لیکن جو چیز مجھے بہت حیران کرتی ہے وہ حیرت کی انتہا تو یہ ہے کہ نیچے دیکھو تو ہے
کہ وہی وہ بکرا اور نہ وہ سڑک۔ مثلاً جس میرے سامان کے پیچھے سے شروع ہوتی اور حد نظر
تک آگے چلی جاتی ہے۔ پیچھے دھند اور غبار ہے اور میں نے جتنا راستہ اب تک طے کیا ہے
وہ مٹ چکا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے میں ایک ایسے تالاب پر چلتا آیا ہوں جو میرے گزرنے کے
بعد پھر اسی طرح ہموار ہوتا جا رہا ہو۔ میں گھبرا جاتا ہوں اور ضابطے کی خلاف ورزی کرنے اور
پیچھے مڑ کر دیکھنے پر پشیمان ہوتا ہوں۔ پھر مجھے خیال آتا ہے کہ اگر وہ پیچھے نہیں ہے تو ضرور آگے
نکل گئی ہوگی۔ لڑکیاں ویسے بھی سبک رفتار ہوتی ہیں۔ خصوصاً آغاز سفر میں۔ خوبصورت مناظر
اور تازہ فضا دیکھ کر اُن کے اندر اُڑنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے پھر اُن کے پر نکل آتے
ہیں اور وہ اُڑنے لگتی ہے۔ (ریشمہ اور اسے ہمارے ایک فراک پہنے اور اپنے اپنے بچپن کی ان لڑکیوں
کو یاد کر رہا ہوں ان کے ساتھ کھیلتی اور گڑیوں کے بیاہ رچاتی تھیں لیکن پھر اُن کے تعلیم مکمل کرتے
کرتے اور اپنے پاؤں پر کھڑے ہوتے ہوتے وہ کئی کئی بچوں کی مائیں بن گئیں۔)

میں چلتے چلتے رُک جاتا ہوں سوچتا ہوں ایسے سفر کا کیا فائدہ؟ مگر یہ دیکھ کر حیران ہوتا ہوں
کہ سڑک نہیں رُکتی برابر چلتی رہتی ہے مگر الٹی طرف کو۔ اور اس کا اتنا حصہ مخالف سمت کو میرے پاؤں
کے نیچے سے سرک جاتا ہے جتنا حصہ میں چلتے رہنے کی صورت میں طے کر سکتا تھا۔ میں گھبرا جاتا
ہوں صاف ظاہر ہے کہ یہاں چلنے یا رُک جانے سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ اس سفر سے مفر
نہیں اور یہ بہر حال در پیش ہے۔ میں سڑک کے اسرار جاننے کے لئے پھر سے میل پتھروں
اور سائن بورڈوں کو پڑھنے لگتا ہوں۔

سڑک پر ٹریفک کے تمام ضروری سائن بورڈ موجود ہیں جن سے علم ہو سکتا ہے کہ آگے کس
طرح کا کہاں نہایت خطرناک موڑ ہے کہاں ڈھلوان ہے کس نہر یا دریا کا پل ہے یا کوئی دوسری
سڑک یا ریلوے لائن نیچے اوپر یا پہلو کراسنگ سے گزر رہی ہے لیکن عجیب بات ہے کہ میل
پتھر کوئی خاص رہنمائی نہیں کرتے ہر دس میل کے بعد پھر پہلا میل شروع ہو جاتا ہے یوں لگتا ہے
جیسے سڑک بنانے والوں کو دس سے زیادہ گنتی نہ آتی ہو یا وہ اس کی ضرورت محسوس نہ کرتے ہوں
کہ مسافت سے شمار چلنے والے میلوں اور فاصلوں کا کوئی حساب کہیں درج اور محفوظ رکھا جائے۔
ایک اور عجیب بات یہ ہے کہ میل پتھروں پر کسی بستی کا نام یا کسی منزل کا نشان بھی تحریر نہیں ہے

جس سے واضح ہو سکے کہ کہیں کوئی منزل یا پڑاؤ موجود ہے اور کتنی دور ہے۔ ہر آن بدلتے مناظر اور لینڈ سکیپ کی خوبصورتی کے باوجود سڑک کی اسی پُراسراریت سے ایک خوف سا ذہن پر سوار ہو جاتا ہے کہ پتہ نہیں سڑک کب اور کس موڑ پر ختم ہو جائے۔ کسی جنگل یا صحرا میں گم ہو جائے یا کسی سمندر کے کنارے پہنچ کر اچانک دم توڑ دے۔

چلتے چلتے دن سہ پہر ہو جاتی اور ہوا کا مزاج بدل جاتا ہے۔ اور دھوپ ہر چیز کو جھلسانے لگتی ہے جگہ جگہ گرد باد دکھائی دینے لگتے ہیں۔ شیشموں کے سائے ان کے تنوں کی طرف سمٹ آتے ہیں۔ چند پرندے آشیانوں اور گھنی جھاڑیوں میں پناہ لے لیتے ہیں۔ میں اپنے سائے کو تلاش کرتا ہوں وہ سکڑ سکڑ کر نہایت مختصر ہو گیا ہے اور تیز دھوپ سے بچنے کے لئے میری اوٹ میں چھپ پھرتا ہے۔

مجھے اس کا خیال آتا ہے اگر وہ پیچھے نہیں ہے کہ پیچھے کچھ ہے ہی نہیں تو یقیناً آگے ہی ہوگی۔ سڑک ختم ہو جانے پر جنگل شروع ہونے یا سمندر کا کنارہ آ جانے پر کسی مقام پر حیران پریشان کھڑی میرا انتظار کرتی ہوگی۔ معاً میری نظر کنارے کے درختوں پر پڑتی ہے شیشموں کی محراب اونچے اونچے سفیدے کے درختوں نے لے لی ہے شاید کوئی بستی قریب ہے میں کسی نئی بستی کے تصور سے خوش ہوتا ہوں کیونکہ میری ہمیشہ سے خواہش رہی ہے نئی نئی بستیاں دیکھوں اجنبی دیاروں میں جا کر قسمت آزمائی کروں۔ مجھے تھکن اور سفر کی صعوبت بھول جاتی ہے اور میں نئے ولولے سے آگے بڑھتا ہوں۔

سڑک سیدھی ایک خوبصورت بستی میں داخل ہو جاتی ہے یہ بستی میرے لئے اجنبی اور نئی ہے اس میں سڑکوں کا جال بچھا ہے لیکن میری سڑک اپنے کناروں سمیت ان کے درمیان یاد رہے تیرتی ہوئی گزرتی چلی جاتی ہے۔ بازاروں میں لوگ چل پھر رہے ہیں خرید و فروخت اور کام کاج کر رہے ہیں۔ شاید بہت سے اپنے اپنے گھروں میں سستا بھی رہے ہوں گے۔ ایک جگہ لوگوں کا ہجوم دیکھ کر میں بھی کچھ قریب جا کر دیکھتا ہوں ایک خوبصورت کنیز کو نیلام کیا جا رہا ہے تمام تر کسی عورت کی ڈری سہمی ہوئی ہے جسے زرق برق لباس اور قیمتی زیورات سے سجایا گیا ہے میں اس پر ایک نظر ڈالتا ہوں میں نے اتنی حسین عورت کا کبھی تصور نہیں کیا۔ حاضرین میں حضرات اپنی اپنی بولی اور خواتین اپنے اصلی یا فرضی حسن کا حقہ کر رہی ہیں میں اس پر دوسری بار نظر ڈالنا چاہتا ہوں لیکن سڑک نہیں رکتی اور میں آگے نکل جاتا ہوں۔

دیکھتے ہی دیکھتے وہ آسمان سے بہت سے گلے نکل آتی ہے اور لوگ : ہاتھوں اور
تمام جیل کی سب کو ... ہے ... ہوتا ہے ۔ پیچھے رہ جانے والے ...
کہاں چلی جاتی ہیں وہ سوال ہے میرا اور گھنٹوں پریشان کرتا رہتا ہے ۔ اچانک سڑک کے
بیچ ... ایک ... اُبھرتا ہے ۔ وہ سڑک یہاں ختم ہو تی ہے ۔ ... ہوتا
ہوں مگر ... نہیں رکتی اور ... سا ... نکل جاتی ہوں ۔

گھر میں سے کچھ کمروں میں ... نہیں ... کے ... اندر ... میں
... ہے ۔ میں اپنے ... اور ... سے اشیاء کا ... کیا جاتا
ہوں مگر میری ... کھل جاتی ہے ۔

کچھ دیکھتا ہوں کہ کمرہ جو ہے دیکھنے کی دیواریں اور دروازوں کے رنگ اور روشنی کچھ ۔
... کو کھول کر اس کے سامنے رکھا ہوا ملتا جس میں بیسیوں کا پیدا ساکت ہے ...
کا بنا ہوا لگتا ہے ۔ مگر کمرے کی حالت تبدیل ہو چکی ہے ۔ اس میں بیش قیمت قالین بچھا ہوا ہے ۔
میز پر رنگ دار گلدان میں تازہ پھول سجے ہیں دیوار پر ایک بڑے سائز کی پینٹنگ لگی ہے کمرہ زیبائش
کی بہت سی چیزیں ... اسکو خوبصورت اور نفیس چیزوں سے آراستہ ہے ۔
ایک کونے میں ... رکھا ہے جس کی خوشبو ہوا سے کمرے میں پھیلی ہوئی ہے یوں
لگتا ہے جیسے میں ساری رات ... کمرے سے باہر رہا ہوں اور میری عدم موجودگی میں بندھا
ہوا سامان کھول کر ... سجا دیا گیا ہے تو کیا میں ... رات بھر باہر
رہا اس ... ۔ میں ابھی کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکا کہ ایک غیر مانوس سی
آواز سنائی دیتی ہے ۔

"ناشتہ تیار ہے"

میں دروازے کی طرف دیکھتا ہوں ... سے ... ایک چہرہ دکھائی دیتا
ہے ... اچانک بدل جاتا ہے ... کی طرح ... ہے اور
دیکھتے ہی دیکھتے کمرہ ... اور ... سے بھر جاتا ہے ۔ میں جلدی جلدی تیار ہو کر ناشتہ
کرتا اور سامان اٹھا کر سٹیشن پہنچ جاتا ہوں ستانہ ہوا اور آزاد فضا میں اطمینان بھری لمبی
سانس لیتا ہوں اور کسی سواری کا انتظار کیے بغیر ... چل پڑتا اور ... سے
روانہ ہو جاتا ہوں ۔

(ادبیات اسلام آباد اپریل جون ۱۹۸۸ء)

نروان

سید الطاف احمد

[illegible]

[illegible] سے ملنے کا اتفاق ہوا تھا [illegible]
[illegible] محسوس کر سکا۔

میں یہ دعویٰ تو نہیں کرتا کہ [illegible] اپنے ساتھ [illegible] میں
[illegible] نہیں ہوتا۔ اگر یہ بات بھی
[illegible] کی جنگ [illegible]
[illegible] شادی [illegible]
[illegible] کسی شہر میں رہتا تھا،
[illegible] یہاں بہت بڑی بندرگاہ تھی جس
[illegible] کے ساتھ تھا:

[illegible] کی خوش تھی،
[illegible]
[illegible] اس کا جنرل وقت [illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible] اس کی تعریف
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]

اس نے [illegible] شروع کر دی۔ میری نظر اس کے گلے [illegible] پر پڑی جس پر ایک تصویر [illegible]
[illegible] اس طرح بنی ہوئی تھیں کہ ان کی دم ایک دوسرے کو کراس کر رہی تھی جب کہ ان کے [illegible]
[illegible] ایک دائرہ بناتے ہوئے تھیں۔ ان کے درمیان [illegible] ہی اس طرح [illegible]
[illegible] کہ ایک [illegible] کی شکل بنتی تھی۔

برادر تھورے نے پھرتی سے پنکھ نکال کر صاف کئے۔ ان کے دوبارہ لگنے پر کار اسٹارٹ [illegible]
[illegible] میں نے برادر تھورے کے بازو والی تصویر کی طرف پھیری۔ مگر وہ اس بارے میں کوئی معقول جواب نہ دے سکا۔
[illegible] اس نے [illegible] کے زمانے میں دوسروں کی دیکھا دیکھی یہ تصویر گدوائی تھی۔ مگر [illegible] کی تشریح سے [illegible]
اسے یہی یاد تھا کہ تصویر کہاں پر گدوائی گئی تھی۔

ہم یہی باتیں کر رہے تھے کہ [illegible] آگیا۔ ہم نے [illegible] اور تھورے کو کانونٹ کے سامنے اتارا تو اس نے ہمیں کانونٹ کو دیکھنے
کی دعوت دی۔ کانونٹ میں ہمارا استقبال گرمجوشی کے ساتھ کیا گیا۔ اس کی وجہ یقیناً برادر تھورے کی وہاں پر مقبولیت تھی۔ ہم کو [illegible]
ایک [illegible] کے بعد روانہ ہونے [illegible] ہمارا انتظار کر رہا تھا۔ [illegible]
ہماری منزل ایک ہی تھی۔ صرف ایک روز بعد [illegible] پہاڑی کی چوٹی پر [illegible] گرجا گھر میں [illegible]
[illegible] والا تھا۔ برادر [illegible] نے اس میں شامل ہونے کی [illegible] دی تھی۔

برادر [illegible] بہت دلچسپ اور خوش مذاق آدمی ثابت ہوا۔ وہ کانونٹ کے [illegible] برادر تھورے کی [illegible]
[illegible] مجھے اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کا شوق تھا۔ اس کی کار کو درست کرنے کی [illegible] مرعوب [illegible]
[illegible] یہ ہنر کیسے آتا تھا۔

برادر تھورے تو پیدائشی مکینک ہے۔ برادر [illegible] نے کہا۔ اس وجہ سے وہ کانونٹ میں بہت مقبول ہے [illegible]
[illegible] کی مرمت کرنے کے لئے بلوایا جاتا ہے تو کوئی دوسری کانونٹ اپنی کاروں یا سائیکلوں کی دیکھ بھال اور
مرمت کے لئے اس کو اپنے ہاں آنے کی دعوت دے دیتی ہے۔

کیا اس کو باقاعدہ طور پر اس کی تربیت دلائی گئی تھی؟ میں نے پوچھا۔

"ہمیں اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے۔ ہو سکتا ہے کہ یہاں آنے سے پہلے اس نے مکینک کا پیشہ سیکھا ہو۔"

"ہمیں تو برادر تھورے نے بتایا تھا کہ اس نے جب سے ہوش سنبھالا تھا وہ کانونٹ میں رہ رہا تھا۔"

"اس کی بات [illegible] درست ہے مگر [illegible] برادر تھورے کانونٹ میں [illegible]
[illegible] اس سے پہلے وہ کہاں [illegible] تھا [illegible] کوئی نہیں [illegible] برادر تھورے اس بارے میں [illegible]
[illegible] ساری بات آپ کی سمجھ میں آ سکے گی۔

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کے [illegible] کے [illegible] کی [illegible]
[illegible] تھا کہ اس کے [illegible] ساتھ اس کے [illegible] کہ [illegible]
[illegible] کے ساتھ [illegible] سے [illegible] اس [illegible]
[illegible] کے [illegible] کے [illegible] تھا

جہاں تک اس کی قوم کا تعلق تھا اس [illegible] کی [illegible] اس کی [illegible]
[illegible] کی [illegible] اور [illegible] کے [illegible]
[illegible] نے [illegible] کے [illegible] کے [illegible]
[illegible] اس کی قوم کے [illegible] کے [illegible] اس کے اس طرح
[illegible] کی وجہ سے [illegible] اس [illegible] نے [illegible] کے [illegible]
کا سرمایہ [illegible] کر [illegible]

پھر چونکہ اس معاملے کی تہ میں جانے کا شوق تھا اس لئے [illegible]
[illegible] کی بیوی، اس کے بیٹے اور اس کی قوم سے [illegible] حاصل کر سکے۔
[illegible] کی [illegible] کے [illegible]
[illegible] کی [illegible] میں [illegible] کی [illegible]
[illegible] اس کا بیٹا تھا جس کا نام [illegible] تھا [illegible]
کے بیٹے [illegible] سے اپنا [illegible] کر دیا اور [illegible] اس نے [illegible]
[illegible] کی [illegible] کے [illegible]
مری جو مانو تو میرے بھائی
دہائی، نہ دو دہائی

یہ خواب اپنے ہی پاس رکھو
کوئی سنے گا تو ہنس پڑے گا

ابھی تو کمسن ہو بس لگی ہے
ابھی تمہیں دنیا دیکھنی ہے
ابھی بہت منزلیں کھڑی ہیں
ابھی مری جان چڑھنی ہیں
شہاب کی طرح خواب کتنے
حباب کتنے، عذاب کتنے
ابھی تو ہیں زیرِ آب کتنے
سوال کتنے، جواب کتنے
ثواب کیسا، عذاب کیسا
کتاب کیسی، حساب کیسا
عذاب لاکھوں ہی کاٹنے ہیں
تو زخم ڈھیروں ہی چاٹنے ہیں
ابھی رکھو حوصلہ ذرا سا
ابھی ذرا وقت بیتنے دو
ذرا زمانے کو جیتنے دو

ابھی یہ خواب اپنے پاس رکھو
کوئی سنے گا تو ہنس پڑے گا

(ماہنامہ الفاظ جنوری-اپریل ۱۹۸۰)



ظفر مراد آبادی

یادِ رفتگاں

اسی صبا کے کنارے
انہیں بگولوں کے تلے
[illegible] کے تبسم کے حسیں نظارے یہاں
[illegible] برسے دل میں محبت کی [illegible]
[illegible] تھا مری آنکھوں کا [illegible]
[illegible] تھا گل [illegible] سے دامن
[illegible] احساس [illegible] ہوا بیدار یہاں

اسی صبا کے کنارے
انہیں بگولوں کے تلے
رقص کرتی ہوئی لہروں پہ کرن کے جگنو
جب تصور کے در و بام سجا دیتے تھے
وہ تشنج زدہ آنکھیں، وہ کبھی نغمہ سے
قصرِ تخیل کو فانوس بنا دیتے تھے
کیف و مستی کے پروانے کے پیچھے [illegible]
دل میں سوئے ہوئے ارمان جگا دیتے تھے
جانے کے پیچھے آنگن میں کچھ گھنگرو
تیری چھلکی ہوئی آواز کا پتا دیتے تھے
وہ ترے قرب کی گرمی سے پگھلتے لمحے
میرے احساس کو شعلوں کی ہوا دیتے تھے

اسی صبا کے کنارے
انہیں شجروں کے تلے
پھر ستم گر پہ ہوا گردشِ دوراں کے سبب
[illegible] ہوا، دل پہ قیامت ٹوٹی
ختم ہونے لگے، قافلے [illegible] جانب
کوئی بستی جلی اور کوئی کسی نے لوٹی
آگ برسانے لگے، صدیوں کے قاتل لمحے
کہیں تلوار اٹھی، گرا کہیں سے خنجر
دیکھتے دیکھتے سب شہر اجڑتے ہی گئے
یعنی اپنوں سے یہاں اپنے بچھڑتے ہی گئے

ستم آمادہ ہوئے وقت کے قاتل سائے
سبز پیڑوں کی قبا [illegible] میں ڈوبی
موجِ صبا سے ابھرنے لگے طوفاں یہاں
صبح آشفتہ ہوئی [illegible] شعلوں میں ڈوبی
چھا گیا [illegible]
یہ خبر بھی نہ [illegible] کہاں [illegible] کہاں

تیرے شہر [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
اسی صبا کے کنارے
انہیں [illegible] کے تلے

عباس تابش

شجر سے اُترتی ہوئی ایک نظم

[illegible]

(فنون لاہور، اکتوبر/نومبر ۹۸)

عبدالعزیز فطرت

[illegible]

[illegible]

آواز

[illegible]

علی جواد زیدی

سفر ختم نہیں

ماہی کہسار پہ بل کھاتی ہوئی چڑھتی ہوئی
اژدہا دل کی طرح تیرتی اٹھلاتی ہوئی
کھلتے جوڑے کی طرح تانے سے لہراتی ہوئی
دلدلوں سے پرے، برف کی وادی کے قریب
جیسے بکھراتی ہوئی شیو کی جٹاؤں میں گنگا،
اک نئے موڑ پہ آپہنچی ہیں راہیں، ساری
سہمی سہمی سی، رکی، سہمی ہوئی بیچاری
سنگ میلوں کی قطاروں سے گزر آئی ہیں
مرغزاروں کے کناروں سے گزر آئی ہیں
گاتے بکھرتے پہ چھلکتی ہوئی گاگر چھوڑی
ٹیلوں اور سیپیوں کے پیچھے تھے
کئی کہسار، کئی تار، پیچھے چھوٹے
قافلہ گل کی بہاروں سے گزر آئی ہیں
مدرسوں میں نگہ خوش رو معصوموں کی
شوخیوں پر نگہ گرم وہ استادوں کی
وہ شرارت میں شرافت، وہ کنکھیوں میں حیا
کھلتی ہوئی سے جبیں طبیعت کا اُبال
صحن مکتب سے سہانا جو نکل آتا تھا
وقت بھی تھم جاتا تھا،
راہیں ان منظروں سے دور نکل آئی ہیں
کتنے جوڑے تھے جو پیچھے ہیں وہ سب چھوٹ گئے
چھوٹ کر رہ گئے:

دور کچھ رخشندہ جو ڑکے تابندہ چہرے
تازہ معیاروں کے پلے ہوئے افکار کے ساتھ
تجربہ گاہ سیاست میں جھلک اٹھتے ہیں،
کاروان عہد گزشتہ کی جھلک یادوں کے
قمری طرح حسیں مشرق کے نئے جوان
گل بدن سفینہ ہاں [illegible] کے ساتھ
راستہ روک کے خلا میں بڑھ آتے ہیں
راہیں کب رکتی ہیں، فرصت ہی چلی جاتی ہیں،
راہوں میں کتنے ہی اہرتے ہوئے سارب سے
راستہ کاٹ کے بھٹکے سے گزر جاتے ہیں
یہی اٹھلاتے ہوئے کچھ دار یکایک جاتے ہیں،
سیکڑوں تتلیاں پھولوں کو تبسم دے کر
لے رنگینی وہ چوں کا سائے پر چم
خوشبو بکھراتی ہوئی اڑتی چلی جاتی ہیں ''
بلبلاتے ہوئے کچھ لوگوں سے جوش کی خوشبو
اٹھ کے میدان کارزار کے ساحلوں کی طرف
چلتی ہے، جیسے نئے شعر کی تحریک چلے
اور ان آزادہ رو خوشبوؤں کے سلسلے میں
سب ہی [illegible] راستہ [illegible]

(افکار کراچی مئی ۸۸)

علی سردار جعفری

دولتِ دُنیا کا حساب

[illegible]

[illegible]

[illegible]

سن ۸۸

غلام حسین ساجد

شکستِ خواب سے پہلے

شکستِ خواب سے پہلے
مرے اطراف کی ہر شے
کچھ ایسی بیقراری سے مری جانب لپکتی ہے
کہ جیسے سایۂ دیوار پر دیوار گرتی ہے
مناظر میری آنکھوں کے بہت نزدیک آ کر جھلملاتے ہیں
مرا دل میرے سینے میں کہیں اندر ہی اندر ڈوب جاتا ہے
میں خود پر آسماں جھکتا ہوا محسوس کرتا ہوں۔

شکستِ خواب کے ڈر سے مرا دل کانپ اٹھتا ہے
کہ باہر کی فضا سے خواب میں رہنا ہی اچھا ہے
اگرچہ خواب بھی موجود ہی کا عکس ہوتے ہیں
مگر خوابوں کی لذت سے گرانباری نہیں ہوتی
کہ جیسے آئینے سے وحشتِ دل جھانک لیتی ہے
مگر بوجھل نہیں کرتی۔

شکستِ خواب سے پہلے
میں اپنے آپ کو اک دائرے میں بھاگتا محسوس کرتا ہوں
بہت جی چاہتا ہے اس طلسمی قید سے چھوٹوں
مگر آنکھیں فشارِ خواب سے اس طرح سلتی ہیں
کہ اپنے آپ کو تکنا بھی ممکن ہو نہیں پاتا
بدن حرکت نہیں کرتا۔

(ادبِ لطیف لاہور جولائی ۸۸)

مری رُوح کا پرندہ



مری روح کا پرندہ
کبھی آسماں میں اڑ لے
کبھی شاخ پر کبھی ٹھہرے
کبھی چھت پہ جا کے اترے
کبھی کنول میں بھی بیٹھے
کبھی جھیل میں نہا لے
کہیں اپنے پر سکھا لے
کبھی نے میں گنگنا لے
کہیں گھونسلا بنا لے
مرے اپنے ہاتھ میں ہے
میں اسے جہاں بھی بھیجوں
میں اسے جہاں بٹھاؤں
میں اسے کہیں بلاؤں
اسے جو بھی حکم دے دوں
میری پیروی کرے گا
مری روح کا پرندہ

مری روح کا پرندہ
جو شبیہہ میں چھپا ہے
جو کتابچوں میں نیا ہے
کہ ہزار پنچھیوں میں
جہاں سب کی شکلیں اک سی
جہاں سب کی آنکھیں اک سی

کبھی گہرے پانیوں سے
کبھی اونچی گھاٹیوں سے
کبھی سونے جنگلوں سے
کبھی رنج کے غمی کے
کبھی ہنستی زندگی کے
نئے گیت لے کے آتا
نئی بات ڈھونڈ لاتا
نئی طرز، اور ادا ہے
مری رُوح کا پرندہ
مری اپنی ہی نوا ہے

مرے گیت سننے والے
مجھے دل سے یہ دعا دیں
مری روح کا پرندہ
مرے عہدِ زندگی میں
مرے سامنے تڑپ کر
کہیں اپنا دم نہ توڑے

میں ہزار دکھ اٹھاؤں
پہ یہ سانحہ نہ دیکھوں



ف۔س۔ اعجاز

ماہنامہ انشاء کلکتہ مئی ۱۹۸۸ء

محسن احسان

اے خدا

اے خدا میرے کئی دشمن ہیں
اے خدا میرے باہر بھی ہیں اندر بھی ہیں
اے خدا مجھ کو بھی کر دے ہشیار، قلعۂ جسم کے
ہر دریچے پہ جو گھر کی طرف دیکھتے ہیں
ان کی آنکھوں میں وہ اسرار چھپے ہیں کہ جو
میرے ماحول کی شاداب فضاؤں کو بھسم کر دیں گے
ان کے ہونٹوں پہ وہ زہراب چھلکتا ہے کہ جو
میرے دریاؤں کو گلزاروں کو بنجر کر دے گا
ان کے ہاتھوں میں عداوت کا وہ تیشہ ہے
جو مرے مستقبلِ خیر کو ختم کر دے گا
ان کے قدموں کی دھمک
سرحدِ شہر پہ ہر لحظہ نمایاں ہے ابھی
کتنے انسانوں کا خوں جن کی دکانوں پہ بکے
اے خدا میرے کئی دشمن ہیں
اے خدا میرے باہر بھی ہیں اندر بھی ہیں
اے خدا میرے اندر کے بھی دشمن
جن کو میں جانتا ہوں
ان کو ہر حال کو پہچانتا ہوں
اپنا قاتل انہیں گردانتا ہوں

میرا دشمن وہ تعصب ہے جو ذہنوں میں جالے بنتا ہے
اور باتوں سے عیاں ہوتا ہے
میرا دشمن ہے وہ رشوت
جو مکانوں کی بلندی کا بھرم رکھتی ہے
ان کی آن افلاس بڑھاتی ہے
اور غریبوں پہ کئی آفتیں لاتی ہے

میرا دشمن ہے وہ قانون
جو سدا دولت کے ہاتھوں میں کھلونے کی طرح ہوتا ہے
اور جو طاقت پہ ہر اک روپ بدل جاتا ہے
میرا دشمن ہے وہ رشتہ
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ساری دشمن

اے خدا میرے کئی دشمن ہیں
اے خدا میرے باہر بھی ہیں اندر بھی ہیں
اے خدا مجھ کو توفیق و تاب دے اور حوصلہ دے
کہ میں ان دشمنوں کے سامنے اک کوہِ گراں بن جاؤں
آگ برسائے جو [illegible] پہ وہ زنداں بن جاؤں
اے خدا تجھ سے یہ وعدہ ہے مرا
میں کسی چال صدی کی نہیں چلنے دوں گا
میں تعصب کو دلوں میں نہیں پلنے دوں گا
[illegible] شام نہ ڈھلنے دوں گا
اپنی آزادی کا خورشید نہ ڈھلنے دوں گا

o

(افکار کراچی دسمبر ۸۸)

نئی انجیل

بابا! میں تمھیں اپنی نظمیں سُنانا نہیں چاہتا
کیونکہ!
میری نظمیں بھی تو،
نئے الفاظ کے لبادوں میں پُرانی آیات کے سوا
کچھ بھی نہیں۔
بابا! نئی آیات کی ترجمانی تمھیں پسند نہیں
قدیم صحیفوں کی گرد تم جھاڑتے رہتے ہو اور
اس وقت تک ان کی تلاوت بھی خود نہیں کرتے

ہم
جب تک کہ اپنے پڑوسی سے پوچھ نہ لیجے۔

قدامت پسندی نے تمھیں اَندھا کر دیا ہے۔
بابا! ——
تمھارا دل —— قدیم تہذیب کا ایسا کھنڈر ہے جہاں
اُلّوؤں اور چمگادڑوں کا بسیرا ہے۔
تمھیں اس نئی انجیل سے کیا غرض
جس کا مصنف تمھارا اپنا ہی بیٹا ہو!

نصر ملک

(ادبِ لطیف لاہور اپریل ۸۸)

وزیر آغا

کہاں گئی ہو؟

کہاں گئی ہو
فلک کے اُس پار جا بسی ہو
زمیں کی گہری گپھا کے اندر اُتر گئی ہو
کہاں گئی ہو؟

تمھارے ہونے سے دل جواں
رہگذر رواں تھی
گلاب چہروں سے ساری بستی مہک اٹھی تھی
خوشی، مکانوں کے ساغروں سے چھلک پڑی تھی
تمھارے جانے کے بعد
اب کچھ رہا نہیں ہے
اُداس شاخوں میں
اک بھی بھیگی صدا نہیں ہے
تمھارے خوشبو
زمیں سے برگِ خنا کھڑی ہے

کہاں گئی ہو؟
ربیل، میلی، بکرا: —— کمی ہیں گندمی رُتو
تم کہاں گئی ہو؟

(ادبِ لطیف لاہور جولائی ۸۸)

خواجہ دل محمد

دلِ کے دوہے

[illegible]

رب کی سب کے ساتھ ہے سب کی جب کے ساتھ
جس کی سب کے ساتھ ہے اس کی سب کے ساتھ

سرپٹ دوڑی، پیا ملو، سو جال چھپائے
انکھیں بند کیے گیت کی، مالک تک ہو آئے

میں مالک کی ٹھوکروں میں مالک کا ہاتھ
میں مالک کے ساتھ ہوں مالک میرے ساتھ

سوتی سر کے بل چلے، رساگروں سے کیا زور
حسن بیچے دیکھتی، ہاتھ پیا کے ڈور

شوخ انگ شریر میں، گوری گوری چاند نے
بکری ہاتھی گھونٹ سے زمیں میں گرتی جائے

من مندر کی سیڑھیاں، کعبہ، دیر، کنشت
دھوپ ہوا چار روح کی دوزخ اور بہشت

گزری گزری ہار نے سب دنیا کی کہ
ذرہ بھی گر جائے تو کہلائے سنسار

سورج نکلا، دل چڑھا، ہوئے ستارے ماند
بن میں پھولوں اور اس میں جیسے دل میں چاند

دو پہلے سات بھروں سنہری پاتھ
بیاں بیٹھے باہیں، ہم تم مل کر ساتھ

دھرے آنکھیں سینکتے جاتیں پیار کے ساتھ
سوکھا پیڑ راہ میں، پڑا پسارے ہاتھ

مستی کی رت آگئی، ناچیں پھول اور پات
شاخیں جھکے بہار میں، کر کر لمبے ہاتھ

چڑیا! تیرے چہچہے میرا جیا لبھائیں
مطلب کچھ کچھ پالیا، بول نہ سمجھے جائیں

جگمگ جگمگ کر رہی، تاروں بھری یہ رات
کس دولہا کی آس میں جاگے ساری رات

دن سارے سنسار کو اجیارا دکھلائے
رات بچاری کیا کرے، گھر گھر دیپ جلائے

رائی اوٹ پہاڑ ہے، قطرے میں طوفان
دیکھو شکتی ایشور کی، تل میں چھپا جہان

ناز دکھائے نازنیں، عاشق ناز اٹھائے
خوشبو پہلے باغ میں، پھر جو دیا دکھلائے

ننھی ننھی اوس کی بوندیں سوکھ کر ذرہ
سورج دوارے چڑھ گئی کیا میری پوت

گھونگھٹ کھولے کامنی، پھولوں کو غش آئے
شبنم چھینٹے مار کے، تتلی پکڑ جائے

گوری تیرا روپ یہ، فطرت کی چمکار
جیسے بسے چاندنی، جیسے تارے پیار

تل ننھا سا بیج ہے، تل کے اندر تیل
تیل کے اندر نور ہے، دل کو تل سے میل

قابو کرے بجلیاں، آگ، ہوا اور بھاپ
میں جانوں جب تو کرے قابو اپنا آپ

اک مشعل انسان کو سیدھی راہ دکھائے
اک مشعل، انسان کے گھر میں آگ لگائے

لٹ چھٹے گنگا نہ دھارا، تو پربت جینا منڈ
اس دنیا دکھیارے کے دکھ کا دارو ڈھونڈ

علم ہے نور کم ہو، اس کا یہی سبھاؤ
جوت جگے جب دیپ کی، سو سو دیپ جلاؤ

---

۱ آدمی جی ۲ کیس

دو ہریالی ہو کا، منہ سے بول نہ بول
نیچے تو نہ تھوکی کر، دھرتی امبر آل

چاندنی سونا بکھرا، کل بھی کب چپ رہے؟
اس سونے کی آگ سے کیوں نہ کروں جلائے

سیاجی کا کام ہے، راس نہ آئیں پاس
سونی نگری، سب ہے سب کا ہے پیاس

جل میں رہ کر بیگ ست کنول روپ سے جگی
بات جو چاہے آپکی، پانی مانگ نہ پی!

پھول کی رت تھے، ہوتی گل ہو
ن کلی کر پھولے سے تو نہ بے گل ہو

کی پھولوں کی ڈالی، جب سے پانچ مراس
کرم کرم بھری، سب پھولوں کا ناس

آدمی، اونچے پیڑ اجاڑے کھینچ گئی لے
سبزہ وگر وا ہے، جھک جھک کہنا جانے

جیون جیتا، آگئی پچھتاوے کی شام
بات تمہاری اٹک چکی، اب تا کس کام

بجلی چمکی تیری، منڈے پاس اور دور
مور پپیہوں کا کیک ہے، بوجھ لیا مزدور

پیٹ بھرے کب روٹی کھا گئی، اس کی جان
دال چاول اینڈی کی ڈالے لئے، کھلے اور زبان

ہم سب شطرنج کے مہرے، بچھی زمیں
ممتا کا گھر بچھی رات، دو جیسا گھر جیسیں

نیکی اس کی ریت ہے، جس کے نیک اصول
کانٹے پکی دھوپ میں، چھتری کرے پھول

چنا لیے اس طرح ہالوں کے ساتھ
جیسے لپٹے چنچل دلداروں کے ساتھ

راج محل کے آنگنا پر کھا امرت دھار
بیچے جس کی بھوک نچڑی، ایسا نہیں گوار

بھوکا پیٹ کسان کا، جو محنت سے چور
دانے اس کے کھیت میں، روٹی اس سے دور

چیتے، گورے رنگ پر کیوں متوالا ہو
کالی کالی گھٹا کے، دودھ نہ کالا ہو

بے خود مختاری، آزادی کس کام
جس کا تن آزاد ہو، جس کی روح غلام

پنچھی اڑنے ڈال سے، ڈال بڑھائے ہاتھ
کس نے اڑانے، مرغ صبح بات سنے گا ساتھ

ہائے میری آتما، فانی جیسا نام
ذات مری انسان ہے، بات مری الہام

(فنون لاہور اکتوبر، نومبر ۸۱ء).

ندا فاضلی

دوہے

(گوری سوئی سیج پر مکھ پر ڈالے کیس)

تو کاغذ میں لکھا ، تجھ میں میں سنسار
اپنی ہی تصویر کو پوجے رچنا کار

برکھا سب کو دان دے جتنی جس کی پیاس
موتی سی یہ سیپ میں ماٹی میں یہ گھاس

تو دریا کا راستہ میں رستے کی پیاس
میں ہوں تیری کھوج میں تو ہے میرے پاس

سانسے[۱] سادھک سات سُر، سات سروں کے راگ
اتنا ہی سنگیت ہے جتنی تجھ میں آگ

پنچھی بادل پھول نت ، الگ الگ آکار
ماٹی کا گھر ایک ہی ، سارے رشتے دار

سیتا راون رام کا ، کریں وبھاجن[۲] لوگ
ایک ہی تن میں دیکھئے تینوں کا سنجوگ

دریا سے بادل بنے ، بادل سے برسات
تو چاہے تو دھوپ لے میں چاہوں تیرا ساتھ

نیندیں تھا راستہ ، ہر رستے[۳] میں تھا گھاٹ
جہاں جہاں پہنچی یاترا ، گھس گئے دونوں پاؤں

بچہ نکلے گود میں ، کر ٹھہری شور
بادل گرجے بعد میں ، پہلے ناچے مور

چڑیوں کو چہکار دے ، گیتوں کو میٹھے بول
سورج بن آکاش ہے ، گوری گھونگھٹ کھول

ہر چہرہ بے شکل سا ، سارے درپن راکھ
جب بھی دیکھا دھیان سے اندھی ہو گئی آنکھ

ساتوں دن بھگوان کے ، کیا منگل کیا پیر
جس دن سوئے دیر تک بھوکا رہے فقیر

جتنا بھیگے بادری ، اتنی سلگے پیاس
ساون ہے ساٹھ دن ، نینا بارہ ماس

ندیا سینچے کھیت کو ، توتا کترے آم
سورج ٹھیکے دار سا ، سب کو بانٹے کام

سورج سے دھرتی تپے ، چھایا ڈھونڈے سنگ
تن کے اندر من جلے ، دھواں دکھے نہ انگ

آنکھیں جھکیں آگ کی ، چھوڑ بکھاری بھیڑ
پنچھی چھایا ڈھونڈ کر سر گھسا دے پیڑ

سب کی پوجا ایک سی، الگ الگ ہر ریت
مسجد جائے مولوی، کوئل گائے گیت

یگ یگ سے ہر باغ کا، یہ ہی ایک اصول
جس کو ہنسنا آگیا، وہ ہی مٹی پھول

سپنا جھرنا نیند کا، جاگی آنکھیں پیاس
پانا، کھونا، کھوجنا، جیون کا اتہاس

بن ساجن سب ایک سا، دھوپ ہے یا چھاؤں
جب تک تھا وہ گاؤں میں، تب تک ہی تھا گاؤں

میں رویا پردیس میں، بھیگا ماں کا پیار
دکھ نے دکھ سے بات کی، بن چٹھی بن تار

جیسی چڑیاں دھوپ کی، دور گگن سے آئیں
ہر آنگن مہمان سی، پکڑو تو اُڑ جائیں

آنگن آنگن بیٹیاں، چھاتی بانٹی جائیں
جیسے بالیں گیہوں کی، پکے تو کاٹی جائیں

ناڈر کاٹے بانس کو، بنسی کرے بھید
اتنے ہی سُر جانیے، جتنے اس میں چھید

بگیا جاگے رات دن، آئیں جائیں پھول
پرسوں، ترسوں، کل تلک، میری تیری بھول

دکھ کی نگری کون سی، آنسو کی کیا ذات
سارے تارے دور کے، سب کے چھوٹے ہاتھ

اُجلی سنگت چھوڑ کر، بستی بدلے روپ
جیسے مل کر آئی ہے، میلی ہو گئی دھوپ

میں کیا جانوں تو بتا، تو ہے میرا کون
میرے من کی بات کو، بولے تیرا مون

ڈالی پر تصویر تھی، تتلی میں تھا پھول
سورج نکلا ڈھونڈنے، ہاتھ آئی بس دھول

تتلی بیٹھی پھول پر، شاعر کرے وچار
دو ملکوں کے بیچ میں، سرحد کی دیوار

بجلی میں دریا بہے، دریا میں تالاب
بنیا گن گن آنکڑے، سوچے اپنی لابھ

تو تھا اپنے بُت میں، میں تھا گنگا دھام
میری تیری بھول کا، راجہ پڑ گیا نام

ساگر سے ندیا ملے، ہر یاترا گر ہوئے
کس میں کتنا کون ہے، جانے نا ہی کوئے

راجہ بیٹا جوڑ کے، گھوما چاروں دھام
دو گز کے اک ڈھیر سے، آگے بڑھا نہ نام

نگری نگری گھوم کر، لکھیے دوہے گیت
اپنے من میں کھوجیے، اپنے من کا میت

۱۔ خاموشی ۲۔ نقصان فائدہ

(شاعر بمبئی ۸۹ء)

جمیل الدین عالی

ساجن ہم سے ملے بھی لیکن ایسے ملے کہ ہائے
جیسے سوکھے کھیت سے بادل بن برسے اڑ جائے

میں نے کہا کبھی سپنوں میں بھی شکل نہ مجھ کو دکھلائی
اس نے کہا بھلا مجھ بن تجھ کو نیند ہی کیسے آئی

سچائی اور اچھائی اور سُندرتا ہیں ایک
جو سچا ہے وہ سُندر ہے جو سُندر ہے نیک

عالی جی ایک دوست ہیں اپنے جن کا ہے یہ کام
جیون بھر بڑ دکشنا رہیں اور جیون بھر بدنام

عمر گنوا کر پریت میں ہم کو اتنی ہوئی پہچان
چڑھی ندی اور اتر گئی پر گھر ہو گئے ویران

سُتھر ستھر کانپے کاغذ اور سیاہی اُڑتی جائے
سچ کا بوجھ ترازو جھوٹی کتنی دیر اٹھائے

تہہ میں بھی ہے حال وہی جو تہہ کے اوپر حال
مچھلی بچ کر جائے کہاں جب جل ہی سارا جال

اردو والے ہندی والے دونوں ہنسی اڑائیں
ہم دل والے [illegible] کو سمجھائیں

(تہذیب دہلی جنوری ۸۸)



آتش شفاقی

کاشی کی بنسیا باندی، کاسے کرے حمد
حسن کسے کی جوت کو، سینے کی اگن مند

نیروں سے بہنے لگی، دیکھو کم کم ہسر
ہم کی یہ ٹکریاں، ان میں کہاں شناس

نرگس کب گرن تھا، ذرا دیکھے جاؤ
تم بیچ ۔ لائے گا، دوسرے کے بھاؤ

جب کبھی برسے تول کے ساتھ تا نابط
کری بیل کر خیرے، پانی بہے کس گٹ

یوم ہم ہیں کون ہے، جیا اک شخص
نرگھے ہے آئینہ، دیکھے کے اپنا عکس

برسیں کسی پہ بدلیاں، گھے کسی گھر آگ
دہنے اپنے بیکھ ہیں، اپنے اپنے بھاگ

تم تاکے چلو، ہم نے شاستقبل
سن جیں کر پہ گیا، ہاتھ سے گیا جیسل

(روداد نئی دہلی ۸۸)

کنڈلیاں

بھگوان داس اعجاز

(۱)

منزل کتنی دور ہے، کہاں پتے کی بات
کانٹے ہے سوال پر، کوچوں کے ہات
کوچوں کے ہاتھ پڑی ہے جیون ڈوری
جگنوں کی رفتار کر جیسے مرتی لوری
دستے ہے، یہاں سارتھی ہے نادان
نسرچے نے سہٹ دوڑے آگے منزل

(۲)

شور تو ہو یہاں کو یہ ٹھک نے پیاس
یہ شندہ ہوا، کیا رہی کھیل ایسا ناس
کھیل ایسا ناس، جاپ کرو لی ذاتیں
ہو گئے احساس قتل وہ ایسے باتیں
ٹھیک گر سازش ہے تو سازش سے توجہ
دھوں پہ انسان یہ کیسی تیری سوجھ

(۳)

اندھیارے میں کر گئی آندھی اپنا کام
شیش محل میں زلزلہ پتھر پر الزام
پتھر پر الزام سہارا کوئی اندھ
لوگ سبھی بدنام او تھامے کس کا کندھا
ویسی یہ کیسا پار یہاں پہنچے اجیالے
اجیاروں کے بھیس میں پھرتے ہیں اندھیارے

(۴)

نوکا حسبِ حال ہے، ماروں سبھی سوار
بیسا ہے ناخدا کاندھے کی پتوار
کاندھے کی پتوار ہوائیں سبھی طوفانی
لے ڈوبے گا ناؤ ندی کا گہرا پانی
لے جائے کس سمت رہا ہے وائیو جھونکا
سوچ رہا ہے گھوم گھوم خطرے میں نوکا

(۵)

پیچیدہ ہیں راستے، گلیاں ہیں گنجان
گھر اپنا ہی ڈھونڈنا یہاں نہیں آسان
یہاں نہیں آسان، کسی کو اپنا کہنا
اور بھی مشکل اندھی گلیوں کا دکھ سہنا
دستک بھی دشوار کر دروازے بوسیدہ
مسئے ہیں ہر موڑ پہ یہ رستے پیچیدہ

ماہنامہ ایوان اردو دہلی
جولائی ۱۹۸۸ء

شبیر حیدر
ہائیکو

شہر کی پُر ہجوم سڑکوں پر
سیسہ انڈیل کر گئے ایسے
جیسے سینے کی سیڑھیوں میں بچے

o

شام گلیوں میں رقص کرتی ہے
رات گھر سے ابھی نہیں نکلی
روشنی گیت گا رہی ہے ابھی

o

تم سے مِل کر کیا ہوگا
سرد موسم کے سرد سائے میں
شام اکثر اُداس ہوتی ہے

o

بارشوں کا ابھی کہاں موسم
سینے جذبوں کی رت پہ شاید
اَبر یادوں کی آنکھ چھلکی ہے

o

نیلی ہواؤں کے دوش پر بہتی
غم سمندر عبور کر جاؤں
ساتھ اپنا اگر میسر ہو

جمیل ملک
ہائیکو

آدھ ہیں سب گھروں کے آئینے
باغ سارے ہی اُن دنوں جیسے
آئینہ گھر ہے قبرستاں کا

o

خامشی میں اگر بساطِ خواب
رات کر دھنک سے تو کھل جائے
سارا عالم ہی خواب لگتا ہے

o

تیرے اظہارِ دوستی کر کے
قیمتِ جان و دل ادا کر دی
اب میں بیمار ہوں کہ مر جاؤں۔

o

جب تیرے خیال خواب بنے
میں نے خوابوں سے دوستی کر لی
مشکل ہے وصال کا موسم

o

زندگی غم کا اک سمندر ہے
تہہ میں جا ئیں مسرتوں کے لیے
ڈھونڈ کر دو نہیں سیپ کے موتی

حسن جاوید
ہائیکو

(ترجمہ)

پست چھوڑ کر شرماؤں
اس سفر آگر پہ پچھتا ہے
کیا میں دیا جلاؤں
(۱۹۰)

o

روز سویرے میں
جب برساتی جھاڑتا ہوں
گفتگو کرتے ہیں
(دلستر)

o

رُت سے پھولوں کی
خواہش پر قلم لی نیا
تیری آنکھوں کی
(انو)

o

پت جھڑ کے جگنو
جب اُن سے اُٹھاتے ہیں
کوئی دور کنکر۔
(۱۰سو)

o

ساکت بیٹھی ہے
دیواروں کے سائے
مکڑی بیٹھ کے۔
(اسل)

(روزنامہ باقی لاہور جون ۱۹۸۸ء)

ہائیکو
وقار قادری

(۱)
[illegible]

(۲)
[illegible]

(۳)
[illegible]

(۴)
[illegible]

(۵)
[illegible]

[illegible]

ڈاکٹر الیاس عشقی بنام قتیل شفائی

مکرم و محترم قتیل شفائی صاحب — السلام علیکم

ایک اہم صنف میں ماہیا کے مصرعے کے اضافے کے ساتھ آپ نے جو تجربہ کیا ہے وہ بے انتہا مناسب ہے۔ اسے جاری رکھیے۔

یہ عرض کرنے کا میرا مقصد یہ ہے کہ آپ کی اطلاع کے لیے عرض کروں کہ اس صنف کے نام [illegible] مختلف لوگ [illegible]۔ ایران میں رباعی پر ایسے ہی تجربے ہوئے اور وہ اس طرح تھے۔

۱۔ رباعی سے ایک مصرع کم کر کے ثلاثی کا نام دے دیا گیا۔ ہمارے ہاں جو ثلاثی لکھتے ہیں وہ اس لیے کوئی نیا کمال نہیں کر رہے کہ اس تجربے کو پہلے ہی ثلاثی کا نام دیا جا چکا ہے جو ہم تین مصرعوں کی وہ نظم [illegible] ہو۔

۲۔ رباعی پر ایک مصرعے کا اضافہ کر کے اسے خماسی یا پنج گانہ کا نام دیا گیا۔

۳۔ رباعی پر دو مصرعوں کے اضافے سے [illegible] ششگانہ کہا گیا۔

۴۔ رباعی پر تین مصرعوں کا اضافہ کیا گیا تو ہفت گانہ کہا گیا۔

۵۔ رباعی پر چار مصرعوں کا اضافہ کیا گیا تو ہشت گانہ کہا گیا۔

کچھ خیال آیا کہ آپ کی نظر سے فارسی کی جدید شاعری کی تاریخ اور فارسی کے ان تجربات کی تاریخ [illegible] اس لیے آپ کو یہ چند باتیں لکھ رہا ہوں۔ شاید آپ اس صنف کو خماسی کا نام دینا پسند فرمائیں جو زیادہ مناسب ہوگا اس لیے کہ کافی اور خماسی رباعی ہی کے وزن پر ہیں۔

نیازمند : ڈاکٹر الیاس عشقی۔

یہ درست ہے کہ [illegible] کے ان تجربات کی تاریخ میری نظر سے نہیں گزری۔ اس لیے [illegible] آپ [illegible] ہوں گے۔ آپ [illegible] اس صنف [illegible] کو [illegible] نام [illegible] اردو شاعری کی اس صنف میں طبع آزمائی کی ہے۔

مخلص قتیل شفائی

[illegible]

ساون کی [illegible]
ماحول کو [illegible]
[illegible]
آواز دی [illegible]
[illegible]

[illegible]

(... ۸۸)

خماسی

(رباعی میں ایک مصرعے کے اضافے کے ساتھ)

حالات کو سازگار کرتے کرتے
ماحول کو خوشگوار کرتے کرتے
سامانِ وصالِ یار کرتے کرتے
پتھرا سی گئی ہیں مری آنکھیں اکرؔ!
اک شخص کا انتظار کرتے کرتے

○

سوچا تھا وہ خوش جمال آ جائے گا
اس کو مرا جب خیال آ جائے گا
پیغامِ شبِ وصال آ جائے گا
مدہوش تھا میں یہ خبر تھی کہ اُسے
شاہوں کی طرح جلال آ جائے گا

○

فطرت کا حسیں طلسم تم بھی دیکھو
[illegible] اُس کا جسم تم بھی دیکھو
خوشبو کا مجسّم اسم تم بھی دیکھو
جو پھول جوانی کی حرارت سے کھلیں
اُن پھولوں کی خاص قسم تم بھی دیکھو

○

باہوں کے سبھی سنگار گجروں جیسے
یہ رقص کے انداز بگولوں جیسے
ریشم سا بدن گال ہیں پھولوں جیسے
اُس بابِ غزل کے ہم [illegible]
ہم ذوقِ شعر کے اصولوں جیسے

○

اُس بُت سے [illegible] کا جھگڑا ہے
سب رنگ کہیں [illegible] کا جھگڑا ہے
اِس بات پہ جب [illegible] کا جھگڑا ہے
دل [illegible] سے کیسے ملوں
[illegible] جب [illegible] کا جھگڑا ہے

○

(نقوش لاہور دسمبر ۸۸)

[redacted]

ماہیے

[redacted]

چاندی کی ہیں پازیبیں
اس جسم پہ سجتی ہیں
تجھ کو نہیں کیا جچتیں؟

ریشم کی چادر سی
سونے کی ہو ریتا
کس دریا میں جا گری؟

ملک اپنا جاتی ہے
جب دیں گے اشرف
سالن ہی پالی ہے

کھلا اور ابھرا ہے
بستی میں بہت روپ
اس شخص کا چرچا ہے

چلتی گی پروائی
گرمی کے موسم کی
اک چوٹ ابھر آئی

چلتے پھرتے رستے میں
اس کے گناروں کر
رکھ بیٹھے ہیں

رب تیرا ہو رکھوالا
اس آتشِ فرقت نے
ہم کو تو جلا ڈالا

گلشن ہے کلائی میں
گھر والوں سے چھپ چھپ کر
رو لی ہے جدائی میں!

[redacted]

(اوراق لاہور ۔۔۔ ۱۹۸۸ء)

احمد ندیم قاسمی


آمد آمد

دستِ خورشید سے دروازۂ شب بجتا ہے
ظلمتیں اپنی قباؤں کو اڑاتی — بھاگیں
یوں کہ تلوار بکف اُن کے تعاقب میں ہے
اور ستارے ہیں، کہ چھپنے بھی نہیں پاتے ہیں
صبح کے ڈر سے کہیں ڈوب کے رہ جاتے ہیں

ظلمتِ شب کے ستائے ہوئے آدم زادو!
سن سکو تم تو ذرا گیت شعاعوں کا سنو
راہ میں یوں تو اندھیروں کے پہاڑ آتے ہیں
جب گزر جاتا ہے، وہ ہر دل میں آ جاتے ہیں

احمد ندیم قاسمی

(الفکر کراچی دسمبر ۸۸)



اے درد! ذرا تھم جا

[illegible]

فلک پرستش ہے وہ تجلی ذرا تھم جا
[illegible]
[illegible]
[illegible] ذرا تھم جا [illegible] ذرا تھم جا
اے درد ذرا تھم جا

اے درد! ذرا تھم جا، ہم دیکھ لیں جی بھر کے
کچھ تو بیاں کر لیں اپنے دل مضطر کے
اُف میری گراں جانی [illegible]
[illegible] دل میں [illegible] تھم جا
اے درد ذرا تھم جا

اُن سے یہ کہنا ہے پھر آ کے [illegible]
آنسو [illegible] آنکھوں میں [illegible]
[illegible] عشق کی [illegible]
[illegible] فرصت [illegible] اے راہ فنا! تھم جا
اے درد ذرا تھم جا

اے راہ فنا! تھم جا منزل کہیں بستی میں
کچھ دیر آرام لے لوں اس عیش کی بستی میں
[illegible] فرصت [illegible] ہستی میں
وہ سامنے منزل ہے اے لغزش پا! تھم جا
اے درد! ذرا تھم جا

کچھ لطف نہیں باقی سیرِ گل و گلشن میں
[illegible]
[illegible]
ہمراہ مجھے لے چل اے بادِ صبا تھم جا
اے درد! ذرا تھم جا

[illegible]
حسرت کی [illegible]
شاید نہیں [illegible]
اے جانِ حزیں! [illegible] تھم جا
اے درد! ذرا تھم جا

[illegible]

غزل

تیرے محفل میں کسے بسر ہو اک کہ تو گہرائی بہت ہے
یہ مگر ہے کہ تنہائی میں خوش ہوں کہ تنہائی بہت ہے

اپنی اپنی ذات میں گم ہیں اہل دل بھی اہل نظر بھی
محفل میں دل کیوں کر بہلے محفل میں تنہائی بہت ہے

غرق دریا ہونا یا رد ، غالب پہ کیوں جانا تھا
ایسی ترک لذت میں ہو جو تو رسوائی بہت ہے

دشمن سے ٹکرانا غیرت ہے غیر سے ڈرنا بھی بزدلی
کل تک ماتم تھا گھر کا ... بہت ہے

...

اپنی معرکے میں ہے کہ شکوہ ... کیسے ہیں
... کیا طلب ... بہت ہے

...

دل کی تو ... لیکن ...
... بہت ہے

سلطان عباس

(... ہسپتال میں لکھی گئی)

زندگی پاؤں تو میں خود کو سکندر لکھوں
ورنہ ... کو مقدر لکھوں

کم سے کم اتنی ہے جرأت تو مجھے ملے
جو بھی لکھوں وہ بہت سوچ سمجھ کر لکھوں

زندگانی کے اب آثار نہیں ملتے ہیں
جی میں آتا ہے شب و روز کو بہتر لکھوں

کیسے طوفان کے مقابل ہے یہ سانسوں کا دیا
کیوں نہ اس ننھے سے قطرے کو سمندر لکھوں

اک فرشتہ نظر آتا ہے خضر کی صورت
لے کے جاتا ہے کہاں مجھ کو یہ کیونکر لکھوں

یہی سایہ مجھے کل رات نظر آیا تھا
اسے ہمزاد پکاروں کہ میں ہمسر لکھوں


کبھی دن چھوٹا لگے اور کبھی رات بڑی
ہوش آ جائے تو دن رات برابر لکھوں

جتنے خالی ہوں گداؤں کے وہ کاسے بھر دوں
اپنے قاتل کے لئے خون سے ... لکھوں

اب ارادہ ہے کہ دو چار حوادث لکھ کر
عمر جتنی بھی بچے خاک پہ بستر لکھوں

خاک جو سر پہ پڑے اس کو بھی اکسیر کہوں
سنگ زنوں کو بھی میں لعل و جواہر لکھوں

اے خدا مجھ کو بس اتنی سی توانائی دے
جو بھی لکھنا ہو وہ اب گھر ہی پہ بیٹھ کر لکھوں



غزل

صدیق مجیبی

دل پہ اک نامہ ترے کیا جانے کتنے سال سے
زندہ ہیں اتنی حیرت ہے عمر ہو گئی پامال سے

دن ڈھلا، جاگا کر دل پر آیا گفتہ ہجر و ویرانی
ہم جواں زخمی یادوں کے روشن خد و خال سے

چہرہ ماہ و سال کا مارا جیسے چلکا جو سر ابد
اب کیا جینے سے اب دل ہم ایسے بے حال سے

نبھے جو جب اک لذت تھی پہلے ہجر جب احساس تو تھا
بچھڑ کر پانے سے کم ہے زار ہیں سال سے

دل معروف غموں کا لیکن یہ اس کی دل داری ہے
یہ بجا ہیں معلوم ہیں کب اٹھے کب گنگال سے

حرف و ہوش کا موج بہرا آیا، یا مجیبی سوچ ذرا
سر تا قدم جا کر بھر اب چاندی جیسے بال سے

([illegible] ۸۸)

فراق گورکھپوری

مجبوریوں کے بوتے پہ تعمیرِ اختیار

مجبوریاں ہیں ... تقدیرِ اختیار

بس یہ کارخانۂ ہستی میں رات دن

مجبوریوں کی گود میں ... اختیار

لازم ہے آدمی سمجھنا ملکیت ... کا دستور
مجبوری اور آزادی کی بحثوں میں ہیں خاص دور

مجبوری اور آزادی میں ... بندھے ہے

مجبوری سے دیکھا دنیا آزادی اس کی ... و نور

ایک اصل ہے جو پیدا بھی نا پید بھی ہے
نوعِ بشر آزاد بھی ہے قید بھی ہے
اس صورت پر ہے غور قدرت
... صحیح ہے
... صاد بھی ہے صحیح بھی ہے

[illegible]

بخطِ شاعر

[illegible]

[illegible]

غزل

کام آیا نہ کسی کا بھی سہارا یارو
ہمت تھا سرِ منزل ترا تنہا یارو

بارِ کثرت تو نہیں ہے کہ رفاقت ڈھونڈیں
بارِ غم کا ہے اٹھاؤ اسے تنہا یارو

ترکِ تعلق کے بعد نہ ہو بارِ سماعت شاید
میرا شکوہ کہ جو تھا شکوۂ بیجا یارو

اتنی بھی خوں شدہ دل کی حکایت کیوں ہے
تھا یہ مجموعۂ آدابِ تمنا یارو

میں نہیں خاک بسر بیدادِ زمانہ سے ہوں
اپنی ہی روشنیٔ طبع کا مارا یارو

گوپال متل

مجروحؔ سلطانپوری

غزل

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مسعود منوّر

غزل

ترا انداز تھا یا پیار کی گہرائی تھی
وہ ملاقات تو سوغاتِ وطن لائی تھی

تجھ سے بچھڑے تو بھیگی آنکھوں کی پذیرائی کو
ایک اشکوں کی قیامت جو ساتھ آئی تھی

یہ بھی اچھا تھا اک گوشۂ تنہائی میں
تیرے ہونٹوں کی گلابوں سے شناسائی تھی

جو بھی آئندہ تھا اس طیب کی اقلیم میں تھا
تا بہ موجود، فقط درد کی دارائی تھی

نہ کوئی ملک، نہ فرقہ، نہ کوئی قومیت
مجھ مسافر کی زمیں، ذات کی پہنائی تھی

کیسی بر کیف، جدائی کی شبیں تھیں مسعود
سبز بستر میں غزل برف کی زیبائی تھی



مسعود منوّر
۱۲ اپریل ۸۸ء
نئی دہلی

بہ خطِ شاعر

(راج گل نئی دہلی اپریل ۸۸ء)

مضامین



[illegible] ۔ [illegible]
[illegible] کی شائع کیں۔
۲۔ [illegible] (۱۹۴۲ء) ۱۰ افسانے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ادب میں شامل ہے
۴۔ [illegible] (۱۹۰۲ء) [illegible] افسانے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

۵۔ [illegible] (۱۹ افسانے)
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
۶۔ [illegible] (ناول) ۱۹۴۱
۷۔ [illegible] (ترجمہ) [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] (۱۹۴۲ء) ۱۰ افسانے
[illegible]
[illegible] The Dove [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
مقالات : ۱۔ [illegible]
۲۔ [illegible]
[illegible]
۳۔ [illegible]
۴۔ [illegible]
منتخب [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
(۱۹۹۹)
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
افسانے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

[redacted]

عمیق حنفی
کچھ یادیں، کچھ باتیں

شمیم حنفی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پیدائش: [illegible] چکوال

[illegible]

[illegible] ۱۹۰۰

تعلیم: [illegible]

[illegible]

[illegible] پرنسپل [illegible] ہائی اسکول چکوال [illegible]

[illegible]

[illegible]

شادی اور اولاد: [illegible]

ذریعۂ معاش: [illegible]

[illegible]

ادبی سرگرمیاں: [illegible]

[illegible] چکوال ۱۹۲۲ [illegible]

[illegible]

[illegible] ۔

ضخامت/تعداد: [illegible]

[illegible]

اشاعتِ کلام: [illegible]

[illegible]

تصانیف:

مطبوعہ: [illegible] (۱۹۳۳)

[illegible]

[illegible]

غیر مطبوعہ:

[illegible]

[illegible]

ایک افسانہ نگار — بلونت سنگھ

اردو کے جدید افسانہ نگاروں میں شاید ہی کوئی ایسا افسانہ نگار ہو جس پر ترقی پسند تحریک کے براہِ راست یا بالواسطہ اثرات موجود نہ ہوں۔ لیکن یہ بھی تسلیم کرنا پڑے گا کہ ترقی پسند نظریات کا اظہار جس شدت اور وضاحت سے اردو شاعری میں ہوا ہے افسانہ اس کے مقابلے میں بہت پیچھے رہا ہے۔ اس کی ایک (اور میرے خیال میں سب سے اہم) وجہ تو یہ ہے کہ جہاں شاعری میں انفرادی جذبات اور خود فکر براہِ راست جگہ پا گئے ہیں وہاں افسانے میں فکر اور جذبات دونوں کے اظہار کے لیے کردار یا مواقع کی تخلیق ضروری ہوتی ہے یعنی افسانہ نگار کو اپنے تخیل اور نظریے کو فن کے قالب میں ڈھالنے کے لیے مجرد سے محسوس اور وحدت سے کثرت کی طرف آنا پڑتا ہے۔ اس کام کے لیے جو کردار، واقعات یا مواقع وہ حقیقی زندگی سے تلاش کرتا یا اپنے جذبات اور خیالات کی مدد سے خیالی زندگی میں پیدا کرتا ہے ان ہی سے اس کے افسانے کی فنی خوبیاں متعین ہوتی ہیں اور اس کی تخلیق کی اثر انگیزی کا انحصار ان ہی پر ہوتا ہے۔ اردو افسانوں میں خیالات یا مسائل کا براہِ راست اظہار شاعری کی نسبت ویسے بھی کم ہوا ہے، لیکن جہاں کہیں بھی ہوا ہے اس اظہار میں مانگے کے جذبات کا عنصر فطری اظہار سے زیادہ غالب نظر آتا ہے۔ یہاں ہم اردو افسانے کی عام روش سے ان افسانہ نگاروں کے ذکر سے آزاد ہیں جو ترقی پسند تحریک کے باعث [illegible] سے آگئی تھی۔

اردو افسانے کے فنی ارتقا کی طرح اس کے موضوعات بھی عام طور سے دیہاتی زندگی کے مسائل سے وابستہ [illegible]

[illegible]

یہ شعوری ہے۔ اردو کے اکثر افسانہ نگار تخلیقی لمحوں میں شاعر کے طریق کار کو اپناتے ہیں۔ [illegible] تخیل زندگی کے حقائق میں بہت سی ایسی بہت کچھ شامل کرتا ہے۔ اگرچہ اردو افسانے کے افسانہ نگار اپنے تخیل کی اصل سے نکل کر زندگی کے دو عمل ہی نہیں ہوتے [illegible] افسانے کے کردار اور واقعات محض کٹھ پتلیاں بن کر رہ گئے ہیں۔ اس سے ایک تو حقیقت نگاری کو دھچکا پہنچا اور خیالات و جذبات کرداروں پر ٹھونسے ہوئے معلوم ہونے لگے اور دوسرے اسلوب میں بھی [illegible] جو شاعری کا طرۂ امتیاز ہے اپنایا گیا اور دونوں صورتوں میں افسانہ کی نثری خوبصورتی (جو افسانے میں اس کے افسانے اور نثر ہونے کے باعث موجود ہونی چاہیے تک شاعرانہ اظہار کی وجہ سے) کو شدید نقصان پہنچا۔ اردو افسانے کے آغاز میں پریم چند نے کہانی بیان کرنے اور کردار اور موضوع پیش کرنے کا جو ڈھنگ ایجاد کیا تھا وہ شاعری سے الگ خود نثر کا رنگ تھا۔ اور اسی اسلوب کو آگے بڑھانے میں اردو افسانہ نگار کچھ زیادہ کامیاب نہیں ہے۔

اس اعتبار سے سعادت حسن منٹو اردو کا غالباً سب سے کامیاب افسانہ نگار ہے کہ اس کا افسانہ اپنی نثر کی وجہ سے اس قدر دلچسپ اور جاذب توجہ ہے جس طرح خوبصورت شعر کی تخلیق ہوتی ہے مگر اس کا اظہار بیان شاعری سے کوسوں دور بلکہ اس کے برعکس ہے۔

جیسا کہ میں نے ابھی کہا ہے اردو افسانہ عام طور سے درمیانہ طبقے کی زندگی کے گرد گھومتا ہے۔ ہماری سماجی زندگی کی بنیاد دیہات پر ہے۔ اگر ہمارا کوئی کلچر کبھی تشکیل پا سکا تو وہ پنجاب، سندھ، بلوچستان اور سرحد کی دیہی ثقافتوں سے آزاد ہو کر نہ ہوگا اور اگر ایسی کوئی ظاہر [illegible] مردم ہوتے جو کسی کلچر کی بنیادوں پر نہیں ہوگا۔ ہمارے ہاں ایک کلچر تشکیل پائے یا ایک سے زیادہ اس کی بنیاد ان کروڑوں انسانوں کی زندگیوں پر ہی ہوگی جو شہروں میں نہیں بلکہ اور اسی اعتبار سے ہمارے سماج کا اہم ترین حصہ دیہات ہیں۔ اردو افسانہ نگار شہری زندگی سے باہر بہت ہی کم نکلا ہے۔

اس کی وجوہ سے مجھے یہاں بحث نہیں ہے۔ البتہ اس کے اثرات کا اظہار یہاں ضروری ہے۔ اس کا اثر ہمارے ادب کو محدود کرنے کی صورت میں ظاہر ہوا ہے۔ ہمارے ادب کا مطالعہ ہند و پاک کا نقشہ ذہن میں پیش نہیں کرتا۔ وہ صرف بمبئی اور دلی، لاہور اور کراچی کی تصویر دکھاتا ہے اور بمبئی اور کراچی اور دنیا کے دوسرے ممالک کے شہروں میں [illegible]

ترقی پسند تحریک کے اثرات میں اہم ترین اثر تو ادب کو [illegible] اور رومانی [illegible] افسانے اور داستان [illegible] سے نکال کر زندگی اور اس کے مسائل سے قریب تر لانے میں پوشیدہ ہے۔ زندگی سے قریب لانے کا عمل کا ایک [illegible]

[illegible] افسانہ نگار زندگی کے مسائل سے دوچار ہوتا ہے [illegible]
[illegible] ہمارے افسانوی ادب [illegible] ترجمانی [illegible]
[illegible] زندگی کے [illegible] موضوعات اس ترقی پسند تحریک کے زیر اثر [illegible] جگہ
پاسکے ہیں۔

پھر بھی سب رجحانات اور موضوعات و مسائل سے بڑا رجحان اور مسئلہ انسان کی عظمت
کا مسئلہ ہے۔ ترقی پسند تحریک نے ہمیشہ انسان کی بنیادی خصوصیت اس کی انسانیت کو سمجھا ہے
اور بعض دوسرے نظریات کی طرح کم تعصبات کو۔ اردو کے کلاسیکی ادب میں بھی یہ [illegible]
دوستی کی صورت میں نمودار ہوتا رہا ہے۔ لیکن سماجی زندگی کے بحرانی حالات کے پس منظر میں
انسان کی عظمت کا احساس رکھنا اور اس کو پیش کرنا اس دور جدید کے ادب ہی کا خاصہ
ہے اور یہ ترقی پسند تحریک ہی کا اثر ہے کہ انسان کی عظمت کا احساس ہی در اصل یاس و
ناامیدی کو ختم کرتا اور رجائیت کو جنم دیتا ہے اور ہمارے ادب میں امید کا پہلو بھی احساس
ملتا ہے وہ اسی رجحان کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

اردو کے کسی بھی افسانہ نگار کے فن کے بارے میں کچھ کہنے سے پیشتر اس تمہید کی اشد
ضرورت تھی مگر اس کے بغیر کسی بھی فن کار کا درجہ متعین کرنا یا ہم عصر ادب میں اس کی توانائی
حیثیت جانچنا بےکار بھی ہے اور مشکل بھی۔

بلونت سنگھ کی افسانہ نگاری کا آغاز دوسری جنگ عظیم کے خاتمے سے ہوتا ہے۔ ادب
کی ترقی پسند تحریک کی ہمہ گیری کا بھی یہی دور تھا اور اسی وجہ سے بلونت سنگھ نے ادب
کی اس تحریک کے زیر اثر ہی تکمیل ادب کا کام شروع کیا۔ ترقی پسند تحریک کا ادب جن
تضادات کا شکار تھا اور جن حدود میں پابند ان میں سے بہت سے تضادات اور حدود
کا اثر بلونت سنگھ کے افسانوں میں بھی ملتا ہے، [illegible] کے افسانوں [illegible]
زیادہ نمایاں ہیں۔ اس وقت کے افسانوں میں بلونت سنگھ کی انفرادی خصوصیت [illegible]
ایک افسانہ نگار کے طور پر اس کے افسانوں کا طرۂ امتیاز بنی اور جس کا تذکرہ آگے چل کر کروں
گا، ظاہر نہیں ہوتی تھی ان افسانوں میں ایک آدھ افسانہ آزادی کے نیم رومانوی احساس
سے متعلق ہے۔ ہندوستان ہمارا اور دوسرے افسانے پنجاب دیہات کی معاشی اور اخلاقی
قدروں کے تضادات کی عکاسی کرتے ہیں [illegible] اور [illegible] روحانیت سے
تعلق رکھتے ہیں (رشتہ، ایک [illegible]، چھری، [illegible] وغیرہ وغیرہ)

"ہندوستان ہمارا" ایک [illegible] ہندوستانی کے احساس [illegible] اور [illegible] سے
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

کہا جاتا ہے۔ [illegible] جدید [illegible] رجحانات کی وجہ
[illegible]

افسانہ نگار ہیں۔ [illegible] بلونت سنگھ کی کہانی کو [illegible] کا تذکرہ کر رہے ہیں اس لیے کہا ہے کہ میرے خیال میں بلونت سنگھ کی ابتدائی کہانیوں میں منٹو کے اسلوب کا براہ راست اثر موجود ہے۔ اس بات کی تفصیل میں آگے چل کر پیش کروں گا۔

تقسیم سے پہلے کی یہ کہانیاں بہت حد تک ROUTINE اور STEREO TYPED کہانیاں ہیں۔ ان میں کردار ابھرتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ فنکار کے اپنے خیالات کی بلند گفتگو ہر جگہ براہ راست نظر آتی ہے۔ خیال کا اس طرح اظہار بعض جگہ محض جذباتیت کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ ـــــ لیکن یہ کہانیاں افسانہ نگار کے رجحان جس کا اندازہ لگانے کے لیے قطعی طور پر کافی ہیں۔ بلونت سنگھ کی ان کہانیوں میں ایسے افسانہ نگار کی صورت ابھرتا ہے جو زندگی کے مسائل کو اپنے شعور میں جگہ دیتا ہے، جو ان مسائل کی تہہ میں کارفرما نظام معیشت کے اثرات کا کچھ نہ کچھ شعور رکھتا ہے۔

اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ اسلوب نگارش میں شاعرانہ انداز بیان سے ہٹ کر حقیقت نگاری کے طریق کار کو اپنانے کا رجحان بھی واضح طور پر موجود ہے۔

تقسیم سے پہلے کی یہ کہانیاں بلونت سنگھ کی ابتدائی کہانیوں میں سے ہیں اور اس اعتبار سے فنکار کی ذہنی [illegible] کا [illegible] کچھ ایسا دلچسپ نہیں سمجھنا چاہیے۔

بلونت سنگھ کے افسانوں کے تجزیے کے لیے میں اپنی اس مقالے کے اس بحث کو دو حصوں میں تقسیم کر رہا ہوں۔ اولاً تو بلونت سنگھ کی کہانیوں کے موضوعات کا جائزہ لوں گا اور پھر میں اس کے اسلوب نگارش کے متعلق کچھ خیالات پیش کروں گا۔

نقطۂ نظر کی بات میں نے دو وجہ سے نہیں کہی کہ اول تو شروع ہی میں یہ خیال میں نے ظاہر کر دیا تھا کہ بلونت سنگھ پر ترقی پسند تحریک کے اثرات ہیں اور دوسرے اس لیے کہ خود موضوعات اور اسلوب کا تعین بھی فنکار کے نقطۂ نظر کی وضاحت کرتے ہیں اور اس اعتبار سے ان دو پہلوؤں سے بلونت سنگھ کی کہانیوں کو جانچتے ہوئے نقطۂ نظر کی بات خود بخود زیر بحث آ جائے گی۔

موضوعات کے اعتبار سے اور کرداروں کی تخلیق کے اعتبار سے بلونت سنگھ اردو کے ان چند افسانہ نگاروں میں سے ہیں جن کا کینوس انتہائی وسیع ہے۔ پنجاب کے دیہات، پنجاب کے شہر، کسان، کلرک، ہندو، سکھ، مسلمان، دریا اور جنگل، دریائی علاقے، [illegible] آزادی، فسادات، تحریک، بیکاری، رومان، یہ سب باتیں ان کے افسانوں میں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ پنجاب کی سرحدوں نے بھی [illegible] کیے ہیں۔

پنجاب [illegible] بلونت سنگھ کی کہانیاں [illegible]

[illegible]

پنجاب کا قصہ ... دیہات ... [illegible]

... بلونت سنگھ کی تمام ... [illegible] ... ہے

پنجاب کی زندگی کا نمایاں اس کے دیہات ہیں اور دیہات کی عام گزر اوقات معیشت میں زراعت اور اس کے پیمانے ... ایک خاص قسم کا ... ایک عجیب سا قسم ... اور شہروں کے ساتھ ... بلکہ دلیری اور جرأت ... اپنے ہاتھ سے محنت کرنے اور منہ اندھیرے کھلی فضاؤں میں نکل آنے اور سنسان ... میں سفر کرنے اور اپنی حفاظت خود کرنے کا لازمی نتیجہ ہے ۔

پنجابی کسان کی زندگی کا خاصہ ہے دلیری جب کہ روز معیشت میں پرورش پائے تو جرائم بھی جنم لیتے ہیں، چنانچہ پنجاب کا دیہات جرائم کے اعتبار سے کم مشہور نہیں ہے۔

بلونت سنگھ کے ان افسانوں میں جو دیہات سے تعلق رکھتے ہیں زیادہ تر ہیں اور یہ شہرہ بھی موجود ہے اور بہادری سے منسلک جرائم کی داستانیں بھی جگہ پاتی ہیں۔

"تین چور"، "کالی تیتری"، "بابا مہنگا سنگھ"، "گرنتھی"، "پنجاب کا البیلا" وغیرہ سب کہانیاں پنجاب کے دیہاتی فضاؤں سے تخلیق ہوئی ہیں۔

ان تمام کہانیوں کے کردار سکھ ہیں، اس لیے پنجاب کی زرعی معیشت کا تعلق یا مسلمانوں کے ساتھ تھا یا سکھوں کے ساتھ، اور بلونت سنگھ کو اپنے لوگوں سے جو گہری واقفیت ہے، اس کے متعلق شاید سکھ کردار ... کی تخلیق ہی اس کے لیے آسان اور مناسب تھی۔

ان میں سے ہر ایک کہانی جس بلونت سنگھ کو پہچاننے کی بجائے پنجاب کو جاننے میں مدد دیتی ہے ہر کردار ہر منظر ایسا ہے جو اپنے حقیقی اور فطری ہونے کا یقین دلاتا ہے فنکار کی کامیابی کی سب سے بڑی دلیل یہی ہے کہ وہ تخلیق کے افسانوی تخلیق ہونے کا احساس مٹا دے

"تین چور" پنجاب کے دیہات کے نوجوانوں کے ADVENTURES کی کہانی ہے۔ تینوں چور پیشے کے اعتبار سے چور ہیں لیکن ذہنی سوچ اور خیالات کے اعتبار سے [illegible] نہیں ہیں یہ بنیادی طور پر بہادر ہیں اور یہی بہادری انہیں ڈاکے ڈالنے کی طرف بھی لے جاتی ہے ... [illegible] ... اور ان میں سب سے اہم ... کا احساس ہے ... ایسے شخص پر ... کرنا پسند نہیں کرتے ... بہادری ... [illegible] ہے۔

اس کہانی میں بنیادی ... [illegible] ... کے [illegible] ہے۔

[illegible]

رسالو گورو رہے کے تعلق سے ہوتی ہے ورنہ زندگی سماجی رشتوں میں الجھ کے ختم ہو جاتی ہے
مثلاً ونجھو دوالی مجھلی کا بیان اور طفلت۔
بابا جنگا سنگھ کی کہانی بھی موضوع کی کہانی ہے۔ بابا جنگا جو دیہی عورتوں کا زبردست [illegible]
میں گھر سے نکلا ہے بڑی زندگی بسر کرنے کے بس کا روگ نہیں ہے وہ ہر سنگھ سے اب اخلاقی تجربہ کر
کرتا رہتا ہے۔ تاہم جب وہ اپنی جوانی کی کہانی بیان کرتا ہے جس میں وہ سنسان ویرانے میں
میں ایک خوبصورت عورت کو جنگل میں آگ جلا کر برہنہ کھڑے دیکھتا ہے، تو اس پر حیرت
اس بات کا باقی رہ جاتا ہے کہ ایسی صورت اس کی زندگی میں پھر کبھی پیدا نہ ہوئی کہ عورت
صورت کا نظارہ اس نے سالوں سے چھپائے۔
گویا ونجھو دوالی مجھلی تو محض وقت کا جبر ہے ورنہ زندگی سے اس کا تعلق اب بھی
گہرا ہے۔
ان کہانیوں کی فضا جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا، ہمارے دیہات کی حقیقی فضا ہے۔
اس میں رومان کا عنصر ہے لیکن اسی رومان کا جو اسی فضا میں دراصل موجود ہے، ان کا اس
رومان کا جو عام طور پر ہمارے افسانہ نگار کے ذہن کی تخلیق ہوتا ہے۔
اردو کے ان افسانہ نگاروں میں جنہوں نے پنجاب کے دیہات کو کہانیوں کا موضوع
بنایا ہے، بلونت سنگھ کے علاوہ احمد ندیم قاسمی کا نام بڑا اہم رہا ہے۔
قاسمی اور بلونت سنگھ کی کہانیوں کے پنجاب میں ایک بنیادی فرق ہے۔ یہ فرق قاسمی
کی رومانیت اور بلونت سنگھ کی حقیقت نگاری کا پیدا کردہ ہے۔ قاسمی کو پنجاب کے دیہات
میں غربت اور افلاس کا احساس ہے لیکن وہ اپنی شاعرانہ طبیعت کی وجہ سے کھیتوں، میدانوں
راستوں، پیلے پھولوں اور الغوزوں وغیرہ اور ان کی کہانیوں کے خالق کی حیثیت سے یاد رہیگا۔
بلونت سنگھ پنجاب کے رومان سے بھی واقف ہے لیکن وہ اس رومان کی فضا کو اپنی
کہانیوں پر چھا جانے کی اجازت نہیں دیتا کہ اس سے اس کے کرداروں کی حقیقی تصویریں
ابھر سکیں۔ وہ حسن کا اظہار تو کرتا ہے لیکن حقیقت نگار کی نظر سے رومانوی نگاہ سے نہیں۔
پنجاب کی دیہاتی وغیرہ میں جتنی ملائمت ہے اتنا ہی کھردرا پن یہاں کے جوان کی
بولی میں ہے۔
بلونت سنگھ اس کھردرے پن کی کہانیاں سناتا ہے، جبکہ قاسمی اسی ملائمت کی۔
دیہات کی کہانیوں کی تعداد بلونت سنگھ کے افسانوں میں دس بارہ سے زیادہ نہیں
ہے لیکن اس کے باوجود ناقدین نے عام طور پر یہی کہا ہے کہ بلونت سنگھ محض پنجاب کے
دیہات کا ترجمان ہے۔
حقیقت یہ ہے کہ بلونت سنگھ محض دیہات کا نہیں بلکہ پورے پنجاب کا افسانہ نویس
ہے۔ اس کے کرداروں اور فضا کا تعلق پنجاب سے ہے چاہے دیہات کا پس منظر ہو یا
شہر کا۔

[illegible]
[illegible] سنگھ کے افسانوں کی چاشنی [illegible] اسی سے [illegible]
[illegible] جذبات کا ترجمان ہے۔ کیونکہ [illegible] اظہار [illegible] جذبات سے کم کیا گیا ہے۔
بھی کہانیوں میں جذباتی شدت ہے جس کا اظہار پہلے تو کئی انسانوں میں ہوتا ہے [illegible]
طرف "بھولا پھیرو" سے ہی وہ ایک اچھا سا تاثر پیش کر رہا ہوگا۔

نبلے بلے۔ باجے کو اپنے کان میں آواز سنائی دی۔ دیکھا تو تانگا بھی آ سے کا خانے میں دیکھ وہاں آن پہنچا تھا۔ اور پھر رال ٹپکاتے ہوئے بولا۔ "جار۔ گھل کی کا کر تو دیکھو۔ کیسی قلقلی کیسی ہلدی ہے۔ آنکھ نہیں ٹکتی اس پر۔......"

لوے ہیں جچتی پنجاب دی
میار ریشم بر گالک۔

معاً باجے نے روشنے کو کہنی کا ٹھوکا دیتے ہوئے کہا۔
"دیکھ اوے جل ککڑ،"

"سر والوں کے ترکے بھی" چل کبڈی تارا، سلطان پتنگ مارا!" کہتے ہوئے ساتھ چلے آرہے تھے اور ان کے پیچھے وہ نوجوان تھا جو وہاں کوئی امتحان دینے کے لیے نیا نیا آیا تھا اُسے دیکھتے ہی باجے نے پوچھا۔ "اوے ماں دیا سترا ڈریہہ کون ہے:"
"اوئے یہ بھی اپنا سنڈا ہے۔ نواں داکھل ہویا اے۔ سک دے وسے وسے پیا:"
"اچھا اچھا۔ یہ تاں پرسوں ہی آیا ہے:"
"اُبو جی لونڈوں کی باتیں چھوڑو۔ اب ناریوں کی باتیں کرو:"

"بھولا پھیرو" کا ذکر چھوڑ دینے تو بلونت سنگھ کی کہانیوں کے ایک اور موضوع کا تذکرہ بھی یہیں ہو جانا چاہیے۔ یہ افسانہ ہمدردی یا انسان دوستی کا موضوع ہے اردو کے اکثر افسانہ نگاروں نے یہ موضوع اپنایا ہے اور میں نے عرض کیا تھا کہ یہ موضوع بھی ترقی پسند تحریک کے لائے ہوئے شعور کا نتیجہ ہے۔

لیکن انسان دوستی کا تصور بڑا مبہم سا معاملہ ہے۔ یہ شعور کی ترقی بھی ہے اور اس کی معذوری کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ ترقی تو ان معنوں میں ہے کہ فنکار بنیادی انسانی اقدار کا شعور رکھتا ہے۔ لیکن معذوری ان معنوں میں ہے کہ وہ انسانی جذبات کی [illegible] اور انسانی زندگی [illegible]
[illegible]

ہمدردی کا جذبہ کسی میں پیدا کر سکا جو انسانی اقدار کی عظمت قائم کرنے کے لیے لازمی جارحیت ہے یہی بات بلونت سنگھ کے ان افسانوں میں ہے جو انسانی ہمدردی اور انسان دوستی کا اظہار کرتے ہیں۔ اس کمزوری کے باوجود یہ غنیمت ہے کہ بلونت سنگھ ایسے کردار تخلیق کرتا ہے جو انسان کو انسان سمجھتے ہیں۔ جو اس کی خامیوں کو سماجی تنزل کا نتیجہ جانتے ہیں اور جو خود تنزل کے گہرے غار میں گرے ہونے کے باوجود انسانیت کی لو اپنے سینے میں چھپائے ہوئے ہیں۔
بلونت سنگھ کے ایسے افسانوں میں "تمیز"، "پہلا پتھر"، "بکسی جگا"، "کالے کوس" وغیرہ شامل ہیں۔

"پہلا پتھر" ان سب کہانیوں میں نمایاں ہے اس کا ہر کردار ابھر کر یوں سامنے آگیا ہے۔ گویا قاری خود باجے سنگھ کے "شاہی اصطبل" کے برابر کسی REAR WINDOW میں سے جھانک کر سب کچھ دیکھ اور سن رہا ہے۔

اور باجے سنگھ کا کردار تو بے مثال ہے شہری نچلے طبقے کی سماجی زندگی کا اس سے بہتر نمائندہ آسانی سے تخلیق نہیں ہو سکتا۔ نچلے طبقہ کی معاشی اور اخلاقی زندگی کے تضادات کا نتیجہ اس میں ایک خاص قسم کی بے حجابی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اس کیفیت کو انگریزی میں INHIBITIONS کی غیر موجودگی کہتے ہیں۔ یہ بے حجابی باجے سنگھ کی بھی خصوصیت ہے۔ لیکن اس بے حجابی اور لڑکیوں سے آزادانہ چھیڑ چھاڑ کے باوجود باجے سنگھ انسانی دل رکھتا ہے اور اندھی سانولی جب اپنے محبوب کے خیالی وعدوں کا تذکرہ باجے سنگھ اور اس کے ساتھیوں سے کرتی ہے تو:

باجے نے گھوم کر اپنے ساتھیوں کی جانب سوالیہ انداز میں دیکھا، سب چپ تھے، وہ بھی چپ رہ گیا۔

سب کو خاموش پا کر سانولی نے اپنا سوال دہرایا۔ "آپ سب کو یقین نہیں آتا"؟
باجے کی آنکھوں کے گوشے پُر آب ہو گئے۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر سانولی کے سر پر رکھ دیا اور پھر دھیمی آواز میں بولا "ہمیں یقین ہے اور دیکھو تمہیں بے وقت گھر سے باہر نہیں رہنا چاہیے اور پھر سردی پڑنے لگی ہے کہیں تم بیمار نہ ہو جاؤ۔"
سانولی نے اس کی مضبوط کلائی کو اپنی کمزور انگلیوں سے چھو کر پوچھا۔
"پر باجے چاچا، آپ سب لوگ بے وقت کہاں جا رہے ہیں؟"
"ہم" باجے نے پدرانہ پیار سے لرزتے ہوئے اس کے گال کو چھوتے ہوئے جواب دیا۔
"سانولی بیٹی! ہم اس خوشی میں برفی کھانے جا رہے ہیں۔"

میں نے شروع میں کہا تھا کہ اردو افسانہ درمیانہ طبقے کے مسائل سے ابھی تک آزاد نہیں ہو پایا۔ جہاں تک شہری زندگی کے افسانوں کا تعلق ہے۔ بلونت سنگھ بھی ان ہی حدود میں مقید ہے اس کا موضوع درمیانہ اور خاص کر نچلے درمیانہ طبقے کے مسائل ہی رہے ہیں۔
درمیانہ طبقہ بھی ایک عجیب الخلقت چیز ہے۔ اس کی تمام تر زندگی تضادات کا شکار ہے۔

ایک طرف اقتصادی مسائل ہیں، بیکاری ہے اور ان سے تنگ آکر سماجی اقدار سے بغاوت کا جذبہ ہے۔

دوسری طرف تعلیم سے حاصل کی ہوئی ترقی کی خواہشات ہیں۔

اس تضاد سے کہیں تنگ نظری ہو اور داری میں چھپائی ہوئی بے ایمانی جنم لیتی ہے۔ کہیں دوغلی نفسیات نمودار ہوتی ہے۔

کوئی شخص جنسی گھٹن کا شکار ہے اور کوئی جنسی بے راہ روی کا، کوئی انسانی اقدار کو پیسے پر قربان کر دیتا ہے اور کوئی خیالوں کی دنیا آباد کر کے اس میں گم ہو جانے ہی میں عافیت سمجھتا ہے اور بعض اوقات تضاد روایتی قدروں اور نئی اقدار کے ٹکراؤ سے بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

یہ سب تضادات اور مسائل بلونت سنگھ کے افسانوں کے موضوع ہیں۔ "بابو نانک سنگھ جی" "گھٹن ڈگریاں"، "سمجھوتہ"، "اعتراف"، "کلی کی فریاد"، "بازگشت"، "لمحے"، اور "دیمک" وغیرہ ان افسانوں میں سے چند ہیں۔

"گھٹن ڈگریاں"، "دیمک"، اور "اعتراف" اپنے ڈھانچے اور مواد کے اعتبار سے ایک دوسرے سے الگ ہیں۔ لیکن سب میں بنیادی مسئلہ درمیانہ طبقے کے ازدواجی رشتوں کا کھوکھلا پن ہے۔

"سمجھوتہ" درمیانہ طبقہ کی زندگی کے محدود ہونے کا اظہار ہے۔

"کلی کی فریاد" ایک ایسے شخص کی کہانی ہے جو اپنی بیٹی کی خواہشات کو پیسے پر قربان کر دیتا ہے۔

"بازگشت" بوڑھے اخلاق اور جوانی کے تقاضوں کے تضاد کو پیش کرتی ہے۔

"بابو نانک سنگھ جی" نچلے درمیانہ طبقے کے ایک کلرک کی غلامانہ ذہنیت کو پیش کرتا ہے۔

اور "لمحے" اس کہانی کے بارے میں خاص طور پر کہنا چاہتا ہوں۔

"لمحے" بیک وقت دو موضوعات کو چھیڑتی ہے، اس کا بنیادی کردار ایک ایسے نوجوان کا ہے جو درمیانہ طبقہ کی آوارہ خیالی کی نمائندگی کرتا ہے، جونہی وہ بس میں داخل ہوتا ہے اور ایک حسین عورت کو دیکھتا ہے اس کا ذہن ایک خاص سمت سفر کرنے لگتا ہے اور وہ اس حسین عورت سے قرب کی مختلف ترکیبیں سوچنے لگتا ہے اور پھر جب قرب حاصل ہو جاتا ہے تو یکایک اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ حسین عورت کی ایک ٹانگ غائب ہے جو نتیجہ ہے فسادات کا۔

عورت مسلمان تھی اور کہانی کا نوجوان ہندو۔

یہیں سے نوجوان کے خیالات کا رُخ بدلتا ہے اور فسادات کے خلاف جذبات ابھر کر سامنے آجاتے ہیں۔

لہٰذا سادگی زبان کے باوجود "لمحے" ایک بہت پُر تاثیر کہانی ہے۔

فسادات کا موضوع اردو کے اکثر افسانہ نگاروں کی تخلیقات میں موجود ہے اور اس کو موجودگی فسادات کے اثرات کے پیش نظر کچھ ایسی عجیب بات بھی نہیں۔ بلونت سنگھ کے ہاں یہ موضوع انفرادانہ لوز بحیثیت موجود نہیں ہے اس کے وہ افسانے جو فسادات سے متعلق ہیں اکثر دوسرے اہم مسائل سے جڑے ہوئے ہیں۔ "لمحے" کا تذکرہ میں نے ابھی کیا ہے اور "ہونے کو تھی" کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں۔ "دیپلے ۳۰" بھی فسادات کے مابعد اثرات کی کہانی ہے۔ لیکن یہ کہانی فسادات کے علاوہ چند اہم باتوں کی طرف بھی اشارہ کرتی ہے، جن کا تذکرہ میں یہاں ضرور کرنا چاہتا ہوں۔

"دیپلے ۳۰" ایک طرف تو پارسائی کے پردے میں عام لوگوں کا خون چوسنے والے ایک گروہ کو ننگا کرنے کی کوشش ہے اور دوسری طرف ایک خاص طبقاتی شعور رکھنے والے کردار کی بغاوت کی کہانی ہے۔

سردار تبدیہ سنگھ پہلا کردار ہے، اس کی تفصیل یوں بیان ہوئی ہے:

"صبح و شام پاٹھ کرتے، مالا جپتے، یوں تو مالا ہر وقت کلائی سے لپٹی رہتی لیکن علی الصبح جب وہ سکھ سنی صاحب کا طویل پاٹھ کرنے لگتے تھے تو گھر کے افراد کی نیند اکھڑ جاتی۔ آپ گوردوارے میں بھی پاٹھ کرواتے رہتے تھے۔ دوسروں کو پاٹھ کی تلقین کرتے تھے"

"ادھر جب پانسہ پلٹا تو انھوں نے خوف کے مارے بھاگتے ہوئے مسلمانوں کی ہزاروں کی جائدادیں کوڑیوں کے مول خرید لیں اور پھر دولت مند شرنارتھیوں کے ہاتھ زیادہ سے زیادہ داموں میں بیچ کر دل کھول کر منافع کمایا۔ پاٹھوں کی شدت اور بڑھی اور ان کا چہرہ نور معرفت سے دمک اٹھا"

دوسرا کردار بساکھا سنگھ کا ہے۔ جس نے اپنی زندگی کے تجربات سے طبقاتی شعور حاصل کیا ہے، اس کے اس شعور کا اظہار اس کے ان الفاظ سے ہوتا ہے:

"صبح سے شام تک اپنی پیشانی سے ایڑی تک پسینہ بہانے والا کوئی شخص بھی میرا دشمن نہیں ہو سکتا۔ اب مذہب صرف دو رہ گئے ہیں، ایک دوسروں کا خون چوسنے اور انھیں لوٹنے والوں کا مذہب اور دوسرا اپنا خون دینے والوں اور لوٹے جانے والوں کا مذہب اس کے علاوہ اور کوئی مذہب نہیں ہے۔ آپ سمجھے .... آپ نہ معلوم کون سے گیان دھیان کی باتیں کرتے ہیں .... وہ باتیں میری سمجھ میں بالکل نہیں آتیں .... شاید اس لیے کہ میں بھوکا ہوں، میرے بچے بھوکے ہیں، میری بیوی بھوکی ہے .... میں زندگی کی چھوٹی چھوٹی ضروریات کے لیے ترستا ہوں ......"

طبقاتی شعور کا اظہار بلونت سنگھ کے اس کردار کے علاوہ اور کہیں نہیں ملتا۔ بظاہر یہ بلونت سنگھ کا موضوع نہیں ہے یا شاید بلونت سنگھ خود اس شعور سے متاثر نہیں ہے۔ بہر حال اس معاملہ میں بلونت سنگھ کا وہی حال ہے جو اردو کے دوسرے کامعہ افسانہ نگاروں کا ہے وہی بات دوسرے افسانہ نگاروں اور بلونت سنگھ کی فن کو بھی ترقی پسند حقیقت نگاری کے گھیرے میں

[illegible] سے دو کے ہو گئے ہیں۔
موضوعات ہی کے سلسلے میں ایک آخری بات کہہ لوں تو پھر اسلوب اور ہیئت کی طرف رجوع کروں گا۔

رومان ہمارے افسانوں کا ایک بہت بڑا موضوع رہا ہے۔ بلونت سنگھ رومانوی افسانہ نگار نہیں ہے، اس کا طرزِ اظہار حقیقت نگار کا ہے اور اس کا مواد زندگی کے ٹھوس مسائل سے حاصل کیا ہوا ہے نہ کہ رومان کے ہلکے پھلکے معاملات سے۔ اس کے باوجود اس کی چند کہانیاں رومانوی ہیں۔

ان کہانیوں میں اس کا طرزِ تحریر بھی خالص رومانوی ہے اور موضوع بھی۔ "چکوری"، "آشیانہ" اور "ایک معمولی لڑکی" اس کے اس انداز کی کہانیوں کی کچھ مثالیں ہیں۔

ان کہانیوں پر کچھ زیادہ کہنا میں اس لیے ضروری نہیں سمجھتا کہ یہ بلونت سنگھ کی نمائندگی نہیں کرتی ہیں، ان کا تذکرہ تو صرف اس بات کے ضمن میں آگیا ہے جو میں نے موضوعات کے تنوع کے بارے میں ابتداً کہی تھی۔

میں نے بار بار کہا ہے کہ بلونت سنگھ حقیقت نگار ہے۔ لیکن اردو افسانہ نگاری کے ضمن میں حقیقت نگاری کی اصطلاح بھی مختلف طریقوں سے استعمال کی گئی ہے۔ کرشن چندر بھی حقیقت نگار ہے اور منٹو بھی۔ کرشن کی حقیقت نگاری محض موضوع کے ساتھ تعلق رکھتی ہے، ورنہ اندازِ تحریر کے اعتبار سے وہ ہمیشہ ہی رومانوی رہا ہے۔ اس کے برعکس منٹو اپنے موضوع اور اسلوبِ نگارش دونوں کے اعتبار سے حقیقت نگار ہے۔ بلونت سنگھ کی حقیقت نگاری کرشن چندر کی حقیقت پرستی نہیں بلکہ منٹو کی حقیقت نگاری سے قریب تر ہے۔ بلونت سنگھ براہِ راست بات کہنے کا عادی ہے۔ اس کے اظہار میں وہی بے باکی اور وہی بے رحمی کا سا انداز پایا جاتا ہے جو سعادت حسن منٹو کے اسلوب کی خوبی سمجھا گیا ہے۔ دونوں فن کاروں کا بنیادی فرق ان کے افسانوں کے مواد کی وجہ سے ہے۔ سعادت حسن منٹو کے افسانوں کا مواد عجیب و غریب کرداروں کے جنسی معاملات سے تعلق رکھتا ہے جبکہ بلونت سنگھ اپنی کہانیوں کا مواد خالص جنسی مسائل کے بجائے ان مسائل کے سماجی اثرات سے حاصل کرتا ہے خود جنسی معاملات کے اظہار میں بھی بلونت سنگھ 'جنس' سے زیادہ 'معاملے' کو اہمیت دیتا ہے اور اس لیے منٹو سے مختلف ہو جاتا ہے۔ لیکن چونکہ طریقِ تحریر میں وہ منٹو سے صد درجہ قریب ہے اس لیے بعض ایسی تحریریں جن میں وہ بالکل ہی منٹو معلوم ہوتا ہے جن میں موضوع بھی منٹو والا ہی ہو۔ "پہلا پتھر" کے بہت سے حصے اس کی بڑی اچھی مثال پیش کرتے ہیں۔

"بھرا پڑا کرتا تھا، امر جیت سرداری حسب معمول بھوری بھینس کی طرح کتنا کتنا پھر رہا تھا۔ کھلے ڈلے، سینہ زوریاں دکھلاتی آل جانے کے لیے آمادہ بیٹھے کے بچھا ہوا میں پہنچے اس جانب بڑھی۔"

"بڈھے سردار کے جسم کا ہر عضو اپنے نقطۂ عروج تک پہنچ چکا تھا۔ یعنی جو چیز جتنی موٹی ہو سکتی تھی ہو چکی تھی، جتنی کشادہ ہو سکتی تھی ہو چکی تھی۔ چلتا تو یوں معلوم ہوتا جیسے تھوڑا تھوڑا پھلنے والے بادل رک گئے ہوں۔"

"ایسی ڈبل ڈوز سرداری بھی سردار کے لئے ناکافی ثابت ہوئی...... اسی طرح تیمور کا سارا کا سارا انداز سعادت حسن کی کہانیوں کا سا ہے۔"

بلونت سنگھ کی حقیقت نگاری کی چند خوبصورت مثالوں میں اس کی کہانیاں سنہرا دیس اور بکھشن ڈریا خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

"بکھشن ڈریا" تو بعض جگہ شکست قریب بھی ہو گئی ہے، لیکن سنہرا دیس، خالصتاً بلونت سنگھ کی حقیقت نگاری کی نمائندہ ہے۔

"تمو پہ سنگھ ریاست فبری کے ایک غیر معروف گاؤں میں پیدا ہوا۔ بچپن کے بعد لڑکپن بھی اسی جگہ گزر رہا تھا۔

جب اس کی عمر چودہ برس کی ہوئی تو اس کی شادی کر دی گئی۔ جب اس کی دلہن گھر میں آئی تو وہ اسے دیکھ کر حیران سا رہ گیا۔ وہ دور ہی دور سے بیوی کو دیکھ لیا کرتا۔ اسے اس بات کا کچھ علم نہیں تھا کہ بیوی کس کام آتی ہے۔

سانولی رنگت اور تیکھے نقوش والی بیوی سر جھکائے زمین کی طرف دیکھتی رہتی تھی اور تمو پہ سنگھ اپنی ماں کی آڑ میں گھور گھور کر اس کی طرف دیکھا کرتا...."

"...... لیکن اس وقت جب اس نے اپنی بیوی کی طرف دیکھا تو زمین کی طرف تکنکی باندھے دیکھ رہی تھی۔ وہ اسے بہت مرغوب نظر آئی تھی اس سے گھگھیانہ انداز میں پوچھا، کیوں آئی ہو؟"

بیوی نے اُپلے سے روٹیاں اور دال نکال کر اس کے آگے رکھ دی اور پھر اس کی منت سماجت کرنے لگی کہ روٹی کھالے۔ وہ بڑی مشکل سے رضامند ہوا۔ نوالہ منہ میں ڈالتے ہوئے اس نے بیوی کو پانی لانے کے لئے کہا۔

وہ فوراً اٹھی اور گھڑا لے کر بڑی پھرتی سے ندی کی طرف چل دی۔ اس دن اُسے بیوی کی اہمیت کا کچھ احساس ہوا......"

حقیقت نگاری اور پنجابی کلچر جب دونوں اکٹھے ہو جائیں تو زبان پر بھی گہرا اثر ہونا ضروری ہے۔ بلونت سنگھ کے افسانوں میں پنجابی الفاظ و محاورات کا آزادانہ استعمال کیا گیا ہے۔ یہ الفاظ پورے افسانے میں اس طرح پیوست ہو کر اور رچ بس کر آتے ہیں کہ ان کے استعمال سے افسانے کے بیان کو کسی قسم کا نقصان پہنچنے کی بجائے تقویت پہنچتی ہے۔

بلونت سنگھ، سعادت حسن منٹو کی طرح نئے نئے الفاظ تراشنے میں بھی بڑی مہارت رکھتا ہے مثلاً "ڈبل ڈوز سرداری"، "دو سار توپ" وغیرہ۔

حقیقت نگاری اور پنجابی ٹھیٹ پن کو اپنے اسلوبِ نگارش کی بنیاد بنانے کی وجہ سے

بلونت اردو افسانے کی ایک ایسی آواز سے آشنا ہو گیا ہے جس کا اظہار پہلے کبھی اتنا نہیں کیا گیا تھا۔ وہ کوری نثر میں شاعری کرنے کے طریقے کو ہے۔ میں نے کہا تھا کہ نثر خود اپنی خوبصورتی کے باعث طالب اور حسین معلوم ہوتا ہے۔ لیکن اس وجہ سے کہ وہ شاعری سے قریب تر ہو گئی ہے اور میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اردو میں جدید افسانہ نگاروں میں سعادت حسن منٹو اس اعتبار سے سب سے بڑا افسانہ نگار ہے اور اب میں یہ کہتا ہوں منٹو کے بعد غیر شاعرانہ حسین نثر لکھنے والا افسانہ نگار بلونت سنگھ ہی ہے جس کے افسانے کی خوبصورتی اس کے طرز تحریر کے باعث ہے اور اس کے اس انداز نگارش کے باعث جو شاعری سے دور کا واسطہ نہیں رکھتا۔

اگرچہ بلونت سنگھ کے اسلوب کی بنیادی خوبی یہی ہے جو میں کہہ چکا ہوں، لیکن اس کے باوجود ایک بڑا مزہ دری بھی معلوم ہوتا ہے کہ جب کبھی بلونت سنگھ نے خالص رومانوی کہانی لکھی ہے، وہ اپنے اسلوب میں بھی خالصتاً رومانوی ہو گیا ہے اور اس انداز میں بھی وہ خاصا کامیاب رہا ہے۔ اس سلسلے میں اس کی کہانیوں "ایک معمولی لڑکی"، "شہناز" اور "جگوری" پیش کی جا سکتی ہیں۔ (لیکن چونکہ اس کی نمائندہ کہانیوں کے مقابلے میں مجھے ان رومانوی کہانیوں کی اہمیت بہت کم معلوم ہوتی ہے، اس لیے میں اس پہلو کا اظہار کرنے میں کسی قسم کے جوش کا اظہار نہیں کر رہا ہوں)۔

بلونت سنگھ کی کہانیوں کے کردار عام زندگی کے کردار ہونے کے باوجود اپنی خصوصیات رکھتے ہیں اور کبھی کبھی بلا منگا سنگھ اور کبھی ابھیتا ننگ سنگھ اور نہال چند خیال کے پردوں میں سے رہ رہ کر ابھرتے ہیں۔ ان کرداروں کی خصوصیات بلونت سنگھ کی اپنی داستانہ کردار نگاری کی مرہون منت ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کردار خود اپنے عمل سے اپنا تعارف کرواتا ہے نہ کہ فن کار کے بیان کے ذریعے اور یہی وجہ ہے کہ وہ زندہ کردار بن گیا ہے۔

یہ تھا بلونت سنگھ کے فن کا جائزہ اور اب ہو کے اقتباسات ایک سرسری جائزہ۔ بلونت سنگھ جدید اردو افسانہ نگاروں کی روایات کی تخلیق کردہ نظریاتی حدود کو پھلانگ کر آگے نہیں بڑھ سکا۔ اس کا شعور رومانیت [illegible] زیر دریات کے پیار اور CHIVALROUS نوجوانوں کے مسائل ان کی [illegible] اور ان کے تعلقات سے آگے نہیں بڑھتا۔ اس نے [illegible] کام کرنے والے [illegible] [illegible] بلونت سنگھ [illegible] [illegible] کے علاوہ [illegible]۔

[illegible] نہیں ہو سکتا۔

[illegible] بلونت سنگھ [illegible] [illegible] کے باعث ہمیشہ یاد رہے گا۔

(ادب لطیف سالنامہ ۱۹۶۱ء)
(۸۸ [illegible] ۱-۶)

(مہا شلام)

مجنوں گورکھپوری بحیثیت نقاد

[illegible]

میں بالکل جدید ہیں۔ [illegible] ہے۔ ان مقالوں میں [illegible] اشتراکی [illegible]
[illegible] کو [illegible] کیا گیا ہے۔

کلیم الدین احمد [illegible] ادب کے بعض بنیادی مسائل کے بارے میں [illegible] لکھا ہے اس کو اس عہد کے
نقادوں اور ادیبوں کے [illegible] اثر [illegible] ہے۔

اس عہد میں انھوں نے اس عہد کے تمام بڑے نقادوں مثلاً کلیم الدین احمد، آل احمد سرور اور احتشام حسین
سے پہلے قدم رکھا۔ کلیم الدین احمد کے نقادوں کے زیادہ قائل نہیں ہیں مگر [illegible] کی طرح [illegible]
ہیں۔ [illegible] کا مطالعہ وسیع ہے۔ شاید ہی علوم کا کوئی شعبہ ہو جس کے متعلق وہ کوئی [illegible]
[illegible] کا مطالعہ [illegible] ہے جتنا کہ کلیم الدین احمد کا [illegible] تو انھوں نے [illegible] ہے تو
وہ زیادہ انگریزی ادب ہی پڑھاتے رہے ہیں۔ وہ اردو کے [illegible] کے بارے میں [illegible]
[illegible] انگریزی [illegible] کر جاتے ہیں [illegible] سرسری سے [illegible]
[illegible] کلیم الدین احمد نے اردو [illegible] تنقید [illegible] انھوں نے
[illegible] کلیم الدین [illegible] انھوں نے [illegible]
[illegible] انھوں نے بعض امور میں [illegible] کلیم الدین [illegible]
[illegible] اس قسم [illegible] شاعر کے [illegible]
[illegible] انگریزی [illegible] عالم [illegible] انگریزی کے
[illegible] خصوصاً انگریزی شاعری ان کے دل کے [illegible]
[illegible] کی [illegible]
[illegible] ہے۔

مجنوں کے تنقیدی مضامین کے چند مجموعے شائع ہوئے ہیں وہ اعلیٰ درجہ کی تنقیدی حیثیت کے حامل ہیں۔ [illegible]
[illegible] اشتراکی [illegible]
[illegible] ہمارے معاصر [illegible] اور [illegible] ان [illegible] شاید
سب سے [illegible] ہے۔

مجنوں کا فلسفہ کا مطالعہ بھی بہت وسیع ہے۔ انھوں نے جمالیات کی تاریخ پر ایک مختصر کتاب لکھی ہے مگر
[illegible] اپنا [illegible] ہے۔ اس [illegible] کوشش [illegible] نظریہ کے برخلاف
[illegible]
[illegible] ہو۔

انھوں نے اقبال پر ایک بہت مختصر کتاب لکھی ہے وہ اصل میں اشارات ہیں [illegible] مختلف
موضوعات پر اور اقبال کی شاعری پر مختلف [illegible] سے [illegible]
[illegible]
[illegible] شاعری [illegible]

[illegible]

[illegible]

اقبال پر لکھی گئی کتاب کے [illegible] یہ تھا کہ انھوں نے اقبال پر تنقید کرتے ہوئے [illegible]
ہے۔ [illegible] وہ یہ ہے کہ ایک طرف تو انھوں کے ذہن میں مشرقی شاعری کا مثالی [illegible] دوسری طرف [illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

(سب رس حیدرآباد، اگست ۸۸ء)



صباح الدین عبدالرحمٰن

علامہ شبلیؒ نے ایک خواب دیکھا، علامہ سید سلیمان ندوی نے اس کی تعبیر نکالی، دارالمصنفین اعظم گڑھ قائم ہو گیا۔ اس نے اتنی ترقی کی کہ علم و ادب کی اجتماعی کوششوں کا ایک نمونہ بن گیا اور اس کی مثال دی جانے لگی۔ کیا تصنیف و تالیف، کیا کتابت و طباعت، دارالمصنفین نے ،، دو کتب و رسائل کی اشاعت کا ایک معیار دنیا کے سامنے پیش کیا۔ اس کے کتب سے جو کتابیں شائع ہوئیں انھوں نے تاریخ بنائی اور وہ تاریخیں لکھیں جنھوں نے مغرب کی ذہنی دست برد کے مقابلے میں مشرق کے حوصلے بلند کر دیے اور متعدد ان موضوعات کا فیصلہ مشرق کے حق میں کر دیا۔ جن کے متعلق اہل مغرب کے اس کم علم و کم نظر طبقے نے جسے مستشرقین کہا جاتا ہے، طرح طرح کی غلط فہمیاں دانستہ یا نادانستہ بلکہ دونوں طور پر خود اہل مشرق کے جدید تعلیم یافتہ افراد کے درمیان پیدا کر دی تھیں۔ چنانچہ ان افراد نے دارالمصنفین کے اس عظیم الشان کارنامے کا احسان مانا اور برملا اس کا اقرار کیا۔ اپنے وقت کے سب سے بڑے مغربی تعلیم یافتہ، ڈاکٹر سر محمد اقبال نے علامہ سید سلیمان ندوی کو جوئے اسلام کا فرہاد بھی کہا اور خیام پر ان کی تصنیف کو اپنے موضوع پر تمام مباحث کا خاتم بھی قرار دیا۔

دارالمصنفین اعظم گڑھ اس لحاظ سے بھی منفرد و ممتاز ہے کہ اسے مصنفین ہی نے قائم کیا۔

اور ترقی دی۔ جب کہ عام طور پر ایسا ادارہ یا تو کسی حکومت کی سرپرستی میں چلتا ہے یا اسی ادارے کے لیے۔ پھر یہ ادارہ ایک قوم کے اس سارا آلی دور میں تشکیل پا کر اپنے نقطۂ عروج پر پہنچ گیا۔ اس کی ۔۔ تصنیفات کے نام، جہاں کے خواص ہیں اور اس نے ہر اعتبار دیکھ لیا ہو کی تشکیل بھی کی یہ سب بالکل انقلاب آفرین تھی جو بعد کو مفید ثابت ہوئی۔ واقعہ یہ ہے کہ جس میں سیاسی، معاشی اور صنعتی تقاضوں کے برخلاف مشرق کی معقول نشأۃ ثانیہ کا ایک اہم ذریعہ ندوۃ المصنفین اعظم گڑھ ہے۔ لیکن برصغیر کی آزادی اور تقسیم کے وقت اس کی بقا ایک سوالیہ نشان بن گئی۔ اس پر طرہ یہ ہوا کہ اس کے بانی، علامہ سید سلیمان ندوی۔ اس کے تحفظ کا اہتمام کے سامان کر کے دنیا سے رخصت ہو گئے اور ایک ایسا خلا پیدا ہو گیا جس کا پر کرنا محال نظر آنے لگا۔

اس امر محال کو ممکن بنانے کے لیے سب سے پہلے مولانا شاہ معین الدین احمد ندوی مرحوم سامنے آئے اور کتابوں کی اشاعت سے "معارف" کی ادارت تک انھوں نے دارالمصنفین کی مسلسل زندگی اور ترقی کی توقعات پیدا کیں۔ لیکن وہ بھی بہت جلد دنیا سے رخصت ہو گئے اور یہ سوال پھر پیدا ہو گیا کہ اب کیا ہو گا۔ کون جانشین ہو گا اور طوفان حوادث میں کشتی کی ناخدائی کر کے اسے ساحل مقصود کی طرف کون لے جائے گا۔ جناب سید صباح الدین عبدالرحمن مرحوم اس سوال کا جواب بن کر سامنے آئے۔ وہ اپنے پیش روؤں کی طرح سند یافتہ عالم دین اور عربی و فارسی کے ماہر تھے، ندوے کے بھی فارغ التحصیل نہیں تھے، انھوں نے پٹنہ یونیورسٹی سے تاریخ میں ایم۔ اے کیا تھا۔ علامہ سید سلیمان ندوی کے ہم وطن تھے اور ان کے زیر تربیت تصنیف و تالیف میں مشغول رہے جب انھوں نے معارف کی ادارت سنبھالی اور اس کے شذرات لکھنے لگے تو محسوس ہوا کہ دارالمصنفین کا آسمان ابھی ستاروں سے خالی نہیں ہوا۔

ایک وقت وہ تھا کہ ہم صرف ہی صفحہ تک جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن کی تصنیفات و تالیفات اور دوسری طرف ان کے قلم سے ہر ماہ نکلنے والے معارف کے شذرات سے اردو دنیا کو نقش علمیات و شبلی کا خواب ختم ہو رہا ہے۔ نہ سید سلیمان ندوی کی تعبیر ختم ہوئی ہے نہ شاہ معین الدین ندوی کی کوششیں نمایاں ہوئی ہیں۔ چنانچہ دارالمصنفین کا انتظام شمسی اب سید صباح الدین عبدالرحمٰن کی ذات سے وابستہ ہو کر گردش کرنے لگا۔ دو سال گزر گئے سب وہیں اسی صدی کی اپنی آخری دہائی کی طرف بڑھتی رہی اور دارالمصنفین اپنے منصوبہ و مقصد کی تعمیل و تکمیل کرتا رہا۔ اس عظیم الشان ادارے کا وقار برقرار رہا۔ اس کی سرگرمیاں جاری رہیں۔ اس کی مطبوعات کا تسلسل قائم رہا۔

پچھلے دس سال میں راقم السطور کو مرحوم سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع ملا اور مختلف جہتوں سے ملا۔ اکثر و بیشتر ان سے ملک کے علمی و ادبی جلسوں میں ملاقاتیں ہوتی رہیں اور بعض وقت تھوڑی دیر کے لیے ساتھ سفر کرنے کا اتفاق بھی ہوا۔ اس کے علاوہ جب بھی وہ پٹنہ آئے یہاں حلقہ معتقدین مرحوم سے ملنے اور ہمیشہ ساتھ رہے، باہمی گفتگو میں کچھ ملاقات کے سلسلے میں ان کے خطوط بھی آتے رہے۔ ملک کے چند رسائل میں معارف میں شائع کیے اور خاص کر اس کی دو کتابوں پر جو وہ اقبال کے جن میں ایک "اقبال کا نظام فن" پر تنقیدی مقالہ ہو گیا۔ جس پر بہت زیادہ توصیفی تحسین کے ساتھ کچھ "چھیڑ چھاڑ" بھی تھی۔ لیکن جب اس چھیڑ کا مقصد مفصل جواب مصنف نے دیا تو ایک کتب میں اور معارف نے ایک تعلیم کی اشاعت پر اصرار کیا جائے۔

ان باتوں سے محسوس ہوا کہ جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن مرحوم ایک بہت حساس، رقیق القلب، مخلص اور گرم جوش انسان تھے۔ بزرگوں کے نہایت عقیدت مند تھے۔

اور چند دوں کے ساتھ وہ وجہ شفقت، گفتگو میں جو انتظار یا ہوتے اور دستے گئے ہیں۔ اور بعض وقت جو جا بجا انداز اختیار کرتے ہیں۔ جس سے محفل میں ایک عالم پیدا ہوتا ہے، اور لوگ اس نکتے کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں جو اٹھایا گیا ہے۔ مرحوم کے مضامین میں لطافت اور بشاشت کا وہی امتزاج ہے جو دبستان شبلی کی خصوصیت کہی جاتی ہے۔ اس دبستان کے بانی سے مرحوم کی عقیدت و تبحر سے متاثر کے اس خط سے بھی آشکارا ہے جو راقم السطور کے نام دارالمصنفین میں شبلی کی تنقید نگاری پر توسیعی لکچر کا دعوت نامہ ہے۔

"میرا خیال ہے کہ آپ مولانا شبلی کی حیثیت نقاد کے موضوع پر مقالہ لکھیں تو زیادہ بہتر ہو۔ لیکن یہ مقالہ ایسا ہو کہ ایک چھوٹے سے رسالے میں شائع بھی کیا جا سکے یعنی مختصر نہ ہو۔ پھر یہ واضح رہے کہ دارالمصنفین کا ایک خادم ہونے کی حیثیت سے اس میں کوئی ایسی بات نہ ہو جو مولانا شبلی کی علمی و ادبی شان کے خلاف ہو۔ ظاہر ہے کہ آپ اس کا خود خیال رکھیں گے۔"

جس چیز نے مجھے یہ دعوت قبول کرنے پر آمادہ کیا وہ اقتباس کا آخری جملہ ہے جس سے مکتوب الیہ پر اعتماد اور اس کے ساتھ خلوص کا اظہار ہوتا ہے، ورنہ مرحوم کے لیے خود اپنی آخری ملاقات میں، جو جناب سید شہاب الدین دسنوی کے مکان پر پٹنہ میں ہوئی تھی۔ بتایا کہ ندوہ کے ایک بزرگ ترین نقاد شاید "مولانا شبلی کی علمی و ادبی شان کے خلاف" کچھ نہ کہنے کی پابندی پر گراں خاطر ہوئے کہ انھوں نے دعوت نامے کا جواب نہیں دیا۔ بہرحال، جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن کے خطوط، مولانا شبلی کے ساتھ ان کی عقیدت میں غلو کے باوجود، اشارہ کرتے ہیں کہ مرحوم نے کتنی محبت اور محنت کے ساتھ، اپنے وقت میں دارالمصنفین، اور اسکے مکتبۂ فکر کی حفاظت و حمایت اور خدمت کی۔

پوری نصف صدی تک اپنے تمام ذہنی و جسمانی قویٰ مشرقی علوم کے اس مایۂ ناز ادارہ کی آبیاری و شادابی پر صرف کرتے رہے اور مر کر بھی اسی کی خاک میں دفن ہوئے۔ یقیناً یہ ایک ایسے جنونِ عشق کا اندازہ ہے جو اقبال کے لفظوں میں عقل کے چاک بھی سیتا اور کارساز ہوتا ہے۔ اپنے ایسے مجنوں کی رحلت پر دارالمصنفین کا مستقبل ایک بار پھر سوال کر رہا ہے:

کون ہوتا ہے حریفِ مئے مرد افگنِ عشق؟
لبِ ساقی پہ مکرر ہے صلا میرے بعد! (غالب)

"معارف" اعظم گڈھ فروری ۸۸ء

صباح الدین عبدالرحمٰن مرحوم



گوپی چند نارنگ

فکر تونسوی — دھرتی کا باسی

[illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] (AMBIGUITY) [illegible] (AMBIGUITY) [illegible] (AMBIGUITY) [illegible]

[illegible]

> [illegible]

[illegible]

[illegible]

> [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ہے ۔ پس منظر نے [illegible]
[illegible] ہے ۔ معاملے کی سنجیدگی کو
[illegible] بیگم [illegible] کیونکہ میری [illegible]
[illegible] آپ میرے [illegible] کا استعمال کرتے ہیں ؟
[illegible] بدل دیا [illegible] میرے دل [illegible] اس گھر کی [illegible] اس سلطنت کی
[illegible] ہے ؟

ایک دن [illegible] اور بیگم [illegible] لیکن آج
[illegible] اور [illegible]
[illegible] اور اب [illegible]
[illegible] اور ——

[illegible]
[illegible]: [illegible] آیا تھا کیا ؟

[illegible] سب کی خبر لی ہے ۔ [illegible]
[illegible] ادیب ، شاعر [illegible] انھیں [illegible] زیادہ
[illegible] لیکن یہ کردار [illegible] PROF [illegible]
[illegible] کبھی انھوں نے سیاسی اجارہ داروں کی خبر لی ہے تو کبھی [illegible]
[illegible] ریاکاری ، جھوٹ ، مکر ، فریب ، منافقت ، خود غرضی اور ابن الوقتی کا پردہ
چاک کیا ہے [illegible] آسمان میں پرواز کرتے ہیں ۔ پاتال کی تہ میں اترتے ہیں ، بلکہ زمین
[illegible] ان کا مزاج عام انسانوں کے جیسا ہے ، راست ، سیدھا ، توانا اور بے باک ۔ ان کے
[illegible] ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ۔ وہ [illegible]
[illegible] صاف ، تیز اور [illegible] اور یہی ان کی مقبولیت
کا راز ہے

(فکر تونسوی حیات اور کارنامے)





خودنوشت

مجنوں گورکھپوری

میں نے بھی دنیا کے مشہور روزگار انشاپردازوں کی طرح اپنے ادبی شغف کا اظہار اس صنف سے کیا جس کو سب شاعری کہتے ہیں اور جس کو میں نظم کہوں گا۔ میں نے کس عمر میں شعر کہنا شروع کیا یہ بتانے کی ضرورت نہیں لیکن جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں میں نے بہت جلد نثر کو ذریعۂ اظہار بنایا جس کو انگریزی زبان کا مشہور نقاد ڈرائیڈن "نثر کا دوسرا آہنگ" کہتا ہے۔ میں نے نظم کا آہنگ چھوڑ کر نثر کا آہنگ کیوں اختیار کیا اس کو سمجھنے کے لیے تھوڑی سی توجہ کی ضرورت ہے۔ پہلی بات جو یاد رکھنا چاہیے یہ ہے کہ جس زمانے میں، میں شعر گوئی کو اپنا روز کا مشغلہ بنائے ہوئے تھا اس زمانے میں بھی نثر لکھتا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ خان بہادر ناصر علی مدیر "صلائے عام" دہلی، مہدی افادی الاقتصادی، سجاد حیدر یلدرم، نیاز فتحپوری، شاہ دلگیر، نواب نصیر حسین خاں خیال وغیرہ کی سربراہی میں اردو میں رومانیت اپنے عروج پر تھی اور ادب لطیف کو قبول عام کا درجہ حاصل تھا۔ ادب لطیف کی اصطلاح بہت وسیع تھی اور اس میں چھوٹے چھوٹے افسانے مثلاً کیوپڈ اور سائکی، ایک شاعر کا انجام، زہرِ محبت، کہکشاں کا ایک ساحل اور رومانی افسانہ نما انشائیے۔ مثلاً خواب طفلی اور آرزوئے شباب اور جنت گم اور داستان غم جیسی نثری تخلیقات شامل تھیں۔ ان کے علاوہ اردو میں ادب لطیف کے تحت رومانی نثر کی ایک نئی صنف پیدا ہو چکی تھی جس کو "شعر منثور" بھی کہتے تھے اور جو انگریزی کے مشہور انشا پرداز آسکر وائلڈ اور ہندوستان کے آفاقی شہرت رکھنے والے ٹیگور کے اثر کا نتیجہ تھی۔ شعر منثور میں ایک مختصر نثر پاروں میں غزل کی تمام فنی خصوصیات کو ملحوظ رکھتے ہوئے عظیم

تاثرات و حالات کا بیان ہوتا تھا۔ نیاز فتح پوری ایسے شعری منثورات کے سب سے بڑے
ماہر تھے اور ان کے ساتھ چھوٹے بڑے لکھنے والوں کی پوری ایک جماعت تھی۔ میں نے بھی
۱۹۲۱ - ۱۹۲۳ء میں بہت سے ایسے ٹکڑے لکھے تھے۔ کچھ طبع زاد تھے کچھ آفاقی جمہوریت کے
علمبردار امریکی شاعر والٹ وٹمین اور کچھ ٹیگور سے متاثر ہو کر لکھے گئے تھے اور کچھ ٹیگور
کے منظومات بالخصوص "باغباں" سے ترجمے تھے۔ ان میں بعض "سہان" گورکھپور، "زمانہ" کانپور،
"ادیب اردو" لکھنؤ میں شائع ہوئے تھے۔ بیشتر اشاعت پائے ہوئے بغیر ضائع ہو گئے۔ یہ سب تو
تفنن اور تفریح کے طور پر کیا کرتا تھا۔ میرا مزاج نثر سے زیادہ مانوس تھا ایسی نثر سے جو شاعری
کی تمام پاکیزگیاں اور نزاکتیں اپنے اندر رکھتی ہو۔ مگر ساتھ ہی ساتھ اس رسائی اور پہنائی کی
بھی مالک ہو جو سرمدی کائنات اور ماورائے کائنات کے حقائق کا احاطہ کر سکے اور ان کو نہ صرف
تجزیاتی اور قابل فہم زبان میں بیان کر سکے کہ نظم کی کمی محسوس نہ ہونے پائے۔ اردو نثر میں
میرا اپنا میلان ایسے علمی موضوعات کی طرف تھا جن کا اردو میں فقدان تھا۔ اپنی زندگی کے
جس دور کو میں نے پہلی صحبت میں اپنی نظم نگاری کا دور کہا ہے اس میں بھی میں نے نہایت
سنجیدہ اور ٹھوس مضامین لکھے ہیں "مشرق" گورکھپور بابت ۱۹۲۱ - ۱۹۲۰ء کے اوراق الٹیے۔ کتب و
رسائل پر لکھے ہوئے میرے تنقیدی تبصرے جا بجا ملیں گے۔ "سہان" گورکھپور ۱۹۲۳ء میں
جہاں آپ کو ٹیگور کے منظومات کے میرے کیے ہوئے کچھ ترجمے ملیں گے، وہیں "مسیح فلسطین"
کے عنوان سے تاریخ یہود کی دو قسطیں بھی ملیں گی۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ تاریخ مکمل
نہ ہو سکی۔ مولانا کیفی چریا کوٹی مرحوم کے لاابالی مزاج کی وجہ سے "سہان" چار شماروں سے آگے
نہ چل سکا اور "مسیح فلسطین" کا سلسلہ بھی ختم ہو گیا۔ "نقیب" بدایوں ۱۹۲۱ء کے کسی شمارے میں
"رونے والے فلسفی" کے عنوان سے آپ میرا ایک مضمون پائیں گے۔ اس میں یونان کے
مشہور پیش سقراطی حکیم ہرقلیطوس کی زندگی، کائنات اور حیات انسانی کے بارے میں اس
کے خیالات پر مختصر بحث ہے۔ ہرقلیطوس شاید دنیا کا پہلا مفکر ہے جس نے صعوبت کو نہ صرف
برحق مانا بلکہ اس کو ایک خوش آیند علامت سمجھا۔ اس کا یہ قول فلسفے کی دنیا میں ضرب المثل
ہے۔ "ایک دریا میں کوئی دوبارہ نہیں نہا سکتا" وہ زندگی کو ایک بہاؤ اور ایک مسلسل روانی
بتاتا ہے۔ اس کے تخلیقی ارتقا کا نظریہ اسی تصور پر مبنی ہے۔ ہرقلیطوس انسان کی کمزوریوں
اور حماقتوں پر آنسو بہاتا تھا۔ "اس لیے رونے والا فلسفی مشہور ہو گیا"۔ بالکل اسی طرح جس
طرح یونان ہی کا ایک دوسرا حکیم دیمقراطیس جو نظریۂ سالمات کا پہلا منبع ہے، ہنسنے والا فلسفی
مشہور ہوا کیونکہ وہ انسان کی حماقتوں اور جہالتوں پر قہقہے لگاتا تھا۔ اس نوع کے ٹھوس علمی
مضامین اس دور کے دوسرے رسالوں میں بھی ملیں گے۔ قصہ مختصر فروری ۱۹۲۶ء تک میرے
فرشتوں کو بھی گمان نہ تھا کہ میں کبھی کوئی افسانہ بھی لکھوں گا اور پھر ایک عرصے تک افسانہ نگار سمجھا
جاؤں گا۔ میری افسانہ نگاری کی تقریب کیا تھی، یہ روداد دلچسپ ہے۔ گزشتہ صحبت میں
جمیلہ بیگم بنت مہدی حسن افادی الاقتصادی اور اہلیہ محمد زکی کا ذکر بھی آ چکا ہے۔ وہ میرے جمالیاتی

ذوق کے لیے ایک مستقل سہارا تھیں۔

مہدی حسن افادی کی لڑکی تھیں باپ کے توسط سے مشہور رسائل اور تازہ سے تازہ کتابیں ان کو مل جایا کرتی تھیں۔ وہ بھی اپنے طور پر کئی ادبی رسائل کی خریدار تھیں۔ میرے پاس بھی جو رقم ہوتی تھی وہ رسالوں اور کتابوں ہی کی نذر ہوا کرتی تھی۔ ہم دونوں کی تمام کتابیں بیگم محمود زکی ہی کے پاس جمع ہوا کرتی تھیں۔ ایک خاصی لائبریری مرتب ہو گئی تھی۔

بیگم زکی کی موت ۱۹۴۶ء میں واقع ہوئی۔ سخت بیماری کی اذیتیں دو سال تک جھیلتی رہیں۔ اس دوران میں یہ لائبریری منتشر ہو کر خدا جانے کہاں سے کہاں پہنچ گئی۔ صرف "سہجان" کی ایک جلد مجھے مل سکی۔ وہ بھی اب علی گڑھ میں پڑی ہوئی ہے۔ جمیلہ بیگم نیاز فتح پوری کی پرستاروں میں تھیں۔ مہدی افادی کی بیٹی جو ٹھہریں۔ مہدی افادی خود اپنے سے فوراً بعد کی نسل کے دو چھوٹوں کی طرز نگارش کے بڑے مداح تھے۔ ایک نیاز فتح پوری دوسرے عبدالماجد دریا بادی۔ میں خود دو مختلف سطحوں پر ان دونوں کے جمالیاتی انداز تحریر کا دل سے قائل تھا لیکن کسی کا پرستار ہونا میری فطرت کے منافی تھا۔ انھیں دنوں میں نیاز کے افسانہ "شہاب کی سرگزشت" کا بڑا چرچا تھا جو "نگار" میں مسلسل شائع ہو رہا تھا۔ یا مکمل ہو چکا تھا۔ جمیلہ بیگم اس افسانے کی بڑی مداح تھیں۔ کئی بار پڑھ چکی تھیں اور مجھے بھی سنا چکی تھیں۔ میں نیاز کے ساحرانہ اسلوب بیان کا اس افسانے میں بھی معترف تھا۔ میں اس رومانی لذت آزار کا بھی قائل تھا جو اس زمانے میں نوجوان طبیعتوں کی عام پہچان تھی۔ ایک رومانی اضطراب خود میرے مزاج کا ایک غالب عنصر تھا جو ایک بدلے ہوئے انداز کے ساتھ شاید آج تک باقی ہے۔ لیکن "شہاب کی سرگزشت" ایک افسانہ کی حیثیت سے مجھے متاثر نہ کر سکا۔ پلاٹ کا تو خیر یہ افسانہ ہی نہ تھا۔ لیکن مجھے اس میں کوئی نقطۂ نظر یا مرکزی تصور بھی ایسا نہ ملا جو سوچا سمجھا ہوا ہو اور زندگی کی مسلمہ قدروں پر کوئی اضافہ ہو جیسا کہ اس قسم کے بعض مغربی افسانوں میں میں نے پایا تھا۔ سارے افسانے کا مدار شہاب کی خارج المرکز شخصیت پر تھا جس کے خیالات بھی سطحی طور پر خارج المرکز تھے۔ میں نے جمیلہ بیگم سے اپنی رائے کا بے تکلف اظہار کر دیا۔ انھوں نے طنزیہ لہجے میں کہا کہ "یہ سب نہ لکھ سکنے کی باتیں ہیں" اسی رات میں لکھنے بیٹھ گیا اور ایک نشست میں "زیدی کا حشر" ایک تہائی لکھ کر صبح کو جمیلہ کو سنا دیا۔ وہ مسکرا کر کہنے لگیں کہ میں جانتی تھی کہ تم لکھ سکتے ہو اور تم سے اسی طرح سے لکھوایا جا سکتا ہے جس طرح میں نے لکھوا لیا۔ اب اس کو جلد پورا کر لو۔ لیکن میں نے اس کو پورا نہیں کیا۔ دو تین ہفتے بعد نیاز فتح پوری گورکھپور آئے۔ انھوں نے جمیلہ بیگم اور میرے ایک دوست نعمت اللہ انصاری سے "زیدی کا حشر" کا ذکر سنا تو میرا لکھا ہوا نامکمل مسودہ لے کر پڑھا اور اپنے بکس میں منتقل کر کے کہا کہ یہ افسانہ "نگار" میں قسط وار چھپے گا اور میں باقی کام جلد مکمل کر کے انھیں بھوپال بھیج دوں۔ اب مرتا کیا نہ کرتا۔ "زیدی کا حشر" پورا کیا گیا اور "نگار" میں بالاقساط چھپا۔ اور علی گڑھ یونیورسٹی میں اس کا چرچا ہر زبان پر ہونے لگا۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ شاعروں اور ادیبوں کو مشہور اور بدنام اور سب سے سب لوگوں سے جلد چار چاند یا کلنک کا ٹیکہ لگانے کا مرکز ہے۔ یہ تو ہوئی میرے پہلے افسانے کی تقریب۔ اس کے چند ماہ بعد

مجھے نیاز فتح پوری نے سمجھانا شروع کیا کہ میں افسانہ نگاری کی بہترین قابلیت رکھتا ہوں اور میں صرف افسانے لکھوں اور "نگار" کو ہر ماہ ایک افسانہ بھیجوں اور "نگار" اس زمانے کی عام شرح سے زیادہ معاوضہ مجھے دے گا۔ یوں میں افسانے لکھنے لگا۔ میرا دوسرا افسانہ "گناہ" ہے۔ اس افسانے کی تخلیق بھی دلچسپ ہے۔ میں اور فراق گورکھپوری [illegible] کے دوسرے نصف میں مستقل طور پر الٰہ آباد میں تھے۔ ہم ایک ... کی بالائی منزل میں رہتے تھے۔ بڑی بڑی شخصیتیں ہمارے کمروں میں آتی تھیں اور ہم لوگوں سے تبادلۂ خیالات کرتی تھیں۔ کچھ لوگ دوسری جگہوں سے آتے تھے اور ہمارے مہمان ہوتے تھے۔ ان میں حسرت موہانی اور پریم چند خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔ دونوں سے ہم لوگ بہت پہلے سے بے تکلف تھے۔ پریم چند سے اس وقت سے ملاقات تھی جب وہ گورکھپور میں گورنمنٹ نارمل اسکول میں ایک مدرس تھے۔ گرمیوں کے دنوں میں پریم چند ایک دفعہ بنارس سے الٰہ آباد آئے۔ اور کئی دنوں تک ہمارے ساتھ رہے۔ ایک رات ہم تینوں آنگن میں اپنی اپنی چارپائی پر بیٹھے دیر تک باتیں کرتے رہے۔ دوران گفتگو میں فراق نے ایک افسانے کا مبہم خاکہ بنا کر کہا تم دونوں اس قسم کا افسانہ لکھو۔ افسانے کی بنیاد ٹامس ہارڈی کے مشہور ناول ٹیس کے مبہم تاثرات پر تھی۔ اور فراق اور میں اکثر باہم اس پر گفتگو کر چکے تھے۔ گرمیاں آئی گئی ہوئیں۔ [illegible] کے ابتدائی موسم گرما میں گورکھپور چلا آیا اور کچھ دنوں کے لیے اپنے گاؤں میں مقیم رہا۔ یکایک مجھے خیال آیا کہ لاؤ وہ افسانہ لکھ ڈالوں۔ چنانچہ آدھی رات اور آدھے دن کے اندر میں نے "گناہ" کے عنوان سے افسانہ تیار کر لیا۔ اور دوسری ڈاک سے اسے نیاز کے پاس بھیج دیا اور انھوں نے بعد سے جلد "نگار" میں شائع کر دیا۔ ۱۹۳۰ء میں میں نے ادارۂ اشاعت قائم کیا اور ۱۹۳۲ء میں اپنا رسالہ "ایوان" جاری کیا اور ایوان اشاعت کے مطبوعات کے سلسلے کی چوتھی کتاب میرے افسانوں کے پہلے مجموعے "خواب و خیال" کا اشتہار شائع ہونے لگا۔ تو ایک صاحب نے مجھے لکھا کہ عرصہ ہوا کسی اخبار یا رسالے میں کسی کرم فرما نے جلی حروف کے ساتھ لکھا ہے کہ میرا افسانہ "گناہ" پریم چند کے ہندی افسانے "آبھوشن" سے بغیر حوالہ دیے ہوئے لے لیا گیا ہے۔ میں نے آج تک پریم چند کا یہ ہندی افسانہ نہیں پڑھا۔ میں ہنس کے رہ گیا۔ عرصے کے بعد پریم چند سے ملاقات ہوئی تو میں نے اس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تم نے اس کی تردید کیوں نہیں کی اور اصلیت سے لوگوں کو آگاہ کیوں نہیں کیا۔ پریم چند نے اپنا مخصوص دیہاتی قہقہہ لگا کر کہا: "مجنوں تم بھی کن باتوں میں پھنستے ہو۔ لوگ تو جھوٹ سچ کہا کرتے ہیں۔ کس کس کی تردید یا تصدیق کی جائے۔" پریم چند جہاں بڑے معاملہ [illegible] تھے وہیں ان معنوں میں معصوم تھے جن معنوں میں صرف وہ انسان معصوم ہو سکتا ہے جس نے تہذیب کے ساتھ تہذیب کی آلائش اور ریاکاری کو قبول نہ کیا ہو۔ لیکن میں نے پریم چند سے ایک اور سوال کیا اس کا انھوں نے اپنی سادگی اور بے ساختگی میں جو جواب دیا وہ بہت عبرت آموز ہے۔ میں نے پوچھا آخر تم نے اپنے افسانے کا عنوان "آبھوشن" کیوں رکھا۔ جب کہ "گہنا" کا عام فہم لفظ سامنے موجود تھا۔ کیا "گہنا" ہندی لفظ نہیں ہے؟ کیا یہ عرب یا ایران یا ترکستان سے آیا ہے

لفظ ہے۔ پریم چند نے کہا بیٹا بھولو، میں نے اپنی زندگی کا بہترین حصہ اردو میں صرف کیا ہے اور اردو نے ہی مجھے شہرت دی ہے۔ میں اردو سے ہندی میں آیا ہوں۔ مجھے ڈر لگا رہتا ہے کہ میں سہل اور عام فہم زبان لکھوں تو ہندی والے اسے اردو سمجھ کر قبول کرنے سے انکار نہ کر دیں۔ اب کیا کہتا۔ بات بڑے بھولے انداز میں کہی گئی تھی۔ میں پریم چند پر ترس کھا کر رہ گیا۔ ہاں تو "گہنا" میرا دوسرا افسانہ ہے۔ لیکن پڑھنے والا فوراً محسوس کرے گا کہ خیالات اور زبان و اسلوبِ بیان کے لحاظ سے "زیدی کا حشر" اور "گہنا" میں کوئی قرابت نہیں ہے۔ حالانکہ دونوں کے درمیان صرف ایک سال کا فاصلہ ہے۔ افسوس ہے کہ میرے افسانوں کے بیشتر مجموعے میرے پاس اس وقت موجود نہیں ہیں ورنہ مثال کے طور پر اقتباسات پیش کرتا۔

دسمبر ۱۹۳۱ء کے ایوان میں ثریا کے فرضی نام سے ایک خاتون نے میرے اس وقت کے تمام افسانوں پر محاکمہ کیا تھا۔ مجھے آج تک ان کو عورت تسلیم کرنے میں پس و پیش ہے۔ اگرچہ ان کی بعض باتیں اور لب و لہجے کی چند خصوصیات ایسی ہیں جن کو عورت سے ہی منسوب کیا جا سکتا ہے۔ بہرحال "زیدی کا حشر" پر ان کی مختصر رائے سن لیجیے۔ "مجھ سے قسم لے لیجیے جو اس افسانے کی ایک بات بھی میری سمجھ میں آئی ہو۔ ایک تو زبان ایسی ہے کہ معلوم ہوتا ہے گویا پروفیسر صاحب کسی نئے ستارے کی رفتارِ گردش سمجھا رہے ہیں۔ دوسرے اس میں جتنی باتیں کہی گئی ہیں وہ سب چیستان ہیں اور صرف مصنف کی منطقی ذہانت کا پتا دیتی ہیں۔ حیرت ہے کہ جس نے "زیدی کا حشر" لکھا ہو وہ اس قدر جلد "گہنا" اور "حسنین کا انجام" کیسے لکھنے لگا۔ اسی لیے میں نے وصیت کی تھی کہ "زیدی کا حشر" میرے افسانے کے کسی مجموعے میں نہ شامل کیا جائے۔ میں بہت جلد اپنے کو اس فسانے سے اجنبی پانے لگا۔ لیکن ۱۹۳۲ء میں ناگپور کے ایک نوجوان عقیدت مند قادر نیازی کو ضد ہو گئی کہ وہ "زیدی کا حشر" کتابی صورت میں شائع کریں گے اور میں نے بالک ہٹ کے سامنے ہتھیار ڈال دیے۔ چنانچہ "تردیدِ وصیت" کے مقدمے کے ساتھ میں نے اس افسانے کو چھاپنے کی اجازت دے دی۔ اس طرح میرا پہلا افسانہ کتابی صورت میں میرا آخری افسانہ ہو گیا۔ میرا تیسرا افسانہ "سمن پوش" ہے جو ۱۹۳۲ء میں "گہنا" کے فوراً بعد نگار ہی میں شائع ہوا۔ افسانہ میرے کسی روحانیاتی جذبے یا عقیدے کی پیداوار نہیں ہے۔ بلکہ صرف میرے وسیع مطالعے اور شدید تخیل کا اکتساب ہے۔ ۱۹۲۵ء سے ۱۹۳۰ء تک میں جہاں اور علوم و فنون کے بارے میں اپنے معلومات کا دائرہ وسیع کرتا رہا وہیں "آکلٹ سائنسز" — یعنی علومِ باطنی اور "سائیکل ریسرچ" — یعنی روحانیاتی تحقیق کا انہماک کے ساتھ مطالعہ کرتا رہا۔ انھیں سب عوامل کا نتیجہ "سمن پوش" اور "حسن شاہ" مطبوعہ نگار ۱۹۳۱ء "تم میرے ہو" مطبوعہ مرقع ۱۹۳۲ء اور رسالہ "جن" کے وہ ابتدائی چار شمارے ہیں جو میں نومبر کے اواخر میں مرتب کر کے نیاز کو دے آیا تھا۔ ان چاروں شماروں میں سارے مضامین کیا علمی حقائق کیا افسانے اور کیا سنی ہوئی روایتیں سب میرے لکھے ہوئے ہیں۔ رسالے "جن" کی شانِ نزول کا تذکرہ میں کسی قدر تفصیل سے اپنے افسانے کے مجموعے کے دیباچے "تحریریں" میں کر چکا ہوں ۱۹۳۳ء میں ایک صحبت میں ذکر چھڑ گیا

کہ اردو میں جنسیات اور روحانیت پر کوئی رسالہ نہیں ہے اور یہ ایک بہت بڑی کمی ہے۔ سب کی متفقہ رائے تھی کہ ایسا رسالہ نکلنا چاہیے۔ نیاز نے کہا کہ ان موضوعات پر لکھے گا کون، اور رسالے کی ترتیب کا ذمہ کون لے۔ میں نے کہا کہ نیاز صاحب اصل اہم یہ ہے کہ سرمایہ کہاں سے آئے۔ رسالے کے مصارف کا ذمہ دار کون ہو۔ اگر یہ مہم سر ہو جائے تو میں عمر بھر کے لیے اس کی ترتیب اور ادارت اور مضامین کا خود ذمہ لیتا ہوں۔ نیاز مصارف برداشت کرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ رسالے کا نام "جن" اور اسی کی رعایت سے ایڈیٹر کا نام "جان" قرار پایا۔ اور میں نے شروع کے چار رسالے لکھ کر اور ان کو ترتیب دے کر نیاز کے حوالے کر دیا۔ رسالہ جنوری [illegible]ء سے نکلنا شروع ہو گیا۔ مجھے بعض نجی حالات نے مجبور کر دیا اور میں دسمبر [illegible]ء میں لکھنؤ چھوڑ کر گورکھپور چلا آیا۔ رسالہ "جن" جب شائع ہوا تو ایڈیٹر "جان" کی جگہ نیاز فتح پوری دیکھ کر مجھے حیرت ہوئی اور میں نے لکھ کر دریافت کیا تو انھوں نے مختصر سا جواب مجھے یہ دیا کہ رسالے کے خریداروں کی تعداد بڑھانے کے لیے انھوں نے اپنا نام دینا ضروری سمجھا۔ اور یہ کہ میں نے جتنے مقالے اور افسانے لکھے ہیں ان کو جب چاہوں اپنے نام سے منسوب کر سکتا ہوں۔ میں چپ ہو رہا۔ اور پھر دوسری مصروفیات میں کھو گیا۔ رسالہ "جن" شاید ایک سال سے زیادہ نہ نکل سکا۔ مگر یہ سب تو [illegible]ء کی باتیں ہیں جو لازمی طور پر "سمن پوش" کے سلسلے میں نقل آگئیں۔ ذکر "سمن پوش" کا ہو رہا تھا۔ باوجود اس کے کہ یہ میرا تیسرا افسانہ ہے اور میرے تخلیقی دور کے عنفوانِ شباب کی یادگاروں میں سے ہے لیکن میں نے اس کو ہمیشہ ایک معمولی افسانہ سمجھا مگر "نگار" کے کسی سال کے کسی شمارے میں مجھے سال اور مہینہ ٹھیک یاد نہیں ایک خبر شائع ہوئی کہ بریلی کے کوئی نوجوان جو علی گڑھ سے بی اے کر چکے تھے میرے اس افسانے کو وظیفے کے طور پر پڑھا کرتے تھے کہ افسانہ میری جان لے کر رہے گا اور ایک روز ایسا ہی ہوا۔ نیاز نے "نگار" میں یہ خبر بڑے تاثر کے ساتھ شائع کی۔ خبر نہایت مختصر تھی۔ نیاز کو یہ خبر مختصر ہی ملی تھی اس واقعے نے "سمن پوش" کو مثنوی "زہرِ عشق" کی طرح مشہور کر دیا اور مجھ سے ایک مدت تک لوگ طرح طرح کے سوال کرتے رہے اور جب [illegible]ء میں میرے چند افسانوں کا مجموعہ "سمن پوش" شائع ہونے لگا تو مقدمہ "گریز" میں میں نے اس حادثے کا مختصر ذکر کرتے ہوئے یہ بھی لکھ دیا کہ "لیکن خدا کرے کہ یہ سب بعد کی اختراع پردازی ہو۔ اور میرے افسانے پر ایک بہتان ہو۔" تو اسی سال اگست [illegible]ء میں بریلی کے کسی ایک "طور" صاحب کا ایک خط موصول ہوا جس میں جی کھول کر طعن و طنز سے کام لیا گیا تھا۔ اس خط سے مجھے معلوم ہوا کہ مرنے والے کا نام شفقت تھا اور "طور" صاحب نے مرنے والے کی قبر کی نشاندہی بھی کر دی۔ لکھا تھا کہ "آپ بریلی آتے تو میں آپ کو دکھاتا کہ متصل ریلوے اسٹیشن عقب دھرم شالہ کنھیا لال جو بلند و بالا جدید قبر تیار ہوئی ہے وہ اسی غریب شفقت کی ہے جس پر "شہیدِ سمن پوش" کا کتبہ آنے جانے والوں کو بے اختیار اپنی طرف کھینچ کر دو دو آنسو نچھاور کر دینے پر مجبور کر دیتا ہے۔ مجنوں صاحب تم سلامت رہو، مرنے والے مر گئے" اس خط نے مجھے مسرور کر دیا کہ میں اپنے رسالے "ایوان" بابت ماہ دسمبر [illegible]ء میں

اس اثناء تک موضوع پر مفصل لکھوں اور میں نے "افسانے کا افسانہ" کے عنوان سے ہی کھول کر لکھا۔ [illegible] اور پھر بعد کو کئی بار بریلی آئی اور یہ قبر دیکھنے گیا۔ دوسرے لوگوں نے مجھے قبر دکھائی۔ لیکن ایک بار بھی میری ہمت نہ پڑی کہ قبر کے قریب جاؤں۔ یہ تھا میرا تیسرا افسانہ "کفن پوش" جو تھا افسانہ جو میں نے لکھا اور جو نگار ہی میں شائع ہوا "حسنین کا انجام" ہے۔ "زبیدی کا حشر" جب مکمل ہو چکا تو میرے دل میں یہ احساس چٹکی لینے لگا کہ افسانے میں تخیلی معاولت کا کالا گھونٹ کے رکھ دیا گیا ہے۔ صوفیہ اور زبیدی تو قربان ہو گئے اور حسنین اپنی ہوس رانی اور جنسی بہیمیت کے لیے آزاد اور خود مختار چھوڑ دیا گیا اور وہ بے خوف و خطر زندہ ہے۔ ادھر میں تالستائے کا ناول "اینا کرینینا" پڑھ چکا تھا۔ اور ہیروئن کا کردار میرے دل میں نقش ہو گیا تھا۔ ان تمام تاثرات کے امتزاج کا بے ساختہ نتیجہ "حسنین کا انجام" ہے۔ انجام بالکل اپنے تخیل کی تخلیق ہے۔ اور تالستائے کے ناول کے کوئی آثار اس میں نہیں پائے جاتے۔ خود مجھے اپنے ابتدائی چار افسانوں میں "حسنین کا انجام" بہت پسند ہے۔ اپنے افسانوں میں میں نے ثریا نام کی دو عورتیں پیدا کیں اور دونوں پر مجھے فخر ہے۔ ایک "حسنین کا انجام" والی ثریا۔ اور دوسری "خواب و خیال" والی ثریا۔ "حسنین کا انجام" والی ثریا کے بارے میں ایک مبصر کا کہنا ہے: "مجھے ثریا حرمتِ گناہ کی مجسم تصویر معلوم ہوتی ہے۔ جس نے مرتے دم تک اپنے پندار نسوانیت اور وقارِ معصومیت دونوں کو قائم رکھا۔" میں خود "ثریا" کو تالستائے کے "اینا کرینینا" سے زیادہ جلیل اور جید کردار پاتا ہوں۔ اپنے اس افسانے سے اقتباس کے طور پر صرف وہ خط نقل کروں گا جو ثریا نے حسنین کو لکھا اور جو ثریا کے کردار کا جوہر ہے۔ اس سے میری کردار نگاری اور طرزِ تحریر دونوں کی مثالیں سامنے آ جاتی ہیں۔

"میرے محسن۔ آپ امید کر رہے ہوں گے کہ میں آپ کے سامنے شکایتوں کا ایک دفتر کھول کر رکھ دوں گی اور اپنے دکھ کی داستان سنا کر آپ کو سکون سے محروم کر دینے کی کوشش کروں گی۔ مگر مطمئن رہیے، میں ہرگز یہ نہیں چاہتی کہ آپ کو بے کیف کروں۔ میں نے دین و دنیا آپ کے حوالے کر دیا۔ لیکن اس میں آپ کی کوئی خطا نہیں تھی۔ میں نے سب کچھ آپ کو ٹھیک سمجھ کر دیا۔ اور مجھے بالکل افسوس نہیں ہے۔ آپ شوق سے دوسری جگہ اپنی دلچسپیاں پیدا کیجیے۔ میں منع نہیں کرتی۔ کہنا صرف اس قدر ہے کہ ابھی میرے دل میں چند قطرے لہو کے باقی ہیں جو کبھی کبھی میری قوتِ حاسہ کو تیز کر کے رگوں میں ٹیس پیدا کر دیتے ہیں۔ آیئے اور للہ ان میں جو لہو باقی ہے اسے بھی پی لیجیے۔ پھر اس کے بعد مجھے سکون ہو جائے گا۔ میں اپنی حالت کے بارے میں ایک حرف بھی کہنا نہیں چاہتی اور نہ مجھے کچھ کہنا ہے۔ آج آٹھ بجے رات کو آ کر مجھ سے مل لیجیے ورنہ یقین جانیے آپ جہاں کہیں ہوں گے میں خود آ کر ملوں گی۔ میں اس قدر بیچارہ احساس ہو چکی ہوں کہ مجھ کو دنیا میں کسی کا لحاظ نہیں ہو سکتا اور اب جو جی چاہے گا کر کے چھوڑوں گی۔ آپ کی ثریا"

یہ ساری سرگزشت [illegible] یعنی شادی سے پہلے تک کی ہے۔ [illegible] میں میرا افسانہ "تم میرے ہو"

جو "حسن پوش" ہی کے قبیل کا ہے، یعنی باطنیت اور روحانیت سے تعلق رکھتا ہے اور جو میرے افسانوں کے دوسرے مجموعے "حسن پوش" میں شامل کیا گیا [illegible] میں پہلی بار "مرقع" لکھنؤ میں شائع ہوا۔ دسمبر [illegible] کے اواخر میں میں لکھنؤ میں وصل بلگرامی مرحوم کے ساتھ ٹھہرا ہوا تھا۔ نیاز بھی بھوپال سے آئے ہوئے تھے۔ اور "نگار" کو لکھنؤ منتقل کرنے کے منصوبے کو عملی شکل دی جا رہی تھی۔ وصل بلگرامی بڑے دوست اور دوست نواز آدمی تھے۔ ان کا مکان مہمان سرا بنا رہتا تھا اور یوں بھی ان کے وہاں ہر قماش اور ہر مشرب کے آدمی آتے تھے۔ اور ان کے وہاں ٹھہرنے والوں کا دائرہ ملاقات وسیع تر ہوتا رہتا تھا۔ وہ بہت بڑے پیمانے پر ایک پریس قائم کیے ہوئے تھے اور "مرقع" نکالتے تھے جو اپنے زمانے کے ماہوار ادبی رسالوں میں ایک معروف حیثیت رکھتا تھا۔ وہ میرے سر ہو گئے کہ میں کوئی افسانہ ان کے رسالے کو دوں۔ نیاز نے بھی ان کی ہاں میں ہاں ملائی اور شرارت کے ساتھ مسکرا کر مجھے دیکھنے لگے۔ اس سے پہلے میں "نگار" کے لیے "آغازِ ہستی" ڈرامے کا مسودہ تیار کر دے چکا تھا جو برنارڈ شا کے "بیک ٹو میتھوسلا" ــــــ کے پہلے حصے کا ترجمہ تھا اور جو "نگار" بابت [illegible] میں شائع ہوا۔ بہرحال میں اسی رات کو افسانہ لکھنے بیٹھ گیا اور دوسرے دن شام کو مسودہ وصل کے حوالے کر دیا۔ مارچ یا اپریل [illegible] میں لکھنؤ گیا۔ اس وقت "نگار" اور نیاز لکھنؤ آ چکے تھے۔ نیاز اور وصل ایک ہی مکان میں رہتے تھے اور "نگار" اور "مرقع" ایک ہی پریس میں چھپتے تھے۔ اور ایک ہی مکان کے دو حصوں میں دونوں کے دفتر تھے۔ نیاز نے اب کے مجھ سے کہا کہ وہ دفتر "نگار" سے ایک دوسرا رسالہ "افسانہ" کے نام سے جاری کرنا چاہتے ہیں۔ جو صرف افسانے اور ڈرامے کے لیے وقف ہوگا، اور انھوں نے اس کی ساری ذمہ داری مجھ پر ڈال دی کہ چاہے کل ڈرامے اور افسانے میں خود لکھوں یا چاہے کچھ دوسروں سے لکھواؤں۔ ہفتہ عشرہ لکھنؤ میں رہ کر گورکھپور چلا آیا۔ "نگار" کے ملاحظات میں "افسانے" کا اعلان بھی ہو گیا۔ میں نے ڈیڑھ ماہ میں رسالے کے لیے مواد تیار کر کے روانہ کر دیے ان میں ایک افسانہ "مشرِ آرزو" میں نے اپنے عزیز دوست امتیاز احمد اشرفی مرحوم سے اپنی نگرانی میں لکھوایا، باقی سب کچھ میرا لکھا ہوا تھا۔ "مراد"، "جشنِ عروس"، "حسن شاہ"، "حتیاہ" اور "تالستائے" کے مختصر ڈرامے کا ترجمہ "الوالعزم" اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ امتیاز نے "مشرِ آرزو" اور میں نے "بتیا" ایک رات اور دوسری صبح تک ایک نشست میں لکھا۔ کسی مصلحت پر نیاز نے رسالہ "افسانہ" جاری نہیں کیا۔ سارے افسانے اور ڈرامے مسلسل "نگار" کے کئی شماروں میں شائع ہوئے۔ صرف "بتیا" "نگار" کے دو کالمی بیس صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ اس افسانے کے بارے میں مجھے کچھ کہنا ہے۔ یہ افسانہ میرے سب سے مشہور افسانوں میں ہے۔ بعض پڑھنے والوں نے اسے بڑا خوف ناک افسانہ پایا۔ مجھے خود اعتراف ہے کہ "بتیا" میں المیہ کو ہیبت کی سرحد تک پہنچا دیا گیا ہے۔ اور جب میں اس کو لکھ رہا تھا تو مجھے اس کا پورا احساس تھا اور میں اپنے اندر آسودگی پا رہا تھا۔ میرے افسانے "گہنا" کو بہت پسند کیا گیا تھا۔ مجھے بھی اپنا افسانہ پسند تھا لیکن میں ناآسودہ بھی تھا۔ "گہنا" میں "ٹیس آف ڈربرویلس" ــــــ کے کچھ آثار تو آ گئے تھے مگر "ٹیس" ــــ کی بات ہی کچھ اور تھی۔ جب

میں۔ "ہتیا" لکھ چکا اور سرلا کا کردار پیدا کر چکا تو مجھے اطمینان ہوا۔ سرلا کا کردار واقعی اس قابل ہے کہ اس کو ٹیس کے مقابل کھڑا کیا جائے۔ پھر اس افسانے میں قدرتی مناظر و عناصر سے جو فضا پیدا ہو گئی ہے وہ علامتی حیثیت رکھتی ہے اور ہارڈی کی یاد دلاتی ہے۔ ایک ماہ سے سرلا گھر چھوڑے ہوئے جنگلوں میں ماری ماری پھر رہی ہے۔ کچھ دنوں سے ایک جنگل میں ڈیرا ڈالے ہوئے ہے۔ اس جنگل کی ایک رات کا بیان ملاحظہ ہو۔ "ہوا ہوا ہوا" یہ تھی وہ ہیبت ناک اور وحشت انگیز آواز جو قریب کے ایک دیو قامت درخت سے بلند ہوئی اور جنگل میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک گونج گئی اور جو اس رات کی خاموشی سے بھی زیادہ ڈراؤنی تھی۔ یہ اس شب پرست طائر کی آواز تھی جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ زندگی کے صرف تاریک پہلو دیکھتا ہے۔ یہ مرزا کا وہ محبوب پرندہ تھا جس کو صرف رنج دائم کا احساس ہوتا ہے جو دنیا کی لذتوں سے متاثر ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ جس کو آبادی سے نفرت اور ویرانے سے رغبت ہے۔ جو آفتاب کی ضیا گستری میں اندھا ہو جاتا ہے۔ سرلا اس آواز کو پہچانتی تھی۔ اس کو وہ دن یاد آ گیا جب ایک شام ایسی ہی آواز سن کر وہ ماں کی گود میں لپٹ گئی تھی۔ اس کی عمر آٹھ سال تھی۔ اس نے لوگوں کو کہتے سنا تھا کہ یہ موت کی آواز ہوتی ہے۔ سرلا پہلے تو سہم کر درخت کے تنے سے لپٹ گئی۔ پھر یکایک اس کے دل میں ہمت پیدا ہو گئی اور وہ اٹھ کر اُلّو سے پوچھنے لگی: "یہ کون مرا۔ بتا کس کی خبر لایا ہے؟" سرلا کی آواز میں درد تھا۔ اس نے اُلّو کو نہیں دیکھا مگر اُلّو نے اس کو دیکھ لیا۔ وہ اُڑ کر دوسرے درخت پر جا بیٹھا اور پہلے سے زیادہ کرخت لہجے میں اپنا پیغام دہرانے لگا۔ سرلا کو دھکا لگا۔ کیا وہ خود اس کو جانور سے بھی زیادہ منحوس تھی کہ وہ اس کے سائے سے بچ کر نکل گیا؟" اب افسانے کے آخری حصے کی طرف آیئے۔

رات کا آخری پہر ہے۔ سرلا ہری سنگھ کو قتل کر چکی ہے اور کانتا سے ملنے آئی ہے۔ پو پھٹنے کے قریب ہے۔ وہ جانتی ہے کہ گھنٹہ دو گھنٹے کے اندر پولیس اس کو ڈھونڈ نکالے گی اور وہ گرفتار کر لی جائے گی۔ اس کے چہرے، یا حرکات و سکنات سے، کہیں سے ہراس یا سراسیمگی کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوتی۔ وہ جس اطمینان اور متانت کے ساتھ کانتا سے باتیں کر رہی ہے۔ اس سے اس کی جری شخصیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اور جب پولیس آ جاتی ہے تو بغیر کسی قسم کی گھبراہٹ کے جس طرح وہ اپنے آپ کو حوالے کر دیتی ہے وہ اس کے مستقل اور مستحکم کردار کا ایسا ثبوت ہے جو عورت تو عورت ہے، مردوں میں بھی کسی میں شاذ و نادر ہی ملے گا۔ اس موقع پر بھی وہ ٹیس۔ ہی کے ٹکر کی شخصیت ہے لیکن اس کی نقل نہیں ہے۔ "ہتیا" کے ذکر نے باوجود اختصار کے کافی وقت لے لیا ہے۔ لیکن یہ ناگزیر سا تھا۔ یہ افسانہ، افسانہ نگار کی حیثیت سے میری شہرت یا بدنامی میں ایک نشانِ منزل ہے۔ اس نے مجھے اردو کا ہارڈی مشہور کیا۔ یہ فقرہ سب سے پہلے میرے ایک مرحوم دوست اور بیکار مختار حامد علی نے میرے بارے میں استعمال کیا اور برابر استعمال کرتے رہے۔ مرحوم مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ادبیات انگریزی کے شعبے میں استاد رہے اور ساری دنیا کے افسانوں اور ناولوں

پڑھ رہے سکتے تھے۔ ایسے کی آواز، وہ مجاہد مسلم یونی ورسٹی سے بلند ہوئی جو ادبانے دب نہیں سکتی تھی۔ میں نے صرف ایک مختصر افسانہ "شکست بے صدا" لکھا، وہ وصل بلگرامی کے "مرقع" میں چھپا تھا۔ خالص طبع زاد افسانوں میں ہے۔ اس کے لیے میں بیدل کے اس مصرعے کا ممنون ہوں۔

"شکستن ہم ز پرواز شیشۂ من بے صدائی ہا"

لیکن ۱۹۵۳ء میں مجھے طویل مختصر افسانہ یعنی لانگ شارٹ اسٹوری — یا ناولٹ لکھنے کا خیال پیدا ہوا۔ اور "زیدی کا حشر" سے پہلے تین سال بعد میں نے "من در پہ خیالیم و فلک در پہ خیال" ایک طویل افسانہ لکھا جو ٹامس ہارڈی کے وڈلینڈرس کے نمونے پر تھا۔ لیکن افسانے کا ماجرا، کردار اور مکالمے سب میرے اپنے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ ہارڈی کے ناول اور میرے افسانے کے درمیان ایک متوازیت محسوس ہوگی۔ ۱۹۵۶ء میں میں نے ایک طویل افسانہ یا ناولٹ لکھا جس کا نام "بازگشت" ہے اور جو "نگار" ہی میں مسلسل چھپا اور پھر کچھ عرصے کے بعد میرے ایک دوسرے ناولٹ "سراب" کے ساتھ کتابی صورت میں شائع ہوا۔ یہ افسانہ ہارڈی کے شاہکار "ریٹرن آف دی نیٹو" ـــــ کے مطالعے اور اپنے ذاتی تخیل اور مشاہدے کا نتیجہ ہے۔ ہارڈی کے ناول میں "ایگڈن ہیتھ" ایک زندہ اور موثر قوت اور زبردست کردار کا حکم رکھتی ہے۔ "بازگشت" میں بھی پریتیا کا جنگل بھولنے والی چیز نہیں ہے۔ اس کے بیان میں چند جملے سنیے "جنگل بے انتہا گھنا ہے لیکن اس میں بڑے درخت کم ہیں۔ زیادہ تر ڈھاک اور ببول کے درخت ہیں۔ درندوں اور سانپ بچھوؤں کے علاوہ یہاں ڈاکوؤں کا بھی ڈیرہ رہتا ہے۔ اور جاہل اور غیر متمدن کسانوں کا خیال ہے کہ پریتیا بھوت پریت کا بھی اکھاڑا ہے۔ اس کو پریتیا اسی نسبت سے کہتے ہیں۔ اس جنگل کو دیکھ کر ہمیشہ ممتاز کے دل میں ایک جلیل القدر قوت کا احساس ہونے لگتا تھا۔ لیکن جاڑے کے موسم میں یہ احساس تیز ہو جاتا تھا۔ جب کہ اس جنگل کا جلال کئی گنا بڑھ جاتا تھا۔ آج کہر روئی کی طرح چھائی ہوئی تھی۔ زمین و آسمان مل گئے تھے۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ قدسیوں اور خاکیوں میں مشورے ہو رہے ہیں۔ پریتیا کی سیر کا مناسب وقت یہی ہے جب کہ ساری دنیا دھیرے دھیرے خواب میں محو ہونے لگتی ہے اور جنگل کی روحیں بیدار ہونے لگتی ہیں۔ ہر طرف ایک حرکت ایک دوا دوش ہونے لگتی ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پتہ پتہ کسی اہم کام میں معروف ہے۔" اب افسانے کی ہیروئن مریم کی شکل و صورت کے بارے میں بھی کچھ سن لیجیے۔ میں نے کبھی کسی کا پورا سراپا بیان نہیں کیا۔ صرف چند مخصوص نکات کو سامنے رکھ کر شخص مذکور کی پوری شخصیت کو نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے۔ مریم کی شخصیت نگاری میں ہارڈی کے اثرات بہت واضح ہیں۔ اور اس موقع پر میں واقعی ہارڈی کا ممنون ہوں: "مریم کو کسی دوسرے عالم کی حور کہنا مبالغہ نہ ہوگا۔ اس میں بہت سے ایسے نکات دلبری تھے جن کا تجزیہ نہیں کیا جا سکتا۔ مثلاً اس کی کالی پتلیاں تاریکی اور ان اسرار سے معمور تھیں جن کا علم صرف آدھی رات تک جاگنے والوں کو ہو سکتا تھا۔ خود مریم اپنی آنکھوں کی سحر آفرینی سے مغلوب ہو جایا کرتی تھی۔ اس وقت ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آنکھیں کھولے ہوئے سو رہی ہے اور گرد و پیش سے بالکل بے خبر ہے۔ اس کے گھنے اور سیاہ بال

جس وقت بکھر جاتے تھے تو معلوم ہوتا تھا کہ بھولی بھالی شفق پر طوفانی ذرات مسلط ہو گئی ہے۔ [illegible] میں میں نے دو مختصر افسانے لکھے اور دونوں طبع زاد ہیں۔ "خواب و خیال" جو نگار میں شائع ہوا، اور "محبت کی ترجمانیاں" جو "سروش" لاہور میں نکلا۔ "خواب و خیال" نے مجھے خاصا رسوا کیا۔ لوگ اس کو یقین کے ساتھ میری اپنی سرگزشت سمجھنے لگے۔ اور مجھے بھی اس پر اپنے آپ ہی کا دھوکا ہونے لگا۔ اسی [illegible] میں میں نے گورکھپور میں اپنا اشاعتی ادارہ ایوانِ اشاعت کے نام سے شائع کیا۔ جس نے کئی کتابیں شائع کیں۔ اور بہت جلد برِّ صغیر میں اپنی ساکھ قائم کر لی۔ [illegible] میں ایوانِ اشاعت کا ماہوار مجلّہ ایوان جاری ہوا۔ اور مجھے اس کے لیے نہ صرف افسانے بلکہ زندگی اور ادب کے دوسرے موضوعات و مسائل پر پابندی کے ساتھ لکھنا پڑا۔ اس وقت سے میری بیشتر تحریریں جو ایوان میں ہی چھپتی رہیں۔ اگرچہ اس صورت میں کبھی اپنے دیرینہ محبوب "نگار" یا "نیاز" کو نہیں بھولا۔ [illegible] میں جو مختصر افسانے ایوان میں لکھے ان کے نام یہ ہیں "بیگانۂ محبت"، "مدفن تمنا"، "بڑھاپا"، "کلثوم"، "محبت کا دمِ واپسیں"۔ ان کے بعد دوسرے رسالوں میں میرے مختصر افسانے چھپتے رہے۔ مثلاً "محبت کا مزار"، "نقش ناہید"، "سالگرہ"، "مرجھائے ہوئے پھول"۔ ان میں بعض طبع زاد ہیں اور بعض مغربی افسانوں کا عکس ہیں۔ لیکن سب میں میرا اپنا نقطۂ نظر ذاتی لہجہ اور انفرادی رنگ واضح طور پر محسوس ہوگا۔ [illegible] سے [illegible] تک میں نے چار ناولٹ بھی لکھے جو بہت مشہور ہوئے۔ یہ سب پہلی بار ایوان میں شائع ہوئے۔ ان میں سے دو ہارڈی کے مقابلے میں لکھے۔ لیکن یہ نہ تو ترجمے ہیں نہ چربے۔ "قسمت کا پانسہ" جو بعد کو "گردش" کے نام سے شائع ہوا۔ ہارڈی — "دی میر آف کیسٹر برج" — کے مطالعے کے بعد لکھا گیا اور "سوگوارِ شباب" جس کا ناقص ترجمہ "کنور کورٹ" کے نام سے ہندی میں فراق نے شائع کر دیا۔ ہارڈی کے "ٹو آن اے ٹاور" کے تاثرات کا نتیجہ ہے۔ "ایک نکتے کی سرگزشت" جو بعد کو "سرنوشت" کے نام سے شائع ہوا۔ طبع زاد ہے اور پہلی بار ایوان میں مسلسل شائع ہوا۔ "محبت کی فریب کاریاں" بھی طبع زاد ہے اور پہلے ایوان ہی میں شائع ہوا۔ بعد کو "سراب" کے نام سے "بازگشت" کے ساتھ چھپا۔ میرے دو افسانے کم و بیش سو سو صفحے رسالوں میں چھپ کر نامکمل رہ گئے۔ "یادِ ایام" ایوان میں چھپا اور پھر کچھ اضافوں کے ساتھ "تنویر" میں چھپا جس کو اصغری بیگم سحر بمبئی سے نکالتی تھیں۔ دوسرا ناولٹ "تنہائی"، "نقوش" لاہور میں قسط وار چھپا اور نامکمل رہ گیا۔ اس کی ذمہ داری بہت بڑی حد تک مجھ پر ہے۔ لیکن تھوڑی سی ذمہ داری مدیرِ "نقوش" پر بھی عائد ہوتی ہے۔ دونوں افسانوں کے نامکمل رہ جانے کا مجھے قلق ہے۔ اپنی افسانہ نگاری کے دور میں میں نے کچھ ڈرامے بھی ترجمے کیے۔ میری پہلی کتاب جو [illegible] میں شائع ہوئی ڈراما تھی — آسکر وائلڈ کے ڈرامے "سلومی" کا ترجمہ [illegible] میں بخار کی حالت میں میں نے لیٹے لیٹے ایک ہفتے کے اندر کر ڈالا اور میرے دوستوں نے خاص کر فراق نے اصرار کیا کہ اس کو کتابی شکل میں چھپوایا جائے۔ اس کے بعد میں نے "ابوالہول" تالستائے سے "اندھیرا بستی" برنارڈ شا سے "مقابل" بائرن سے ..... ترجمے کیے۔ ان سب ڈراموں کے داستانی مواد ایسے ہیں جن سے اردو خواں طبقہ خاص کر مسلمان اپنے کو مانوس پاتے ہیں۔ شیکسپیئر کے "کنگ لیئر" کا ترجمہ مجھ سے ساہتیہ اکیڈمی ہند نے کرایا اور اس نے شائع کیا۔ ملٹن کے "سمسن ایگونسٹز" کا ترجمہ میں نے اپنے

شروع ہے کیا۔ میری افسانہ نگاری کا چرچا میرے چار پانچ افسانوں کے بعد ہی ہونے لگا۔ سب سے پہلے رام بابو سکسینہ نے اپنی کتاب تاریخ ادب اردو میں میرے ان افسانوں کی قدر تسلیم کی۔ یہ کتاب [illegible] میں شائع ہوئی۔ اس کے بعد کوئی تاریخ ادب اردو ایسی نہیں نکلی جس میں میرے افسانہ نگاری کو زیر بحث نہ لایا گیا ہو۔ اس کے علاوہ میری افسانہ نگاری پر اتنے تنقیدی مضامین لکھے جا چکے ہیں کہ اگر ان کو اکٹھا کر لیا جائے تو ایک خاصی کتاب ہو جائے۔ جب میں نے دیکھا کہ ایک نوجوان نسل میدان میں آگئی ہے جو افسانے کے فن سے آشنا ہے اور قابلِ قبول افسانے لکھنے لگی ہے تو مجھے اطمینان ہوا۔ میں نے خود رفتہ رفتہ افسانے لکھنا کم کر دیے اور تنقید کی طرف متوجہ ہو گیا۔ لیکن مجھے یہ احساس ہے کہ اردو افسانہ نگاری کو نئے راستے پر لگانے میں میرا کم حصہ نہیں رہا ہے جس زمانے میں میں افسانے لکھ رہا تھا۔ میرے اندر صرف یہ جذبہ کام کر رہا تھا کہ جلد سے جلد اردو میں اس معیار کے افسانے آجائیں جس معیار کے افسانے مغربی زبانوں میں بھرے پڑے ہیں۔ اور میں نے جو کچھ لکھا اسی جذبے کے تحت لکھا اور اپنے جذبے میں ناکامیاب نہیں رہا۔

(بشکریہ قومی زبان) (کتاب نمائش دہلی اگست ۱۸) (ماخوذ از ارمغانِ مجنوں۔ جلد اول)

مجنوں گورکھپوری کی آخری یادگار تصویر



مجنوں گورکھپوری اپنے چھوٹے نواسے کے ساتھ

محمد خالد اختر

آتشِ رفتہ

اس سال کے آغاز میں جنوری کے مہینے کے وسط اردو ادب اور اس کے پڑھنے والوں پر ایک سانحہ عظیم گزر گیا اور "آتشِ رفتہ" اور "تلاش بہاراں" کی محترم و مکرم مصنفہ چپ چاپ ہم سے بچھڑ کر رخصت ہو گئیں۔ ادب کے حلقوں پر ان کے چلے جانے کی خبر بجلی بن کر گری۔ امراض و آلام میں مبتلا ہونے کے باوجود وہ دل و دماغ کی اتنی توانا اور سخت جان خاتون تھیں کہ ایسا لگتا تھا وہ ہمارے درمیان ہمیشہ موجود اور سلامت رہیں گی۔

ذاتی طور پر مجھے ان کی ذاتی زندگی سے بھرپور اور تابناک ہستی کے بغیر اپنی دنیا اجڑی اجڑی اور بے رونق معلوم دیتی ہے۔ میں تو ان کو اپنا [illegible] سمجھے تھا اور میرے خیال و گمان میں نہ تھا کہ ایک دن مجھے ان کی یاد میں اس تعزیت کی محفل میں شرکت کرنا ہوگی۔ وہ ایک بڑی حوصلے والی خاتون تھیں۔ میں ہمیشہ سے ان کی تحریروں کا مداح تھا مگر اس سے بڑھ کر وہ میری ایک بڑی ہی مہربان اور مشفق بہن اور دوست تھیں۔ ہمدرد اور غمگسار بھی۔ مجھ سے باتیں کر کے میں اپنے غم ہلکا کیا جاتا تھا۔

وہ ان کمیاب لوگوں میں سے تھیں جو کمرے میں داخل ہوتے ہیں تو گویا ایک اور شمع جل جاتی ہے۔ اپنی ذات میں ایک انجمن، قول جس، التفات اور سرداری ان کے آتے ہی اپنی راہ پکڑ لیتی تھی۔ ان کی گفتگو میں ایک ایسی رونق اور ہنگامہ خیزی کی کیفیت ہوتی تھی جو میں نے بہت کم لوگوں میں دیکھی ہے۔ وہ مجھے اچھوں میں سے لگتی تھیں اور اسی طرح میں ان کو۔

میں ان کے نام سے پہلی بار تب آشنا ہوا جب حال ہی میں [illegible] ماجھے کے تنومند گرانڈیل سکھوں کے بارے میں ان کا خوبصورت ناولٹ "آتشِ رفتہ" اشفاق اور قدسیہ کے حسین ساتھ کے میگزین "داستان گو" میں چھپا۔ میں نے اتنی آتشیں، رنگین اور سحر کرنے والی نثر اس سے پہلے اردو میں نہیں پڑھی تھی اور میں اس کی مصنفہ کے دلکش اسلوب کا گرویدہ ہو گیا۔ میں نے یہ ناولٹ چار پانچ مرتبہ پڑھا ہے۔ آخری بار اب سے کوئی دو تین برس پہلے اور اب بھی وہ جمیلہ کی کتابوں میں میری سب سے چہیتی کتاب ہے۔ پھر "داستان گو" ہی میں ان کی ماجھے کے ماحول میں لکھی ہوئی کہانی "لال آندھی" پڑھی۔ اسی آتشیں رواں دواں اسلوب میں لکھی جوش اور دل کو ہلا دینے والی۔ اس صدی کی پانچویں دہائی میں ان کا نام اردو پڑھنے والوں کے لئے جانا پہچانا ہو چکا تھا۔

اس وقت تک میں نے ان کو دیکھا تھا۔ ان کے بارے میں کچھ جانتا تھا کہ وہ کون ہیں، کیا کرتی ہیں۔ پہلی بار میں نے ان کو ۱۹۵۹ء میں لاہور کے ہوائی اڈے پر دیکھا۔ مغربی پاکستان کے لکھنے والوں کا ایک وفد قدرت اللہ شہاب اور جمیل الدین عالی کی قیادت میں مشرقی پاکستان کو روانہ ہو رہا تھا۔ جمیلہ بھی اس وفد کی رکن تھیں اور ان کے شوہر سردار احمد اویسی — چیک سوٹ اور صاف کیپ میں ایک چست سمارٹ قامت آدمی — انہیں چھوڑنے آئے تھے۔ کسی نے — غالباً [illegible] نے مجھے بتایا کہ یہ جمیلہ اور ان کے شوہر ہیں جن کی یہ دوسری شادی ہے۔ میں قدرے مایوس سا ہو گیا کیونکہ مجھے ایک [illegible] ۔ میرے خیالوں کی وہ عورت نہیں جس نے "آتشِ رفتہ" اور "لال آندھی" جیسی حیرت خیز جاندار تحریریں [illegible] تھیں۔ مشرقی پاکستان کے دورے کے درمیان ہمیں ایک دوسرے سے ملنے یا بات چیت کرنے کا اتفاق نہ ہوا۔ میں بے حد شرمیلا تھا اور [illegible] ۔ وفد کے ارکان دو حصوں میں بٹ گئے۔ ایک حصہ جس میں وفد کی سب خواتین لکھنے والیاں قرۃ العین حیدر

۳

[illegible] کوئی نہیں [illegible] گیا۔ [illegible] اس [illegible] دوستی کی ابتدا اس سفر سے [illegible]
ہوئی

[illegible] کے قبرستان میں [illegible] میں [illegible] "نئی بستیاں" [illegible] کام [illegible] کو [illegible] نہیں پڑھا

[illegible] شخص تھے کوئی چالیس پینتالیس کے پیٹے [illegible] کے قریب کر دیا۔ سردار احمد [illegible] اپنے [illegible] کی بات [illegible] ایک [illegible] پیش کرنے [illegible] اس [illegible] میں [illegible] کچھ [illegible]

[illegible] میں [illegible] ساتھ [illegible] کے [illegible] میں [illegible] انسٹی ٹیوٹ کے [illegible] ایک [illegible] جیسے [illegible] ہم [illegible] کر [illegible] ہیں۔ [illegible] دیکھے ہیں۔

[illegible] کی [illegible] اپنا اپنا جسم [illegible] کر [illegible] اس [illegible] سے [illegible] کے طور پر [illegible] اور [illegible] وقت [illegible]

سے اپنے غیر مطبوعہ افسانوں کی کتاب "رنگِ صحرا" مجھ کو عطا کر دی۔ میں نے ان افسانوں کو حیرت اور مسرت سے پڑھا۔ ایسے قطعیں افسانے صاف، شفاف، رنگین، سادہ دونوں اسلوب میں ادا کر سکتا ہے؛ سچائی اور رحمت کے ہجوم میں گھرے ہونے کے باوجود آخر دم تک ان کے جوہر تکلم کی درخشندگی تمام و دائم رہی۔

چونکہ وہ بڑی نقاد تھیں، صاف گو، تیکھی نظر رکھنے والی خاتون تھیں اس لیے لکھنے والوں کو ان سے ڈر بھی رہتا تھا۔ ان کے تبصروں میں سے بیشتر سخت کو ان سے گلے تھے کہ وہ اپنے معیار پر کسی کو نہیں لاتیں اور کسی کو نہیں بخشتیں۔ کیا وہ کسی کو بخشتے ہیں؟ حافظہ وہ ایک قوی و شعور تھیں اور ان کا قول وہ سست تھی۔ میں اعتماداً کہتا ہوں کہ میں نے ان کی بہت سی کتابوں پر مختلف محفلوں میں تبصرے کئے جو سراسر تحسین و آفرین ہی رہتے۔ حکایات میں سے ایک دو میں نے ان کو بعض حاضرین کے بیچ آڑے ہاتھوں لیا، ان کے ابرو پر بل نہ آیا نہ ان کے دل میں میل۔ جانتی ان کو کچھ سے تھا اس میں کوئی کمی میں نے نہ دیکھی

میں نے ان کو اپنے عمر و اعداد کا شکوہ گلہ کرتے نہ پایا۔ وہ اپنی بیماریوں اور دکھوں کے بارے میں ایک لفظ زبان پر نہ لاتیں۔ وہ عام مرض کے باوجود وہ عمر وہ یا افسردہ نہیں ہوئی تھیں۔ ایسی یہ طاقت اور صبر و حوصلہ ——— میں جانتا ہوں وہ اپنی جنتِ آشوب میں منتقل کر گئی ہیں۔

۱۰ اکتوبر ۸۸ء



وفیات

ابراہیم ہوش

مشہور صحافی شاعر اور ادیب ابراہیم ہوش کا ۷ ار اگست ۱۹۸۸ء کو تقریباً ۷۵ برس کی عمر میں




کلکتہ کے ایس ایس کے ایم ہسپتال میں انتقال ہو گیا۔

ہوش صاحب تقسیم ملک سے پہلے روزنامہ عصر جدید سے وابستہ تھے۔ وہ مشاعروں کی کامیابی کے ضامن خیال کئے جاتے تھے اور وہ مسلم لیگ کے حامی تھے۔ تقسیم وطن کے حوادث کے بعد ان میں تبدیلی رونما ہوئی اور وہ ترقی پسند تحریک میں شامل ہو گئے۔ ۱۵ ار اگست ۱۹۵۳ء کو ان کی ادارت میں شام کا اخبار "آبشار" منظر عام پر آیا۔

ایمرجنسی کے دوران وہ ایڈیٹوریل کا کالم سفید چھوڑ دیتے تھے، انہیں جیل بھی جانا پڑا۔ ۱۹۸۲ء میں یہ اخبار انہیں بوجوہ بند کرنا پڑا۔ وہ روزنامہ اقراء سے بھی منسلک رہے۔ جس میں ان کا ویکلی کالم "یادوں کے جھروکے سے" اور محمڈن اسپورٹنگ کی کہانی اپنی زبانی" شائع ہوتے تھے۔ وہ کچھ عرصہ بمبئی کے اخبار "انقلاب" میں بھی کام کرتے رہے۔ ان کا آج تک کوئی مجموعۂ کلام شائع نہیں ہوا۔ "جھنڈگی کا میلہ" ان کی کلکتہ کی مقامی زبان میں ایک تصنیف ہے۔

اختر انصاری، دہلوی



اختر انصاری دہلوی ۳۰ ستمبر ۱۹۰۹ء کو بدایوں میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۲۴ء میں اینگلو عربک ہائی اسکول دہلی سے ہائی اسکول اور ۱۹۳۰ء میں سینٹ اسٹیفنس کالج دہلی سے بی اے پاس کیا اور لندن چلے گئے مگر والد کی وفات کی وجہ سے تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔

۱۹۳۳ء میں انہوں نے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے بی ٹی اور ۱۹۴۷ء میں ایم اے کی ڈگری

حاصل کی۔ ۱۹۴۳ء سے ۱۹۴۷ء کے دوران وہ مسلم یونیورسٹی ہائی اسکول [illegible] استاد اور ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۰ء تک مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے شعبہ اُردو میں لیکچرر رہے۔ ۱۹۵۰ء میں اسی یونیورسٹی کے اساتذہ کی تربیت کے شعبہ میں لیکچرر مامور ہوئے جہاں سے ۱۹۷۱ء میں وہ سبکدوش ہوئے ۱۶ر اکتوبر ۱۹۸۸ء کو مسلم یونیورسٹی کے جواہر لال نہرو میڈیکل کالج میں ۷۹ برس کی عمر میں وفات پائی۔

مطبوعات:۔ شعلہ بجام (شعری مجموعہ) پرطاؤس (شاعری) نغمۂ روح (قطعے غزلیں اور نظمیں ۱۹۳۲ء) آبگینے (قطعات) اہم خوناب (غزلیں) خندۂ سحر (نظمیں) روح عصر (قطعے غزلیں اور نظمیں) ٹیڑھی زمین (قطعات) سرور جاں (غزلیات) اندھی دنیا (افسانے) نازو (افسانے) خونی (افسانے) افادی ادب (تنقید) اہم ایک ادبی ڈائری (تنقید) غزل اور درس غزل (تعلیم) مطالعہ و تنقید (تنقید) حالی اور ایک نیا تنقیدی شعور (تنقید) دہان زخم (شاعری) وقت کی باہوں میں (شاعری) غزل کی سرگذشت تعلیم سماج اور کلچر۔ بادہ شبانہ (انتخاب)



امداد صابری

مشہور صحافی اور سماجی کارکن مولانا امداد صابری کی پیدائش ۱۶ر اکتوبر ۱۹۱۲ء کو چوڑیوالان دہلی میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد انہوں نے ادیب فاضل کا امتحان پاس کیا۔ ۲۸ر جنوری ۱۹۳۶ء کو والد کے انتقال کی وجہ سے ان کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا۔ اس کے بعد وہ ملک کی تحریک آزادی کی سرگرمیوں میں حصہ لیتے رہے حکیم اجمل خاں، مولانا ابو الکلام آزاد اور نیتاجی سبھاش چندر بوس ایسی عظیم المرتبت ہستیوں کے ساتھ انہیں کام کرنے کا فخر حاصل ہوا۔ وہ ۱۹۷۷ء سے ۱۹۸۰ء تک دہلی میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی میئر رہے۔ ۱۳ر اکتوبر ۸۸ء کو دہلی میں وفات ہوئی۔

یوں تو انہوں نے لاتعداد کتابیں لکھیں لیکن صحافت کے میدان میں ایسا گراں قدر کام انجام

میں بڑی مدد دے گا۔ ان کی کچھ
دلچسپ جو آئندہ نسلوں کو اردو صحافت کی تاریخ مرتب کرنے
اہم کتابیں درج ذیل ہیں۔ دہلی کے قدیم مدارس و تدریس تاریخ،
فرنگیوں کا جال، رسول خدا کا دشمنوں سے سلوک، آزاد ہند کا البم، سیرت
تذکرہ شعراء حجاز، نیتا جی سبھاش بابو کی تقریریں، تاریخ آزاد ہند فوج،
حاجی امداد اللہ اور ان کے خلیفہ، تاریخ جرم و سزا (چار جلدیں) تاریخ صحافت
ہند (پانچ جلدیں)، اردو کے اخبار نویس، اردو صحافت علامہ سلیمان ندوی کی
قرآنی غلطیاں وغیرہ۔

جمیل مہدی

ممتاز صحافی اور روزنامہ عزائم لکھنؤ کے بانی جمیل مہدی ۱۹۲۸ میں دیوبند (اتر پردیش) میں
پیدا ہوئے ان کی ذہنی تربیت میں مولانا حسین احمد مدنی اور مولانا عبیداللہ سندھی جیسی قومی شخصیات
کا ہاتھ رہا ان کے والد مہدی حسن صاحب ریشمی رومال تحریک سے وابستہ رہے تھے۔ گذشتہ اٹھارہ
سال سے عزائم لکھنؤ کے مدیر تھے اور اب کچھ عرصہ سے ماہنامہ برہان کے بھی ایڈیٹر رہے۔ عزائم کی
ادارت سے پیشتر وہ بمبئی کے اخبارات و رسائل شاعر اور جمہوریت اور لکھنؤ کے قائد کے ایڈیٹر بھی
رہ چکے تھے۔ ۳ فروری کو انہیں پنڈت پنت انسٹی ٹیوٹ دہلی میں داخل کیا گیا اور پھر عارضۂ قلب
کی وجہ سے ۱۰ فروری کو انہیں رام منوہر لوہیا ہسپتال نئی دہلی میں منتقل کر دیا گیا۔ ۱۳ فروری ۱۹۸۸
کو ان کی وفات ہو گئی اور ان کی میت دیوبند لے جائی گئی جہاں انہیں سپرد خاک کر دیا گیا

جمیلہ ہاشمی

۱۰ جنوری کو نامور ناول نگار
اور ممتاز کہانی کار محترمہ جمیلہ ہاشمی دل کا شدید
دورہ پڑنے سے لاہور میں رحلت فرما گئیں
وہ ابھی دنوں بہاولپور سے لاہور آئی ہوئی
تھیں۔ ان کی میت بہاولپور لے جائی گئی۔
قیام پاکستان کے بعد ہجرت کر کے وہ
لاہور آ گئیں اور انگریزی ادب میں ایم۔اے کی ڈگری لی۔ ۱۹۶۱ء میں ان کی شادی بہاولپور

کی مشہور خانقاہ کے سجادہ نشین اور صوبہ پنجاب کے ایم پی اے جناب سردار احمد اویسی سے ہوئی۔ اٹھارہ سال بعد انہیں بیوگی کا صدمہ بھی سہنا پڑا۔

مرحومہ اعلیٰ پائے کی ناول نگار اور کہانی کار تھیں "تلاش بہاراں" ان کا پہلا ناول تھا جو ۵۵-۱۹۵۴ء کے دوران لکھا گیا ۱۹۶۴ء میں اس کی اشاعت عمل میں آئی۔ اپنی پہلی تخلیق کی بدولت انہیں بڑی شہرت حاصل ہوئی۔ انہیں اس ناول پر آدم جی ادبی انعام بھی ملا تھا۔ اس کے بعد مرحومہ کے متعدد ناول شائع ہوئے جنہیں قبول عام حاصل ہوا۔ ان میں "آتش رفتہ" "چہرہ بہ چہرہ روبرو" اور "دشت ہوس" ایسے ناول ہیں جن کا ہر کردار زندگی کی حقیقتوں کا آئینہ دار ہے۔ اپنی وفات سے قبل موصوفہ اسپین سے متعلق ایک ضخیم ناول لکھنے میں مصروف تھیں مواد کی تلاش میں اور مناظر کے بہ نفس نفیس مشاہدے کے لئے وہ دو مرتبہ اسپین بھی تشریف لے گئی تھیں۔


مرحومہ ایک منفرد مشاق افسانہ نگار بھی تھیں۔ انہوں نے معاشرے کے جیتے جاگتے عوامل کو کہانی کا موضوع بنا کر اس صنف ادب کو خاصی تاب و توانائی عطا کی ہے۔ ان کے افسانوں کے تین مجموعے "اپنا اپنا جہنم" ، "آپ بیتی جگ بیتی" اور "ڈرنگ بھوم" کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ انہوں نے "کیا داغ کیسی بہار" کے نام سے انگریزی فکشن کا ترجمہ بھی کیا تھا۔

جمیلہ ہاشمی نے اردو کے مشہور سہ ماہی جریدے "نیا دور" کراچی میں مسلسل تین سال تک اعلیٰ درجے کے ناولٹ اور افسانے لکھے جنہیں پاک و ہند میں قدر و منزلت کی نظر سے دیکھا گیا۔ مرحومہ اس ادبی رسالے کے ادارتی بورڈ کی ایک فعال رکن بھی تھیں۔ انہوں نے "خواتین سیریز" کے نام سے اُردو کی کلاسیکی کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ اس نوع کے چالیس شمارے شائع ہو چکے تھے وہ ہر سال "شبِ افسانہ" کے نام سے ایسی بزم کا اہتمام کرتی تھیں جس میں طبع زاد افسانے پڑھے جاتے تھے

خان غازی کابلی

شاعر اور سیاسی کارکن خان غازی کابلی کا پیدائشی نام حبیب الرحمٰن تھا۔ وہ لگ بھگ ۱۸۸۵ء میں موضع درائی ضلع خوست پاکتیا افغانستان میں پیدا ہوئے انہوں

نے ۱۹۱۹ء کی رولٹ ایکٹ ایجی ٹیشن میں حصہ لیا، ۱۹۲۱ء کی تحریک ترک موالات، ۱۹۳۰ء کے نمک ستیہ گرہ، ۳۲-۳۳-۱۹۳۴ء سول نافرمانی تحریک، ۱۹۳۹ء میں جنگ کے خلاف احرار ایجی ٹیشن



راما رس چیف ایڈیٹر کنور اسلام دہلی، صاحب حال ماری کال کو نام سپاس پیش کر رہے ہیں

اور ۱۹۴۲ء کی تحریک ہندوستان چھوڑ دو، میں شریک ہوئے۔ ۱۹۱۹ء میں گرفتار ہوئے اور راولپنڈی اور میانوالی کی جیلوں میں ایک سال کی قید و بند کی صعوبت جھیلی۔ ۱۹۲۱ء میں پرنس آف ویلز کی آمد پر ٹیکسلا اور حسن ابدال کے درمیان گرفتار ہوئے اور ایک ماہ بعد رہا کر دیئے گئے۔ ۱۹۲۲ء میں دردنی میران شاہ (لوچی پولیٹکل ایجنسی) میں گرفتار کئے گئے اور ایک سال کی قید عید ک فورٹ، بنوں، ڈیرہ اسمٰعیل خان اور ٹانک کی جیلوں میں کاٹی۔

۱۹۲۵ء میں سیاسی سرگرمیوں کی بنا پر کوئٹہ سے نکالے گئے۔ ۱۹۳۹ء میں روپوش رہ کر احرار تحریک چلاتے رہے۔ تقسیم ملک کے بعد دہلی آگئے اور کچھ عرصہ روزنامہ پرتاپ نئی دہلی سے وابستہ رہے ان کا شمار پختونستان تحریک کے رہنماؤں میں ہوتا تھا۔

۲ر فروری ۱۹۸۸ء کو دہلی کے جے پرکاش نرائن ہسپتال میں وفات ہو گئی جہاں سیڑھیوں سے گرنے پر انہیں داخل کرایا گیا تھا۔

مطبوعات:۔ محمد امین بخاری (۲) حیات بخاری (۳) حیات افضل حق (۴) ظفر علی خان کی گرفتاری (۵) تحریک خدائی خدمتگار۔

شعری مجموعے:۔ جے ہند (۲) خروش عشق اور سرخ پھول۔

خوشتر گرامی

خوشتر گرامی کا ۱۵ر جنوری ۱۹۸۸ء کو سول چند ہسپتال نئی دہلی میں انتقال ہو گیا۔ مرحوم کا اصلی نام رام رکھا مل چڈھا تھا۔ اور انہوں نے ۱۹۲۴ء میں لاہور سے ماہنامہ بیسویں صدی کا اجرا کیا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد پہلے چوڑی والان دہلی سے اور بعد ازاں دریا گنج دہلی سے اسے نکالتے رہے۔ صحت کی خرابی کی بنا پر انہوں نے اس مشہور و معروف جریدے کو فروخت کر دیا۔ ادبی

میں سکونت اختیار کرلی۔ وہ آل انڈیا
نیوز پیپرز ایڈیٹرز کانفرنس کی اسٹینڈنگ
کمیٹی کے بھی رکن رہے اور آل پارٹی اُردو
کانفرنس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔ ان کے
تیرونشتر اور کارٹونوں کا منفرد انداز تھا اور
ان کے لیے وہ ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔

دینا ناتھ نادم

دینا ناتھ نادم ۱۶ر مارچ ۱۹۱۶ء کو سری نگر میں پیدا ہوئے۔ بی اے بی ٹی تک تعلیم پائی اور درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا وہ ایل ایم ہائر اسکنڈری اسکول سری نگر کے پرنسپل بھی رہے۔



۱۹۵۷-۶۳ء میں وہ جموں و کشمیر لیجسلیٹو کونسل کے ممبر بھی رہے۔
۱۹۶۱-۶۵ء میں وہ کشمیر نیشنل تھیٹر کے چیرمین رہے اور ۱۹۷۰ء میں انہیں سوویت لینڈ ایوارڈ عطا کیا گیا۔ ۱۹۸۸ء میں ان کا جموں میں انتقال ہوگیا۔
کشمیری مطبوعات (ہا مبور ٹو امبورزال اور رحال لڑ بنوگی

رئیس امروہوی

۱۲ر ستمبر ۱۹۱۴ء کو امروہہ میں پیدا ہوئے۔ پانچ سال کی عمر سے ۱۹۳۰ء تک اپنے ہی گھر پر اپنے چچازاد بھائی کمال امروہوی (مشہور ڈائرکٹر اور ادیب) کے ساتھ مختلف اساتذ سے اُردو فارسی اور عربی زبان میں تعلیم حاصل کرتے رہے۔ انگریزی بطور خود پڑھی



جو بعد ازاں صحافتی زندگی میں کام آئی۔ دس
برس کی عمر سے شاعری میں دلچسپی لینے لگے
اور بقول ان کے ۹ تک ہندی شروع کر
دی۔ ۱۹۳۱ء سے ان کا کلام روزنامہ اسد،
روزنامہ، سرفراز، لکھنؤ ہفت روزہ جماعت
اسلام، لاہور وغیرہ میں چھپنے لگا۔ اسی زمانہ

میں امروہہ سے حیات امروہوی نے حیات نامی رسالہ جاری کیا جس میں وہ خوب چھپے۔ ۱۹۴۳ء میں امروہہ ہی سے مولانا منصور حسین نجم نے رسالہ ادراک نکالا تو اس میں بھی طبع آزمائی کرتے رہے۔ ۱۹۴۰ء سے بطور پیشہ لکھنا شروع کیا۔ تقسیم ملک کے بعد ہجرت کرکے کراچی چلے گئے ــــــ اور روزنامہ جنگ سے وابستہ ہوگئے اور باقاعدگی سے ایک قطعہ روزانہ لکھتے رہے۔ اُن کے اخباری قطعات کی تعداد کئی ہزار ہوگی۔ ان کی غزلوں، نظموں، مثنویوں تاریخ وفات و پیدائش، سہروں اور دیگر فرمائشی نظموں کی تعداد کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔

۲۲ ستمبر ۱۹۸۸ء کو کراچی میں ان کی قیام گاہ پر انہیں کسی نے قتل کردیا۔

انہوں نے مثنوی لالہ صحرا، حسین اور حسینیت الف، پس غبار، خبرنامہ، اچھے مرزا وغیرہ متعدد کتابیں لکھیں۔

صالحہ عابد حسین



خاندانی نام: مصداق فاطمہ

والد کا نام: خواجہ غلام الثقلین

والدہ کا نام: مشتاق فاطمہ

شوہر کا نام: ڈاکٹر عابد حسین

مقام پیدائش: پانی پت

تاریخ پیدائش: ۱۸ اگست ۱۹۱۳ء، سرٹیفکٹ میں ۱۵ ستمبر ۱۹۱۳ء

وفات۔ ۸ جنوری ۱۹۸۹ء جامعہ نگر نئی دہلی

پہلی مطبوعہ کہانی۔ لمبی داڑھی والا بوڑھا پوپ

مطبوعات: ناول (۱) عذرا (۲) آتش خاموش (۳) قطرے سے گہر ہونے تک (۴) یادوں کے چراغ (۵) الجھی ڈور (۶) راہ عمل (۷) اپنی اپنی صلیب (۸) ساتواں آنگن (۹) گوری سوئے سیج پر۔

افسانے (۱) ساز ہستی (۲) نرنگے (۳) نقش اول (۴) تین چہرے تین آوازیں بزاماں یلی

اُس ادبی کتب: (۱) یادگارِ حالی (۲) ذکرِ جمیل (۳) ادبی جھلکیاں (۴) انیس سے تعارف (۵) انتخاب مراثی انیس (۶) بات چیت (۷) خواتین کربلا۔ کلام انیس کے آئینے میں

ڈرامے: (۱) امتحان (۲) عفت (۳) زندگی کے کھیل

سفرنامہ: رہ نوردِ شوق

خودنوشت: سلسلہ روز و شب

تراجم: (۱) باپو (۲) کثرت میں وحدت (گاندھی جی) (۳) بڑا پاپی (۴) ہیم کماری۔

دیگر بچوں اور نو سکھئے بالغوں کے لئے: جادو کا ہرن (۲) سندر چنار (۳) بہادر سندر (۴) سنہری بالوں والے بچوں کا دیش (۵) الطاف حسین حالی (۶) بھولی (۷) بچوں کے چار بزرگ دوست (۸) ایک دلیش ایک خون۔

دیگر (۱) بچوں کے انیس (۲) مہاکوی انیس (۳) پریم اور سیوا کی جیت (۴) جانے والوں کی یاد آتی ہے (۵) سلک گہر (۶) ہندی انتخاب مراثی انیس بمعہ فرہنگ

طالب چکوالی

منوہر لال کپور ولد لالہ بالمکند کپور ۱۲ مئی ۱۹۰۰ء کو چکوال ضلع جہلم (پاکستان) کے ایک متمول زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ والدین کا بچپن ہی میں انتقال ہو گیا تھا لہذا ان کی پرورش ان کے دادا رئیس اعظم



لالہ ایشر داس کپور نے کی۔ ۱۹۱۷ء میں ڈی بی ہائی اسکول چکوال سے میٹرک، ۱۹۲۱ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے اور ۱۹۲۳ء میں کالج لاہور سے ایل ایل بی پاس کیا۔

۱۹۲۳ء سے ۱۹۳۶ء تک چکوال میں وکالت کرتے رہے ۱۹۳۶ء سے ۱۹۴۷ء تک راولپنڈی میں پتھری کوئلہ کا ہول سیل کاروبار کرتے رہے۔ تقسیم ملک کے بعد ہجرت کر کے دہلی میں آئے اور نارتھ لینڈ انڈسٹریز سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۹۷۹ء میں اس سے الگ ہو گئے۔

۲۴ر دسمبر ۱۹۸۸ کو دہلی میں وفات ہوئی۔
مطبوعات: الزام حقیقت ۱۹۲۹ برگ سبز (۱۹۸۰ء) فوجی کی محبوبہ (ناول ۱۹۳۸ء) ملک اور نوکر (ناول) مور پنکھ (انشائیے) میری یادیں (۱۹۸۶ء)۔

عمیق حنفی



عمیق حنفی کا نام محمد عبدالعزیز تھا۔ وہ ۲ر نومبر ۱۹۲۸ء (ریکارڈ میں ۱۹۲۹ء) کو مہو اُولی مدھیہ پردیش میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۳ء میں ہائی اسکول ۱۹۴۸ء میں انٹرمیڈیٹ اور ۱۹۵۰ء میں دیواس سے بی۔ اے پاس کیا ۱۹۵۲ء میں انہوں نے سیاسیات میں اور ۱۹۵۴ء میں تاریخ میں ایم اے کی ڈگری حاصل کی اکتوبر ۱۹۵۲ء میں شاعری کی شروعات کی ۱۹۵۶ء میں آل انڈیا ریڈیو بھوپال سے وابستہ ہوئے ۱۹۶۹ء میں بحیثیت پروگرام ایگزیکیٹو آن کا دہلی میں تقرر ہوا۔ ۱۹۷۷ء میں ترقی پاکر اسسٹنٹ ڈائرکٹر ہو گئے۔ ۳۰ر نومبر ۱۹۸۷ء کو ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔

۱۳ر اگست ۱۹۸۸ء کو اچانک حرکت قلب بند ہو جانے سے نئی دہلی میں وفات ہوگئی۔

مطبوعات:۔ سنگ پیراہن (شعری مجموعہ ۵۸) سند باد (طویل نظم ۶۴) شب گشت (شعری مجموعہ ۶۹) سلسلۃ الجرس (طویل نظم ۷۱) شجر صدا (انتخاب ۷۵) شہر چیزے دیگر ست (نظمیں ۸۳)

ہندی تصانیف:۔ سانسوں کا سنگیت ۵۶، آئینے کا کورس ۱۹۷۹ء، ناٹک استاد رجب علی خاں ۸۲،۔

انہیں اتر پردیش ہندی سنستھان سے تین ہزار روپے، اتر پردیش اُردو اکادمی سے ڈیڑھ ہزار اور مدھیہ پردیش اُردو اکادمی سے پانچ ہزار کا ایوارڈ ملا تھا۔ مدھیہ پردیش سرکار نے بس از مرگ پچاس ہزار روپے پر مشتمل شکھر سمان سے نوازا

قمر اقبال

اورنگ آباد کی نئی نسل کے شعرا میں قمر اقبال کا نام نمایاں تھا۔ اور ان کا پہلا مجموعہ کلام "تتلیاں" کے نام سے چھپا تھا جو تین سطری نظموں (ثلاثی، تثلیث، مثلث پر مشتمل تھا۔ جو ایک طرح سے جاپانی ہائیکو کا جواب ہے۔ انہوں نے بعض نہایت عمدہ تثلیثیں لکھیں جو قاری کے دل و ذہن پر گہرا اثر چھوڑتی ہیں جیسے:



قمر اقبال

کھوئی کھوئی اداس لگتی ہے
ڈھونڈتی ہے ندی سمندر کو
جب کبھی اس کو پیاس لگتی ہے

●

یاد ہے وہ فساد کا منظر
رو رہی تھی گلی میں اک بچی
اپنی گڑیا کو گود میں لے کر

قمر اقبال نظم نگاری کی اعلیٰ صلاحیت رکھتے تھے۔ اس کا اندازہ کتابوں میں جو لکھا ہے، رو برو، ان کہی، جیسی نظموں سے لگایا جاسکتا ہے۔ اور پھر غزل سے ان کی رغبت بڑھ گئی۔ قمر اقبال کا دوسرا مجموعہ کلام "موسم کا شہر" تمام تر غزلوں پر مشتمل ہے۔ ان کی غزلوں میں عصری احساس کے ساتھ ان کا اپنا مزاج بھی جھلکتا ہے۔ غزلوں کے افق پر جو نئے نام ابھرے اُن میں قمر اقبال کا نام نمایاں ہے۔ قمر اقبال کو غزل میں اظہار کے نئے امکانات تلاش کرنے اور اپنی انفرادی شناخت پیدا کرنے کی جو لگن تھی۔ اس کا اندازہ ان اشعار سے ہوتا ہے۔

کون خوابوں سے بچے رات کے ویرانے میں — ان چٹانوں سے ہر اک شخص نے سر پھوڑا ہے
ستارے ٹوٹ کے مٹی میں سر چھپاتے ہیں — ابھی زمین سے رشتہ ہے آسمانوں کا
بچوں کی طرح پانی میں مہتاب دیکھئے — اک عمر کٹ گئی ہے یہاں خواب دیکھتے
خودکشی چپکے سے کرنے نہیں دیتے مجھ کو — چند چہرے ہیں جو مرنے نہیں دیتے مجھ کو
پھولوں میں چاندنی میں گھٹاؤں میں کچھ نہیں — موسم تو آنکھوں میں ہے فضاؤں میں کچھ نہیں

مجنوں گورکھپوری

مجنوں گورکھپوری کا نام احمد صدیق تھا۔ وہ ۱۰ رمئی ۱۹۰۴ء کو گورکھپور (اتر پردیش) میں پیدا ہوئے۔ اُن کا آبائی وطن ملکہ جوت عرف پلاہ تحصیل خلیل آباد ضلع بستی (اتر پردیش) تھا۔ چودہ برس کی عمر تک انہوں نے یہیں تعلیم پائی۔ پھر انگریزی تعلیم کے لئے گورکھپور آگئے۔ انہوں نے دس بارہ برس کی عمر میں شاعری کی ابتدا کی۔



۱۹۱۹ء سے ۱۹۳۰ء تک باقاعدہ مشاعروں میں شرکت کرتے رہے پھر شرکت کرنا چھوڑ دیا۔ ۱۹۳۴ء میں آگرہ یونیورسٹی سے ایم اے انگریزی ادبیات میں اور ۱۹۳۶ء میں لکھنؤ یونیورسٹی سے اردو میں ایم اے کیا۔ ۱۹۳۲ء سے ۱۹۵۸ء تک گورکھپور کے دو مختلف کالجوں میں انگریزی کے استاد رہے۔ اس کے بعد دس سال تک تاریخ ادب اُردو کے معاون ڈائرکٹر اور شعبۂ اردو کے ریڈر رہے۔

۲۱-۱۹۲۰ء میں مجنوں صاحب نے امریکن شاعر والٹ وھٹمن اور ٹیگور سے متاثر ہوکر کچھ تحریریں لکھی تھیں۔ ٹیگور کے منظومات "باغبان" سے بھی کچھ تراجم انہی برسوں میں کئے۔ "مسیح فلسطین" کے عنوان سے انہوں نے ۲۱-۱۹۲۰ء میں تاریخ یہود کے لکھنے کا آغاز کیا۔ اس کی صرف دو قسطیں رسالہ "سہان" گورکھپور میں شائع ہوئیں۔ اسی طرح "نقیب" بدایوں کے ۱۹۲۱ء کے کسی شمارے میں "رونے والے فلسفی" کے عنوان سے مشہور یونانی فلسفی ہرقلیطوس پر اپنا پہلا مضمون تحریر کیا۔

نیاز فتحپوری کے افسانے "شہاب کی سرگذشت" کی اشاعت کے بعد مہدی افادی کی صاحبزادی کے چیلنج پر مجنوں صاحب نے اپنا پہلا افسانہ "زیدی کا حشر" ۱۹۲۵ء کے لگ بھگ تحریر کیا۔ اور یوں مجنوں صاحب کی افسانہ نگاری کا آغاز ہوا۔ جس کی یادگار ساٹھ افسانوی مجموعے ہیں۔ ۱۹۳۰ء میں ایوان اشاعت قائم کیا اور ۱۹۳۱ء میں ذاتی ادبی

رسالے "ایوان" کا اجرا گورکھپور سے کیا۔

۱۹۲۷ء میں مجنوں صاحب نے رسالہ "جن" کے ابتدائی چار شمارے مرتب کر کے نیاز فتحپوری کو دے دیئے اس رسالے کے لئے انہوں نے علوم باطن و روحانی کی بنیاد پر اپنے مشہور افسانے "سمن پوش" اور "حسن شاہ" وغیرہ لکھے تھے۔ مگر یہ رسالہ عملی شکل اختیار نہ کر سکا۔ مذکورہ افسانے بعد میں "نگار" لکھنؤ میں ہی شائع ہوئے۔

۱۹۲۷ء میں "من درچہ خیالم فلک درچہ خیالی"، "بازگشت"، اور "سراب" نامی طویل انگریزی ناول نگار ٹامس ہارڈی سے متاثر ہو کر تحریر کئے۔ ۱۹۳۵ء کے دوران "قسمت کا پانسہ"، "سوگوارِ شباب"، "سرنوشت"، اور "محبت کی فریب کاریاں"، کے عنوانات سے ناولٹ لکھے۔

پہلا ادبی تنقیدی مضمون مجنوں صاحب نے "مثنوی زہر عشق"، پر ۱۹۳۰ء میں لکھا۔ یہ مثنوی ان کے ذاتی اشاعتی ادارہ "ایوان اشاعت"، گورکھپور سے ان کے مضمون کے ساتھ شائع ہوئی انہوں نے مشتاق کے فرضی نام سے بھی لکھا ہے۔ چنانچہ غنیمت کنجاہی کی مشہور فارسی مثنوی "نیرنگ عشق" پر ایک طویل تنقیدی مضمون رسالہ ایوان گورکھپور میں اسی نام سے شائع ہوا تھا۔

۱۹۶۸ء میں وہ ہجرت کر کے پاکستان چلے گئے اور ۱۹۷۸ء تک کراچی یونیورسٹی میں اعزازی پروفیسر رہے۔

۴؍ جون ۱۹۸۸ء کو کراچی میں ان کی وفات ہو گئی۔

مجنوں گورکھپوری کی تصانیف

(تنقید و فلسفہ) شوپنہار، نکاتِ مجنوں، تاریخ جمالیات، شعر و غزل، افسانہ، دوش فردا، ادب اور زندگی، پردیسی کے خطوط ؁۱، اقبال، پردیسی کے خطوط ؁۲، تنقیدی حاشیے، غزل سرا، نقوش و افکار، غالب، شخص اور شاعر۔

(افسانوی مجموعے)

خواب و خیال، سمن پوش،

گردش، صیدِ زبوں

• تلاش جوہر • سرنوشت • جہان آخر (افغانستانی) • گلگا شمر (چیخوف)
• محبت کے فسانے • سراب • قابیل (بائرن) • افسون حیات (ٹالسٹائی)
• سوکھ کر شباب • زندگی کا سفر

تالیف

ترجمہ

ریم عشق (ناول ہنری جیمز) حسن فطرت (جیوفری چاسر)


• سوتی (آسکر وائلڈ) • مریم مجدلیہ (میٹر لنک)
• ... (موپساں) • عظیم ... جیسی (ہندوستانی کہانیاں)

ارمغان مجنوں حصہ اوّل،
ارمغان مجنوں حصہ دوئم

وقار انبالوی

ممتاز و مشہور صحافی کالم نگار شاعر اور ادیب وقار انبالوی کا پاکستان میں اپنے گاؤں میں جون میں ۹۲ برس کی عمر میں انتقال ہو گیا۔ مرحوم کو غیر منقسم برصغیر میں بھی بڑی شہرت حاصل تھی۔ انہوں نے اپنی صحافتی زندگی کا آغاز مولانا ظفر علی خاں کے روزنامہ زمیندار میں بطور رپورٹر کیا۔

وہ ایک عرصہ تک نوائے وقت میں قطعات اور سر راہے جیسا مقبول کالم لکھتے رہے تھے۔ اور اردو صحافت کو انہوں نے اپنی گوناگوں صلاحیتوں سے مالا مال کیا تھا۔



ہماری مطبوعات

مکتی ترسل	(ناول)	ہنسراج رہبر	قیمت ۳۰/- روپے
یادوں کے کھنڈر	(ناول)	نند کشور وکرم	قیمت ۳۰/- روپے
پدمنی	(مثنوی)	ششر فتحپوری	قیمت ۳۰/- روپے
جلوۂ صد رنگ	(مثنوی)	عبدالمجید تبسم	قیمت ۲۴/- روپے
کیکٹس کا صحرا	(افسانوں کا مجموعہ)	دیویندر اسر	قیمت ۳۰/- روپے
شعلۂ احساس	(شعری مجموعہ)	ڈاکٹر کرشن مراری	قیمت ۲۶/- روپے
نئی دنیا نیا آدم	(مثنویاں)	ششر فتحپوری	قیمت ۲۲/- روپے
فردا	(شعری مجموعہ)	ششر فتحپوری	قیمت ۲۶/- روپے
حرف حرف	(شاعری)	شرر سیتاپوری	قیمت ۲۴/- روپے
منتخب افسانے ۱۹۸۲		نند کشور وکرم	قیمت ۳۰/- روپے
اردو ۱۹۸۳ء		نند کشور وکرم	قیمت ۸۰/- روپے
منتخب افسانے ۸۵-۱۹۸۴		نند کشور وکرم	قیمت ۴۰/- روپے
مستقبل کے روبرو		دیویندر اسر	قیمت ۴۰/- روپے
گیانی ذیل سنگھ	(سوانح)	سریندر سنگھ جوہر	قیمت ۸۰/- روپے
عالمی اردو ادب ۱۹۸۶		نند کشور وکرم	قیمت ۸۰/- روپے
منتخب افسانے ۸۷-۱۹۸۶		نند کشور وکرم	قیمت ۴۰/- روپے
عالمی اردو ادب ۸۸-۱۹۸۷		نند کشور وکرم	قیمت ۸۰/- روپے
خوشبو بن کے لوٹیں گے	(ناول)	دیویندر اسر	قیمت ۳۰/- روپے

پبلشرز اینڈ ایڈورٹائزرز

بی-۶ کرشن نگر، دہلی ۱۱۰۰۵۱

نوید جیلانی

مولانا عبدالواحد سندھی

کچھ یادیں ۔ کچھ باتیں

نئے سال کا پہلا ہفتہ ہے ـــــ ۸۸ ہمارا نیا سال ـ جنوری نئے سال کا پہلا مہینا ـــ ۳ جنوری کی رات آئی تو مولانا عبدالواحد سندھی صاحب ہم سے بچھڑ گئے ـــ ایک دور اور ختم ہوا۔ علم و ادب کا ایک چراغ اور بجھ گیا۔ وہ جو تمام عمر علم و ادب کے لیے جدوجہد کرتا رہا وہ ہم سے بچھڑ گیا۔ ماضی قریب سے لے کر موجودہ دور تک سرزمین سندھ میں جن مشاہیر کو شہرت ملی ان میں عبیداللہ سندھی، شیخ عبدالمجید سندھی اور عبدالواحد سندھی شامل ہیں۔ عبیداللہ سندھی اور شیخ عبدالمجید سندھی نے جہاں سندھ کی تاریخ، سماجی اور سیاسی زندگی کے افق پر گہرے نقوش ثبت کیے، وہاں عبدالواحد سندھی نے سندھی اور اردو ادب و ثقافت میں نمایاں کارنامے انجام دیے۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ عبیداللہ سندھی اور شیخ عبدالمجید سندھی نومسلم تھے اور عبدالواحد سندھی کا خاندان اندر تک ہندو مت سے تعلق رکھتا تھا لیکن عبدالواحد سندھی کے آباؤاجداد مسلمان ہو گئے تھے۔

وقت کے بے لگام گھوڑے اسی آگہی کی جانب دوڑتے ہیں ـــ ذرا ایک لمحے کو پیچھے دیکھیں، سوچیں ـــ احساس ہوتا ہے کہ ایک طویل عرصہ لمحے بھر میں جست لگا کر آگے بڑھ گیا ہے یہ ۱۹۵۹ء ہے، سندھی صاحب کو جب میں نے پہلی بار دیکھا تھا وہ اپنے بیٹے آصف جیلانی کی شادی کے سلسلے میں تشریف لائے تھے۔ میں دسویں کلاس کا طالب علم تھا۔ ادیبوں اور مدیروں کا بہت ہی رعب تھا۔ سندھی صاحب میرے خالو تھے۔ مجھے معلوم تھا کہ وہ پاکستان کے ایک سندھی رسالے کے ایڈیٹر ہیں۔ بہت سی کتابوں کے مصنف بھی، ملنے کی آرزو تھی ـــ مہمانوں میں ایک صاحب دبلے پتلے، آنکھوں پر عینک لگائے، ہاتھ میں بیگ اٹھائے شیروانی اور پاجامے میں ملبوس داخل ہوئے۔ میری نگاہیں اس مدیر کو تلاش کر رہی تھیں جو سندھی ادب کے ایک رسالے کا مدیر تھا ـــ رعب دار۔ معلوم ہوا یہی عبدالواحد سندھی ہیں ایک لمحے کو میں نے سوچا ـــ مدیر ایسے ہوتے ہیں، تعارف ہوا ـــ دھیما لہجہ ـــ بچوں جیسی معصومیت، بات بات پر ہنسی اور ایسا کہنا۔ جیسے ان کی اپنی کوئی رائے ہی نہ ہو۔ ایسا معصوم انسان زندگی میں پہلی بار دیکھا اور آج تک ویسے انسان کی تلاش ہے۔

اس بھری دنیا میں یقیناً بے شمار انسان اور بھی معصوم ضرور ہوں گے، لیکن سندھی صاحب

سے جو لوگ واقف ہیں وہ یقیناً میری بات کی گواہی دیں گے۔ اتنے شریف، نیک، معصوم آدمی اس دنیا میں ناپید نہیں، کم ہی ہوں گے اور اگر ہوں گے تو وہ کسی اخبار یا رسالے کے اڈیٹر یا ایسے اچھی کتابوں کے مصنف نہیں ہوں گے، کیونکہ ادیب اور مدیر جب تک اچھا بن ہی نہیں سکتا جب تک وہ خود سادہ سا نہ ہو، تجربہ کار نہ ہو۔ اچھے اور برے کا تجزیہ نہ کر سکتا ہو لیکن سندھی صاحب کامیاب مدیر بھی تھے اور بڑے ادیب بھی ــــ زندگی میں، میں نے کبھی انھیں کسی کی برائی کرتے نہیں سنا۔ وہ سب کی تعریف کرتے تھے، حوصلہ بڑھاتے تھے اور اپنے کام میں مگن رہتے تھے۔ شاید یہی ان کی کامیاب زندگی کا گُر تھا۔

۱۹۶۴ء میں، میں پاکستان چلا آیا۔ حیدرآباد سندھ میں اپنے بڑے بہنوئی محفوظ الحق صاحب کے پاس رہتا تھا۔ ریڈیو پر پروگرام بھی کرتا تھا اور ساتھ ہی ساتھ تعلیم بھی جاری تھی سندھی صاحب اکثر حیدرآباد آتے جاتے رہتے۔ سندھی ادیبوں سے میرا تعارف کراتے، آگے بڑھنے کی ترغیب دیتے۔ تقریباً آٹھ سال حیدرآباد سندھ میں رہنے کے بعد میں ایک فلم کے سلسلے میں کراچی چلا آیا۔ تو سندھی صاحب کو اور قریب سے دیکھنے کا موقع ملا۔ کئی بار "نئی زندگی" کے دفتر بھی جانا ہوا اکثر یہی دیکھا کہ آفس میں جو لڑکے کلرک ہوتے تھے وہ غائب ہیں اور سندھی صاحب اپنی میز سے اٹھ اٹھ کر ان کی میزوں پر جاتے اور کچھ کام کرتے، پھر واپس اپنی میز پر آ بیٹھتے ایک دن میں نے پوچھا، یہ سب لوگ کہاں جاتے ہیں، بڑی معصومیت سے فرمایا۔ ہمارے طالب علم ہیں۔ پڑھتے ہیں۔ یہ سندھی صاحب کا معمول تھا کہ دوسروں کو آگے بڑھانے کے لیے ان کے کاموں کا بوجھ بھی اپنے سر لے لیتے۔ جہاں تک ہوتا مدد کرتے، دفتر سے گھر آتے تو بیٹھک میں بے انتہا مصروف ہوتے۔ رسالے کے پروف بھی خود ہی پڑھتے ــــ پریس کے چکر بھی کاٹتے غرض صبح نماز پڑھ کر جو مصروف ہوتے تو رات ایک بجے تک رسالے کا کام کرتے رہتے۔ ریڈیو سننے کا شوق تھا، جتنی دیر کام کرتے ریڈیو کھلا رہتا۔ چائے پینے کے بھی بڑے شوقین تھے چار پانچ چمچے چینی پیتے ــــ کام کے ساتھ ساتھ بچوں کا بھی بہت خیال رکھتے۔ میری خالہ بڑے حوصلے والی خاتون ہیں۔ گھر انھوں نے سنبھال رکھا تھا اس طرح سندھی صاحب گھر کی جانب سے بے فکر تھے ــــ آٹے دال کا بھاؤ انھیں بالکل معلوم نہ تھا۔ ان دنوں سندھی صاحب پاکستان کوارٹرز میں رہتے تھے ان کے ساتھ میں تقریباً چار پانچ سال رہا ــــ میں حیدرآباد سے کراچی منتقل ہو گیا تھا۔ فلم فلاپ ہو چکی تھی ــــ بے روزگاری کے دن تھے ــــ دن بھر دفتروں کے چکر کاٹتا کبھی کبھار ریڈیو ڈراما نشر ہو جاتا تو چالیس پچاس روپے کا چیک مل جاتا، ایک دن سندھی صاحب مجھے پیر علی محمد راشدی صاحب کے پاس لے گئے۔ صبح کا وقت تھا۔ راشدی صاحب ناشتہ کر رہے تھے، بڑی محبت سے ملے۔ بیگم راشدی بھی میز پر موجود تھیں ــــ سندھی صاحب نے میرا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ یہ آصف جیلانی کے برادر نسبتی ہیں لکھنے کا شوق ہے کئی کتابیں چھپ چکی ہیں ان کے لیے کچھ کیجیے۔ راشدی صاحب موڈ میں تھے، بولے سندھی صاحب ایک مہاجر عورت سے تم نے شادی کی بھلا ہم کیا کر سکتے ہیں ــــ؟ [illegible]

بڑی عجیب کیفیت ہوئی۔ بڑا عجیب سا ظاہیر علی محمد راشدی صاحب کے منہ سے یہ سب سُن کر ـــ بیگم راشدی نے اس لیے بات کو سنبھالا ـ مجھ سے مخاطب ہو کر بولیں، بیٹا، برا نہ ماننا۔ راشدی صاحب کا سندھی صاحب سے مذاق ہے پھر سندھی صاحب سے گویا ہوئیں، سندھی صاحب اب آپ بھی راشدی صاحب سے پوچھیے کہ انھوں نے ایک بنگالن سے شادی کیوں کی۔ وہ بات مذاق میں شروع ہوئی تھی مذاق ہی میں ختم ہو گئی۔ سندھی صاحب گھر آئے اور مجھے الگ لے ہی لے گئے ـــ جیب سے چیک بک نکالی اور پچاس روپے کا چیک مجھے دیتے ہوئے بولے، یہ رکھ لیجیے اور جب تک آپ کو سروس نہیں مل جاتی میں ہر ماہ جیسے آپ کو دیتا رہوں گا ـــ اس لیے میں جذباتی ہو گیا۔ یہ کیسی محبت تھی ـــ سندھی صاحب نے کتنی معصومیت سے یہ سب کہا تھا ـــ میں نے شکریہ ادا کرتے ہوئے ان سے کہا ـــ آپ کی محبت ـــ آپ کی انسان دوستی مجھے ہمیشہ یاد رہے گی ـ اگر مجھے پیسوں کی ضرورت ہوتی میں یقیناً آپ ہی سے مانگ لیتا اور جب بھی ضرورت ہوئی تو آپ ہی سے تو لوں گا ـــ بڑی مشکل سے انھوں نے چیک واپس لیا۔ مجھے تنہائی میں چیک دینے کا ان کا یقیناً یہ مطلب نہیں تھا کہ وہ میری گھر کے افراد سے چھپا کر مدد کرنا چاہتے تھے، بلکہ وہ گھر کے لوگوں کے سامنے میری انا کو ٹھیس نہیں پہنچانا چاہتے تھے۔ کسی کی مدد کرنا اور پھر بھول جانا ان کی پرانی عادت تھی۔

مولانا عبدالواحد سندھی صاحب سندھ کے ایک گاؤں ہالے جی شریف میں پیدا ہوئے وہ سندھ کے ایک قدیم خاندان "اندھڑ" کے چشم و چراغ تھے۔ ان کے والد کا نام وارث ڈنے تھا۔ ۹ سال کی عمر میں یتیم ہو گئے ان کے قریبی رشتے دار مولانا حماد اللہ ٹھیری صاحب انھیں اپنے گھر لے آئے اور سندھی صاحب کو ٹھیری کے ایک مدرسے میں داخل کر دیا۔ وہیں سندھی صاحب نے دینی تعلیم حاصل کی۔ ایک دن ان کے ہاتھ ایک اخبار لگا جس میں جامعہ ملیہ علی گڑھ کے بارے میں تفصیلی مضمون شائع ہوا تھا۔ سندھی صاحب نے اس مضمون کو دلچسپی کے ساتھ پڑھا اور اپنے ایک بزرگ حاجی نور محمد صاحب سے مشورہ کیا۔ حاجی نور محمد صاحب بڑے شفیق بزرگ تھے انھوں نے سندھی صاحب کو مشورہ دیا کہ وہ یہاں سے چلے جائیں یہی نہیں بلکہ سندھی صاحب کے جانے کے مکمل انتظامات بھی انھوں نے خود اپنی جیب سے کیے۔

یوں سندھی صاحب جامعہ ملیہ علی گڑھ میں جا پہنچے۔ علی گڑھ کے اس تعلیمی ماحول نے انھیں بہت متاثر کیا۔ سندھی صاحب نے محسوس کیا کہ اس درس گاہ میں تو سندھ کے اور طالب علموں کو بھی آنا چاہیے چنانچہ سندھی صاحب نے علی گڑھ سے سیٹھ عبداللہ ہارون صاحب کو جامعہ ملیہ کے بارے میں ایک خط تحریر کیا اور عبداللہ ہارون صاحب سے گزارش کی کہ وہ اس درس گاہ کے لیے کچھ کریں۔ جناب عبداللہ ہارون صاحب ایک روشن خیال انسان تھے۔ اردو سے شدید محبت کرتے تھے انھوں نے عبدالواحد سندھی صاحب کو لکھا کہ وہ جامعہ ملیہ علی گڑھ کے بارے میں ایک مقالہ تیار کر کے انھیں بھجوا دیں۔ چنانچہ سندھی صاحب نے جامعہ کے شب و روز وہاں کی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں ایک مقالہ لکھ کر عبداللہ ہارون صاحب کی خدمت میں

پیش کیا۔ عبدالشہار رون صاحب نے اس خاکے کا مطالعہ فرمایا اور بہت سے طالب علموں کو سندھ سے اپنے خرچ پر جامعہ ملیہ میں داخل کرایا اور جامعہ ملیہ کی مالی امداد بھی فرمائی۔

کچھ دنوں بعد جامعہ ملیہ علی گڑھ سے دہلی منتقل ہو گئی، چنانچہ سندھی صاحب بھی دہلی چلے آئے۔ ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈاکٹر محمود حسین، پروفیسر مجیب صاحب اور ڈاکٹر انصاری صاحب ڈاکٹر سید عابد حسین جامعہ ملیہ اسلامیہ کے روح رواں تھے۔ سندھی صاحب کے کردار و گفتار پر ان ہی لوگوں کی شخصیت کی گہری چھاپ تھی۔ سندھی صاحب اپنی زندگی میں ان ہی لوگوں کا ذکر خیر اکثر کیا کرتے۔ ۱۹۳۳ء میں ذاکر صاحب ہی کے مشورے پر انھوں نے میری خالہ بیگم نور فاطمہ سے شادی کی۔ شادی کے وقت سندھی صاحب کی عمر ۲۸ سال تھی۔ شادی کے فوراً بعد ذاکر صاحب جو امیر جامعہ تھے انھوں نے سندھی صاحب کو موگا انسٹی ٹیوٹ ٹریننگ کے لیے بھجوایا۔ اس زمانے میں "موگا" ایک مثالی درسگاہ تھی۔ جہاں پر جدید طریقوں سے تعلیم دینے پر زور دیا جاتا تھا۔ سندھی صاحب نے وہاں تین سال تربیت حاصل کی اور پھر جامعہ ملیہ میں انگریز بچوں کو تعلیم دینے لگے یہ درس و تدریس کا سلسلہ اس وقت تک جاری رہا جب پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک آزاد مملکت کی حیثیت سے طلوع ہوا۔ سندھی صاحب پاکستان چلے آئے۔ کچھ دن لاہور میں رہے پھر تقریباً تین سال بہاولپور میں رہے اور آخر کار سکھر ہوتے ہوئے کراچی میں سکونت اختیار کی۔ ۱۹۵۰ء میں حکومت پاکستان نے ایک سندھی جریدہ "نئی زندگی" جاری کیا۔ سندھی صاحب اس کے مدیر ہو گئے اور تقریباً بیس سال نئی زندگی کے مدیر رہے۔ یہ بیس سال سندھی ادب و سندھی صحافت کے سنہری دور ہیں۔ اس عرصہ میں عبدالواحد سندھی نے نئی زندگی کے کئی خاص نمبر شائع کیے جن میں شاہ عبداللطیف بھٹائی رح نمبر، سچل سرمست نمبر اپنی مثال آپ ہیں۔ انھوں نے نئے لکھنے والوں جس میں سندھی کی افسانہ نگار و شاعرات جو آج کل مشہور و مقبول ہیں، انھیں متعارف کرایا۔ وہ صحافت کو ایک مقدس فریضہ سمجھ کر انجام دیتے تھے غالباً یہی وجہ ہے کہ آج کل "نئی زندگی" کے مقالات سندھی ادب ایم اے طلبہ کے لیے حوالوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔

جناب عبدالواحد سندھی صاحب کو بچوں سے خصوصی لگاؤ تھا یہی وجہ ہے کہ انھوں نے بچوں کے لیے تقریباً ۵۰ کتابیں تحریر فرمائیں جو آج بھی بچوں میں مقبول ہیں۔

اسلام کے سپہ سالار، اسلام کیسے پھیلا؟ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کون تھے، سندھی صاحب کی ایسی کتابیں ہیں جن سے ہماری دو نسلیں مستفیض ہو چکی ہیں اور جن کے کئی کئی ایڈیشن شائع ہو کر فروخت ہو چکے ہیں۔

ملازمت سے سبکدوش ہو کر وہ کچھ بجھ سے گئے تھے وہ کام کرنے کے عادی تھے، ہمارے سماجی زندگی کا کتنا بڑا المیہ ہے کہ جب آدمی کام کرنے کے قابل ہوتا ہے تو اسے ریٹائر کر دیا جاتا ہے۔ وہ مصروف رہنا چاہتے تھے چنانچہ ڈاکٹر محمود حسین صاحب نے جامعہ ملیہ سے ان کے لیے ایک بچوں کا رسالہ "ستارہ" شائع کرایا۔ تقریباً تین سال تک سندھی صاحب اس رسالے میں مصروف

سے ڈاکٹر محمد حسین صاحب کے انتقال کے بعد رسالہ بھی بند کر دیا گیا۔ سندھی صاحب پھر بے کار ہو گئے۔ بیگم علاؤ الدین نے سندھی صاحب کو اپنے رسالے "حور" میں کام دیا کافی عرصہ سندھی صاحب اس رسالے کو مرتب کرتے رہے۔ ۱۹۷۰ء میں ان کے جوان بیٹے سہیل کا حادثاتی طور پر انتقال ہو گیا۔ سندھی صاحب کے لیے یہ بہت بڑا صدمہ تھا۔ اس صدمے نے انھیں نڈھال کر دیا — لڑکیوں کی شادیاں ہو گئیں کچھ امریکہ چلی گئیں کچھ لندن — سندھی صاحب اپنے آپ کو تنہا محسوس کرنے لگے — آخری دنوں میں ان کی یادداشت کچھ جواب دے گئی وہ سب کچھ بھول گئے۔ البتہ نماز پابندی سے ادا کرتے اور آخر تک ادا کرتے رہے۔

جناب عبدالواحد سندھی، سندھی اور اردو کے ایک بڑے ادیب ہی نہیں بلکہ ذاتی زندگی میں بھی وہ ایک بڑے انسان تھے، ایسے نیک اور شریف لوگ بہت کم پیدا ہوتے ہیں۔ ان کی یادیں ان کی باتیں، ان کی محبتیں مجھے یاد ہیں۔ کاش اس وقت میں وہ چیک جو انھوں نے مجھے محبت سے پیش کیا تھا وہ واپس نہ کرتا اور اسے سدا اپنے پاس سنبھال کر رکھتا — جو ایک بڑے نیک اور شریف انسان دوست کا میرے لیے ایک بڑا اعزاز تھا۔

(کتاب نمائی دہلی مارچ ۸۸)

آپ سے التماس ہے کہ ازراہ کرم آپ اپنے علاقے کی ہر ادبی شخصیت، لائبریری، ناشر، کتب فروش، اخبار، رسالہ کی تفصیلات سے ہمیں آگاہ کریں علاوہ ازیں ۱۹۸۹ء میں شائع ہونے والی کتابوں اور اخبار و جرائد سے بھی مطلع کریں تاکہ اُن کے بارے میں بھی معلومات کو آئندہ ایڈیشن میں شامل اشاعت کیا جا سکے۔

اس حصے میں شامل تخلیقات کے لئے ہم اُن رسائل و جرائد کے ممنون ہیں جن سے ہم نے یہ افسانے غزلیں نظمیں اور مضامین اخذ کئے ہیں اس کے ساتھ ہی ہم اُن اہلِ قلم کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہیں جن کی تخلیقات اس میں شامل کی گئی ہیں۔

ان تخلیقات کی اشاعت میں حروف تہجی کو پیش نظر رکھا ہے تاکہ کسی ادیب یا شاعر کو امتیاز و تفریق کی شکایت نہ ہو تاہم اگر کہیں غلطی سے ایسا نہ ہو سکا ہو تو اس کے لئے ہم معذرت خواہ ہیں۔

... ہندوستان میں شائع مزید کتابیں ۱۹۸۵

۱: آباد حیدر آباد ہے (طیب انصاری) ۲: آپ سے مخاطب۔ وکٹوریہ میموریل کلکتہ (غلام نبی) ۳: آواز کا سایہ (محمد عبد القادر ادیب) ۴: اُردو الفاظ۔ ایک بین الاقوامی رابطہ (محمد نعیم اللہ خیالی) ۵: اُردو بحیثیت ذریعۂ تعلیم (محمد عبد الرشید ارشد) ۶: اُردو داستان میں ویلن کا تصور (شفیق الاعظمی) ۷: اُردو میں گلدستوں کی روایت (ساحل احمد) ۸: اسلوبیات (شمشاد زیدی) ۹: اشاریہ آج کل اُردو (جمیل اختر) ۱۰: اعجازِ سخن (اسد اللہ خاں اعجاز) ۱۱: انسانی شخصیت کا تصور (ذاکر حسین فاروقی) ۱۲: آئیس بیس (حبیب ضیاء) ۱۳: بامِ ہنر (شکیل رحمانی) ۱۴: بدلتے موسم کی آہٹ (اشعر ہاشمی) ۱۵: برگ نامہ (ساحل احمد) ۱۶: بنکم چندر چٹرجی (مظفر حنفی) ۱۷: بنگال کی زبانوں سے اُردو کا رشتہ (شانتی رنجن بھٹاچاریہ) ۱۸: پرواز (رشیدہ قاضی) ۱۹: پرویز شاہدی حیات و کارنامے (عبد المنان) ۲۰: پھول کا سایہ (حفیظ مومن) ۲۱: پیکرِ خیال (سعید صدیقی) ۲۲: پیوند خستہ بادبان (مختار قریشی) ۲۳: تحریرِ شوق (کے۔ کے رشی) ۲۴: تحمیل و ترسیل (رضوان احمد خاں) ۲۵: ٹھنڈی آگ کا سورج (عشرت بیتاب) ۲۶: جانو پہچانو (ناوک حمزہ پوری) ۲۷: جدید شاعری کا پس منظر (شمیم انور) ۲۸: جنہیں ہم بھول نہیں سکتے (دیویندر گپتا) ۲۹: حرف حرف تبسم (ظہیر ابن قدسی) ۳۰: خاتم النبیین (اقبال احمد انجم) ۳۱: خدنگ جستہ (حمید شوکت) ۳۲: دست نگاریں (رشید شاہجہاں پوری) ۳۳: دکنی شاعری (محمد علی اثر) ۳۴: دکھ کی میٹھی آنچ (کمال الدین کمال) ۳۵: دلی کی درگاہ شاہ مرداں (خلیق انجم) ۳۶: رقصِ نوا (نصرت صدیقی) ۳۷: سراپا منیرا (اختر آنولوی) ۳۸: سرگزشت برگشتہ (جوزف انور) ۳۹: سفر جاری ہے (صلاح الدین نیر) ۴۰: سوانح بہادر یار جنگ جلد اول و دوم (نذیر الدین احمد) ۴۱: شاہنامہ رسالت (جعفر برنی) ۴۲: شعری رویے (زینت اللہ جاوید) ۴۳: شعلۂ گل (مقصود الہ آبادی) ۴۴: شفق کی لہریں (احسن جاوید انصاری) ۴۵: شکست ساز (جعفر رضوی کاکوری) ۴۶: شمع جلتی ہے (رضیہ حکیم) ۴۷: صحرا صحرا اجنبی (رؤف خلش) ۴۸: عبد الغفور شہباز (محمد اختر الحسن) ۴۹: فانوسِ خیال (رضی بدایونی) ۵۰: فصیح الدین بلخی (مظفر بلخی) ۵۱: قوسِ اسماء (نامی نادری) ۵۲: قومی یکجہتی کا مسئلہ (خاور ہاشمی) ۵۳: کربِ احساس (نقی سکندرپوری) ۵۴: کیا گھر کیا خانقاہ (سکندر توفیق) ۵۵: لا صحرائی (ناز صحرائی) ۵۶: لفظ لفظ آئینہ (آر۔ ڈی شرما تاثیر) ۵۷: لفظوں کا حصار (قادم بلخی) ۵۸: لفظوں کا سفر (کاشف بہزادی) ۵۹: محمد علی جوہر (حمید ریاض) ۶۰: معتمد الدولہ آغا میر (انصار اللہ) ۶۱: مجبوری (واحد انصاری) ۶۲: مقناطیس کا علاج (ڈاکٹر پیر محمد رحمانی) ۶۳: میری غزلیں میرے گیت (غلش جگری) ۶۴: نشیب و فراز (امیر چند بہار) ۶۵: نقشِ سنگ (مقیم اثر) ۶۶: نقوشِ ناتمام (ایس پی شرما تفتہ) ۶۷: نئی حاتم (رشید عبد السمیع جلیلی) ●

ک ت ا ب ی ا ت

۱۹۹۰ء میں شائع ہونے والی ہندوستانی کتب کی دستیاب تفصیل

نام کتاب	مصنف/مولف	سائز	صفحات	قیمت	ناشر/تقسیم کار
[illegible]	کالی داس گپتا رضا	کراؤن	۵۰	۲۰	[illegible] پبلیکیشنز بمبئی
آبلہ (افسانے)	احمد ندیم قاسمی	ڈیمائی		۵۰	[illegible] فکر جدید
[illegible]	سلمان علی خاں				
آفتاب اسلام	غلام محی الدین عربی	ڈیمائی			
[illegible]	شہاب [illegible]	ڈیمائی	۱۰۴	۴۰	[illegible] پبلشنگ ہاؤس دہلی
[illegible]	[illegible]	کراؤن	۳۰۸	۳۰	نسیم بکڈپو لکھنؤ
آہٹ (ناول)	الحاج کرنل سید سمیع الحسن	ڈیمائی	۳۱۵	۷۵	دانش محل لکھنؤ
انتخاب کلام اقبال	گیان چند	ڈیمائی	۴۷۳	۱۲۵	اردو ریسرچ سینٹر حیدرآباد
[illegible]	غلام حیدر				
[illegible]	مظفر صدیقی	ڈیمائی	۱۷۶	۴۰	مکتبہ شان ہند دہلی
[illegible]	غلام رسول [illegible]				
اردو شاعری کا مزاج (تحقیق و تنقید)	وزیر آغا	ڈیمائی	۴۴۸	۱۵۰	سیمانت پرکاشن دہلی
[illegible]	[illegible]			۳۰	
[illegible]	[illegible]	کراؤن	۴۰۴	۵۰	نسیم بکڈپو لکھنؤ
[illegible]	یونس اگاسکر	ڈیمائی	۲۳۶	۸۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
[illegible]	ساحل احمد	ڈیمائی	۱۵۲	۲۰	اردو رائٹرز گلڈ الہ آباد
[illegible]	تنویر احمد علوی	کراؤن	۲۸۷	۴۹	اردو اکادمی دہلی
[illegible]	منظر اعظمی	ڈیمائی		۳۶	مکتبہ جامعہ [illegible]
[illegible]	عنوان چشتی	ڈیمائی		۴۵	مکتبہ جامعہ [illegible]
[illegible]	حیات افتخار	کراؤن	۲۷۰	۵۰	نسیم بکڈپو لکھنؤ

اُردو میں سائنسی و تکنیکی ادب	محمد شکیل خاں				
اُردو تذکروں میں سوانحی مسائل کا جائزہ	محمد امین انصاری				
اُردو نثر کا ارتقاء (تحقیق)	عابدہ بیگم	ڈیمائی	۳۴	۱۰۰	دہلی یونیورسٹی دہلی
اشاریہ آج کل (جلد اول)	جمیل اختر	ڈیمائی		۷۵	اردو اکادمی دہلی
اصول تنسوخ نویسی	محمد آفتاب				
اعراب	شمیم شہزاد				
اقبال کے تصورات عشق و خرد	وزیر آغا		۲۵۴	۱۰۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
اکڑے ہوئے لوگ (افسانے)	رام لعل	کراؤن	۳۶۰	۴۰	ادارہ فکر جدید دہلی
البیرونی کے جغرافیائی نظریات	حسن عسکری کاظمی				
الف (شاعری)	یعقوب یاور کوٹی	ڈیمائی	۱۲۰	۸۰	نسیم بک ڈپو لکھنؤ
امید کی کرن (بچوں کے لئے کہانیاں)	تسکین زیدی	ڈیمائی	۶۴	۱۰	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
انتخاب کلام داغ	بیگم ممتاز مرزا	ڈیمائی	۲۲۹	۳/۴	اُردو اکادمی دہلی
انتخاب کلیات جوش	فضل امام	ڈیمائی	۲۰۸	۶۰	مکتبہ جامعہ دہلی
اندھی گلیریں (افسانے)	آنند لہر				
اندھیری راتوں کا تنہا مسافر	شہزاد منظر	کراؤن	۱۳۶	۲۵	نصرت پبلشرز لکھنؤ
انڈین نیشنل کانگریس کی تاریخ	شاہد ماہلی				
انسانیت زندہ ہے	شوکت عظیم	ڈیمائی	۱۱۲	۱۶	عثمانیہ بکڈپو کلکتہ
انیسویں صدی میں اُردو کے تصنیفی ادارے	سمیع اللہ				
انشاء کی بنیاد (تحقیق)	سلیم اختر	ڈیمائی	۳۴۸	۱۰۰	مکتبہ شان ہند دہلی
انتظار حسین کی کہانیاں	رفیعہ شبنم عابدی				
انیس اور دبیر کا تقابلی مطالعہ	سید فدا حسین				
اندیشۂ شہر	اسلم پارہ بنکوی				
ایک اور سیر اشارہ (کہانیاں)	کاظمی مشتاق احمد	ڈیمائی	۱۰۰	۲۵	مصنف آئی سی ہاسپٹل کالونی پھولنے
بادل چھٹ گئے (ناول)	محمود و بشیر	کراؤن	۱۲۴	۵۰	و.بی پبلشرز دہلی
باطن	اختر گورکھپوری				
بازگوئی (افسانے)	سریندر پرکاش	ڈیمائی	۴۳	۵۰	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی
بچوں کے اقبال	یش سروپ	[illegible]	۴۰	۱۰	سیمانت پرکاشن دہلی
بچوں کے غالب	یش سروپ	"	۶	۰	سیمانت پرکاشن دہلی

[illegible]	[illegible]	[illegible]	۴۰	۱۰	سیمانت پرکاشن دہلی
برگ آفتاب	جلیس نجیب آبادی				
برگ تر	ساحل احمد	ڈیمائی			رائٹرز گلڈ الہ آباد
بکھرے موتی (نظمیں)	مرتضیٰ نسیم			۸	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
[illegible]	[illegible]	ڈیمائی	۱۱۲	۵۰	ساہتیہ اکادمی دہلی
بوند بوند	[illegible]				
[illegible]	وسیم احمد اعظمی				
بے چہرہ لوگوں کا سفر (کہانیاں)	ویریندر پٹواری	ڈیمائی	۱۳۶	۴	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
بے لباس لمحے (افسانے)	ستیش بترا		۳۲	۴۰	سیمانت پرکاشن دہلی
پاگل خانہ (ناول)	حجاب امتیاز علی	کراؤن	۲۳۰	۴	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
پتھروں کے گیت	محمود بالیسری		۱۲۸	۲۵	اردو گھر نئی دہلی
پچھلے موسم کا پھول (شاعری)	مظہر امام	ڈیمائی	۱۲۸	۵	آدرش بک ہاؤس سری نگر
پرانی بات ہے (نظمیں)	زبیر رضوی	ڈیمائی	۹۶	۳	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
پس انداز (انشائیے)	[illegible]	کراؤن	۲۵۴	۵۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
پریم چند کے کچھ خطوط (تحقیق)	مانک ٹالا	ڈیمائی	۲۸	۱۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
پوربی دیسوں کی کہانیاں	[illegible] صدیقی	ڈیمائی	۳۴۳	۱۹	
پھول [illegible] بچوں کے لئے	بشیر احمد انصاری	ڈیمائی	۲۸۰	۱۰۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
پھول جیسے لوگ [illegible]	انور رحمان	ڈیمائی	۲۸۰	۱۰۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
پھولوں کے رنگ	اسلم واحدی				
پھول کانٹوں کی سیج پر	شبنم گورکھپوری				
پیارا ہندوستان (بچوں کے لئے)	فضل امام	ڈیمائی	۴۰	۱۰	وجے پبلشرز دہلی
پیاری پیاری کہانیاں بچوں کے لئے	رام لعل			۱۰	
پیغمبر حق (سوانح)	عقیل ہاشمی	کراؤن	۲۴۲	۱۵	سیل کاؤنٹر سیاست حیدرآباد
پیکر خیال (شاعری)	سعد الدین سعد صدیقی		۱۹۲	۲۵	پیراماؤنٹ ایجوکیشن بورڈ
تابشیں	نور الحسن نور گورکھپوری				
تاریخ آصفی	ثروت علی		۱۸۸	۱۰	ترقی اردو بیورو نئی دہلی
تتلیوں کے گیت	عبدالمتین نیاز			۱۰	
تحریک نظم جماعت	ابو سلمان شاہجہانپوری	کراؤن	۳۰۲	۳۰	شاہین بک سیلرز [illegible] دہلی
تخلیقی ساہتیہ [illegible]	رام رتن پنڈوروی			۷۵	

تحریک کی تاریخ	خلیل الرب			۱۸	
تذکرہ مہکشاں جارشت	سید حیات وارثی				
ترجمہ قرآن	مشیر الحق	ٹھانی	۴۰	۸	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
تصورات (تنقید)	عبد المغنی	ڈیمائی	۱۴۸	۶۰	ادارہ فکر جدید دہلی
تصویر سخن	سعید قریشی مراد آبادی				
تصویر غالب (ڈرامہ)	ڈی ۔ اے ۔ پیرسن		۱۴۸	۲۰	اُردو گھر نئی دہلی
تعارف (شاعری)	طلعت عرفانی	کراؤن	۱۱۱	۴۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
تفہیم و تنقید (تنقید)	حامد کاشمیری	ڈیمائی	۱۴۴	۴۰	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
تلاش و تعبیر (تحقیق و تنقید)	رشید حسن خان		۳۰۴	۴۵	اُردو گھر نئی دہلی
تلافی (شاعری)	جاوید ناصر			۱۰	
تنویر رسالت	صوفی اختر قدیر				
تنویر غزل	اقبال بھارتی				
توفیق الحکیم (ناول نگاری کا جائزہ)	بدر الدین الحافظ	ڈیمائی	۱۰۸	۷	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
تیرا غم رہے سلامت (ناول)	عطیہ پروین	کراؤن	۲۴۸	۳۰	نسیم بکڈپو لکھنؤ
جدید فارسی شاعری	محمد تقی علی				
جغرافیہ کی ماہیت اور اس کا مقصد	نفیس احمد صدیقی	ڈیمائی		۱۹	ترقی اُردو بیورو نئی دہلی
جمال ابتدا جلال انتہا (شاعری)	سکندر علی وجد	ڈیمائی			
جواب دوست	نسیم انصاری				
جمہور کا غلام	تزئین عائشہ تاج				
جولیس سیزر (ڈرامہ)	شیکسپیئر / نجیب الرحمٰن	ڈیمائی	۱۳۲	۲۰	ساہتیہ اکادمی نئی دہلی
جوہی کی کلیاں (ناول)	شہناز کنول	کراؤن	۲۱۶	۴۲	نسیم بکڈپو لکھنؤ
جہاد حرف (شاعری)	عزیز بگھروی				
جہانِ افکار	سید مجاور حسین رضوی				
چار شہر ایک کہانی (سفرنامہ)	وحید انور	ڈیمائی	۱۰۲	۲۰	کلاسیک انٹرنیشنل بمبئی ۵۵
چکبست	سرسوتی سرن کیف	ڈیمائی	۱۳۹	۲۰	ساہتیہ اکادمی نئی دہلی
چہرہ چہرہ درق	نسیم فاروقی			۱۷	
چہرہ (افسانے)	ساحل احمد	کراؤن	۱۲۸	۲۰	لٹریری بک سینٹر الہ آباد
حادثے	کرشن موہن جوہری				
حرف اتہام	شہاب الدین ثاقب				
حرف حرف داستان (افسانے)	عظیم اقبال	ڈیمائی	۱۲۷	۴	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی

جہاں داری (تحقیق)	شافع قدوائی	ڈیمائی	۲۴۳	۲۵	مکتبہ جامعہ علی گڑھ
[illegible]	حقیر آستانی				
[illegible] (شعری مجموعہ)	جوہر نعمانی				
[illegible] (تنقیدی مضامین)	آدم نصرت	ڈیمائی	۱۰۳	۲۰	
خواجہ احمد عباس کے افسانے	رام لعل	ڈیمائی	۲۲۳	۷۵	سیمانت پرکاشن دہلی
نواب سید نظام الدین حسن سخن	محمد فہیم [illegible]				
خوشبو (شاعری)	پروین شاکر	کراؤن	۱۶	۱۲/-	مکتبہ شان ہند دہلی
خوشبو	روشن تقی				
خوشبو بن کے لوٹیں گے	دیویندر اسر	ڈیمائی	۸۸	۳۰	پبلشرز اینڈ ایڈورٹائزرز دہلی
خوشبو کا سفر (سفرنامہ)	کیول دھیر			۴۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
حصار (شعری مجموعہ)	یوگیندر بہل تشنہ	ڈیمائی	۱۳۶	۵۰	[illegible] پبلشرز [illegible] دہلی
دسترس	محمد عرفان				
دکنی ادب	قیوم صادق	ڈیمائی	۱۲۸	۲۰	کرناٹک ادبی سرکل گلبرگہ
دو گز زمین (افسانے)	عبدالصمد	ڈیمائی	۲۹۷	۴۰	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی
دھڑکنوں کا سفر	محمد علی شیدا				
دھنک احساس کی (شاعری)	راج نرائن راز	ڈیمائی	۱۲۸	۴۵	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
دیوان غالب کامل	کالی داس گپتا رضا	ڈیمائی	۶۰	۱۴	ساکار پبلشرز بمبئی
ڈوبتا ابھرتا آدمی	رام لعل	کراؤن	۲۴۲	۴۵	مکتبہ شان ہند
[illegible] (افسانے)	ابوالکلام عزیزی	کراؤن	۱۲۸	۱۵	بک امپوریم پٹنہ
[illegible] بچوں کے لئے	[illegible]	۲۰×۲۳/۸	۴۰	۱	ادارہ فکر جدید دہلی
زہر کے پھول (شاعری)	محمد محسن	ڈیمائی	۱۳۶	۲۵	مکتبہ جامعہ دہلی
زندگی کی طرف (ڈرامے)	شمیم حنفی	ڈیمائی	۱۳۶	۳۶	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
[illegible] (ناول)	عباس خان	ڈیمائی	۲۲۴	۷۵	ادارۂ فکر جدید دہلی
[illegible]	ذکاء الدین شایاں			۳۰	
سات سمت کا شاعر	ساحر شیوی	ڈیمائی	۱۴۲	۳	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
[illegible]	سید عشرت سراج				
سلام حق (شاعری)	ادا جعفری	ڈیمائی		۴۵	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
سامان سرخوشی	[illegible]				
سائنس کی تدریس	غلام دستگیر	ڈیمائی	۱۴۴	۳	ترقی اردو بیورو نئی دہلی

سبزۂ گل	شاداں بدایونی				
سچے بول (نظمیں)	گوپال متل	ڈیمائی		۳۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
سراب (شاعری)	مظہر فاروقی	ڈیمائی	۱۱۴	۱۵	مصنف آندھرا یونیورسٹی والٹیر
سرہند میں فارسی ادب	ادریس احمد	ڈیمائی	۲۳۷	۷۰	مصنف
سفر اور سائے (شعری مجموعہ)	اسلم بدر				
سفر جاری ہے	صلاح الدین نیر				
سوانح حیات ملک عنبر	آغا مرزا بیگ				
شاد کا عہد اور فن	نقی احمد ارشاد	ڈیمائی	۳۱۱	۳۰	مصنف
شام و سحر (شاعری)	مغل اقبال اختر	ڈیمائی	۹۶	۳۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
شہر احساس	نسیم سامانی				
شہر صدا	عمر قریشی				
شہر گماں	آشفتہ چنگیزی				
شہنشاہ اشعار۔	تاباں امروہوی نقوی	ڈیمائی	۱۴۴	۱۱	ترقی اردو بیورو نئی دہلی
شہید جستجو ـ ڈاکٹر ذاکر حسین	ضیاالحسن فاروقی الحسن	ڈیمائی	۴۰۷	۷۵	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
صاحب نظراں	غلام رضوی گردش				
صدائے سنگ (شاعری)	محمد سالم	ڈیمائی	۱۴۳	۳۰	بک امپوریم پٹنہ
صبح کی کرن	رشید خاں راہی				
صدف سمندر	شبیر رسول				
صفر	ثروت شفائی				
صلاح الدین پرویز کے خطوط (شاعری)	صلاح الدین پرویز	ڈیمائی	۲۴۴	۴۰	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی
ظفریات	ڈاکٹر احسان اللہ				
عالمی اردو ادب حوالاتی دستاویز	نند کشور وکرم	ڈیمائی	۳۴۴	۸۰	پبلشرز اینڈ ایڈورٹائزرز دہلی
عکس غالب	مسلم انصاری				
علاج رحمت یا زحمت	مرزا انور بیگ			۳۰	
غالب اور انقلاب ستاون	معین الرحمن	ڈیمائی	۲۸۷	۳۰	غالب انسٹی ٹیوٹ دہلی
غبار (شاعری)	صالح ندیم	ڈیمائی	۱۱۲	۷	مصنف دودری پور الہ آباد
غزل کے نئے جہات	محمد عقیل	ڈیمائی	۱۸۴	۷۰	مکتبہ جدید دہلی
غزل نما (غزلیات کا انتخاب)	ادا جعفری	ڈیمائی		۷۵	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
فراق کی شاعری	افغان اللہ خاں				
فرہنگ معارف	کالی داس گپتا رضا	کراؤن	۲۲۸	۵۰	وصل پبلیکیشنز بمبئی

درپن کلیات محمد	نوح احمد برکاتی				
فروغ نثری مباحث اور ادب	شمیم افروز زیدی	ڈیمائی	۳۲۵	۱۰۰	بیسویں صدی پبلیکیشنز نئی دہلی
نشاطِ خواب	نورالحسن ہاشمی				
فصیلِ جاں	احسن نشاط				
نوحہ	یوسف ناظم	ڈیمائی	۱۱۲	۳۰	نئی آواز نئی دہلی
نعیم ہندوستانی کی مکمل سرگزشت	مجیب اشرف	ڈیمائی	۸۸	۱۲	نئی آواز نئی دہلی
قصۂ غالب (نقوش و اسناد)	مسعود حسن رودولوی	ڈیمائی	۳۴۲	۴۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی
کچھ لہجے کچھ چہرے	سعید سہروردی				
کلام نشتر	نشتر قاسم گجوری				
کلیات جوہر	جوہر دیوبندی				
کشف ادب کی تاریخ	آرائیس مولی / رسر محمد حسین	ڈیمائی	۳۰۳	۷۵	ساہتیہ اکادمی نئی دہلی
کتاب ہوس کے دانشگاہ	مشرف کمالی	ڈیمائی	۱۵۹	۵۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس نئی دہلی
کلمہ ای کیمیائی	حکیم مرزا محمد امین				
کہکشاں	شور ملیح آبادی				
کہکشاں کہکشاں	کوثر بریلوی				
گردشِ رنگِ چمن (ناول)	قرۃ العین حیدر	ڈیمائی	۷۰۱	۱۵۰	ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی
کیبرلی باسری سلامت	محمد صدرالاسلام				
گلدستۂ سخن	نکہت سہائے سری واستو				
گلاب رت	مصطفیٰ مومن				
گلشنِ تخیل	کرشن مراری ضیا میرٹھی				
گول سال	شفیقہ فرحت	کراؤن	۱۲	۱۸	نئی آواز نئی دہلی
گویا اور خاندان گویا کی ادبی خدمات	ناہید اشرف				
لسان الصدق	مولانا ابوالکلام آزاد	ڈیمائی		۷۵	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
لسانی فلسفے کے آئینے میں		ڈیمائی	۱۳۲	۳۶	پیش رفت پبلیکیشنز گلبرگہ
لوک غزل	شہاب اشرف				
ماہر لکھنوی	شبیر حکیم				
مبادی کتابیات	کرشن کمار / شہاب انصاری				
مسائل (افسانے)	علی امام نقوی	کراؤن	۱۲۷	۳۰	سیمانت پرکاشن دہلی
متاعِ نور (شاعری)	درشن سنگھ	ڈیمائی	۳۳۸	۵۰	ساون کرپال پبلیکیشنز وجے نگر دہلی
مثنوی جہیز کی لعنت	فردوسی	ڈیمائی	۱۴۸	۳۰	موڈرن پبلشنگ ہاؤس دہلی

مخدوم محی الدین حیات اور شاعری	عطاء الرحمٰن	ڈیمائی	۱۴۴	۳۰	مصنف / مکتبہ جامعہ نئی دہلی
عراقی انیس میں مناظر قدرت	منظر جعفری				
مرزا مظہر جان جاناں	تبارک علی نقشبندی	ڈیمائی	۱۴۴	۲۵	اردو گھر نئی دہلی
معالجات امراض اطفال	علی حیدر جعفری				
معیار سخن	تاج احمد تاج لکھنوی				
مسلمات فن	زار علامی	کراؤن	۱۷۶		مصنف / مکتبہ جامعہ نئی دہلی
ملا وجہی اور انشائیہ	رفیعہ شبنم عابدی				
منزل بہ منزل	پی پیام			۲۸	
من کی گیتا	من موہن لال چھابڑہ				
مور رقص اور تماشائی (افسانے)	نور الحسن				
مولانا آزاد فکر و فن	ملک زادہ منظور احمد	ڈیمائی	۵۴	۷۵	نسیم بکڈپو لکھنؤ
مولانا آزاد کی کہانی	ظفر احمد نظامی	ڈیمائی		۱۸	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
میخانہ شارب	شارب لکھنوی				
میری اخبار نویسی کے چالیس برس	اپندر ناتھ اشک	ڈیمائی	۱۴۸	۵۰	نیا ادارہ الہ آباد
میری قومی نظمیں	جعفر ملیح آبادی				
نروان	آنند لہر	کراؤن	۱۸۵	۳۰	جے کے بک ہاؤس جموں
نشاط درد	عبرت بہرائچی				
نذر خسرو (پہیلیاں)	شان الحق حقی		۱۴۴	۳۰	سیمانت پرکاشن دہلی
نذر مختار	مالک رام	ڈیمائی		۱۰۱	مکتبہ جامعہ نئی دہلی
